★★★DAILY POWER OF PAKISTAN★★★

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی — ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد نمبر 02 | پیر 03 نومبر 2025ء 09 جمادی الاول 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 83

سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بننے پر مبارکباد اور بھرپور تعاون کی پیشکش کی: وزیراعظم

مجھے کسی نے چترال میں دانش اسکول کا نہیں کہا، یہ میرا تحفہ ہے، چترال کے عوام کو ان کا حق دینے آیا ہوں، دانش اسکول سے ہونہار بچوں کو بہترین تعلیمی مواقع مفت میسر آئیں گے

چترال کے عوام کا جدید تعلیم کا خواب شرمندہ تعبیر ہو رہا ہے، دور دراز کے عوام کو سہولتوں کی فراہمی میری ترجیح ہے، وفاقی وسائل سے دور دراز علاقوں میں سہولیات فراہم کر رہی ہیں: وزیراعظم

چترال (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا بننے پر مبارکباد اور بھرپور تعاون کی پیش کش کی ہے، چترال کے عوام محدود (بقیہ نمبر 1)

چترال: وزیراعظم محمد شہباز شریف چترال میں دانش اسکول کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

طبیعت ناسازی، شاہ محمود قریشی ہسپتال منتقل



لاہور (این این آئی) وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کو طبیعت ناساز ہونے پر پی کے (بقیہ نمبر 2)

سنگجانی جلسہ کیس: زین قریشی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے سنگجانی جلسہ کیس میں پی ٹی (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز ملاقات کر رہے ہیں۔

اسموگ کی صورتحال مزید خراب، فضائی آلودگی میں فیصل آباد کا پہلا نمبر

صوبے کے 12 محکمے مشترکہ ایکشن پلان پر عمل درآمد میں مصروف ہیں، مریم اورنگزیب

لاہور/فیصل آباد (این این آئی) پنجاب میں فضائی آلودگی اور اسموگ کی صورتحال دن بہ دن خراب ہونے لگی جس کے باعث فیصل آباد فضائی آلودگی میں پہلے نمبر پر رہا۔ فضائی آلودگی سے متعلق ڈیٹا فراہم کرنے والے عالمی ادارے آئی کیو ائیر کے مطابق فیصل آباد (بقیہ نمبر 4)

6 نومبر کے مذاکرات میں مثبت نتیجے کی امید ہے، پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور افغانستان کا جنگ بندی جاری رکھنے پر اتفاق

جنگ بندی کے نفاذ کے مزید طریقہ کار پر تفصیلی غور وخوض 6 نومبر کو استنبول میں ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کیا جائیگا، ترک وزارت خارجہ

استنبول (این این آئی) پاکستان اور افغانستان نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ رواں ماہ کے اوائل میں سرحدی جھڑپوں اور تعلقات میں تیزی سے بگاڑ کے بعد دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی کو برقرار رکھا جائیگا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی اور افغان طالبان وفود کے درمیان بات چیت کے دوسرے دور کا آغاز ہفتے کو استنبول میں ہوا تھا تاہم کابل سے مسلسل دہشت گرد حملوں پر اسلام آباد کی دیرینہ تشویش ایک بڑا اختلافی (بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکانِ اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز کی ملاقات

ترقیاتی منصوبوں اور عوامی خدمت کے ایجنڈے پر تبادلہ خیال، فیصل آباد کو الیکٹرو بس سروس فراہم کرنے پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فیصل آباد ڈویژن کے ارکانِ اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں فیصل آباد ڈویژن کے جاری اور آئندہ ترقیاتی منصوبوں، سیاسی منظرنامے اور عوامی خدمت کے ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 8)

پنجاب بھر میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر ہر قسم کی پابندی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فتنہ فساد پھیلانے والے خبردار ہوجائیں، پنجاب کے لئے امن کا ڈیجیٹل حصار تیار ہو (بقیہ نمبر 7)

قبضہ مافیا کا باب ہمیشہ کیلئے بند

نجی اراضی پر قبضے کا فیصلہ 90 دن میں ہوگا: مریم نواز

پنجاب پروٹیکشن آف اونرشپ ایم موایبل پراپرٹی آرڈیننس 2025ء کی منظوری، سالوں سے قبضہ کیسوں میں عدالتوں کے چکر لگانے والے سائلین کیلئے ڈِسپیوٹ ریزولیشن کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ

پنجاب کے ہر ضلع میں ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی قائم کرنے پر اتفاق، ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کے فیصلے کی اپیل ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں قائم خصوصی ٹربیونل بھی فیصلہ 90 دن کے اندر کرنے کا پابند ہوگا

لاہور (این این آئی) جس کی ملکیت، اسی کا قبضہ……وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں قبضہ مافیا کا باب ہمیشہ کے لئے بند کر دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے عوام کی ملکیت ہتھیانے والوں سے نمٹنے کے لئے پنجاب پروٹیکشن آف اونرشپ ایم موایبل پراپرٹی آرڈیننس 2025ء کی منظوری دے دی۔ اراضی پر قبضے چھڑانے کے لئے سالوں سے عدالتوں کے چکر لگانے والے سائلین کے لئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پنجاب میں اب ہر قبضہ کیس کا فیصلہ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی (بقیہ نمبر 10)

لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

پیپلز پارٹی کشمیر میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں ہے، بلاول بھٹو زرداری

کشمیر کے مسائل کا سیاسی حل موجود ہے اور مسائل کا حل نکالنا ہی پیپلز پارٹی کی پہچان ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہماری جماعت آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں آ گئی ہے، کشمیر کے مسائل کا سیاسی حل موجود ہے اور مسائل کا حل نکالنا ہی پیپلز پارٹی کی پہچان ہے۔ پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 9)

چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے دوبارہ کابینہ کا حصہ بننا اصل انعام ہے، مزمل اسلم

پشاور (این این آئی) مزمل اسلم نے کہ چیرمین پی ٹی آئی عمران خان کے دوبارہ اعتماد پر شکریہ ادا کرتے (بقیہ نمبر 13)

حکمران طبقے کے اقدامات مایوسی پھیلا رہے ہیں، حافظ نعیم الرحمن

جعفر آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بلوچستان (بقیہ نمبر 12)

جو آئمہ مساجد 25 ہزار لینا چاہیں لے لیں جو نہیں لینا چاہتا نہ لے، طاہر محمود اشرفی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ملک میں 15 (بقیہ نمبر 11)

امید ہے اب دہشتگرد کارروائیاں نہیں ہوں گی: عطا تارڑ

جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے والے فریق کے خلاف سزا کا تعین کیا جائے گا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ امید ہے اب دہشت گرد کارروائیاں نہیں ہوں گی، جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے والے فریق کے خلاف سزا کا تعین کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں عطا تارڑ نے کہا کہ قطر اور ترکیے کی مدد سے (بقیہ نمبر 14)

سکولوں کے بعد کالج اساتذہ کی بھی ریشنلائزیشن کا فیصلہ

پنجاب کے 750 کالجز کے اساتذہ کی ریشنلائزیشن جلد شروع ہو رہی ہے

لاہور (این این آئی) سکولوں کے بعد کالجز کے اساتذہ کی بھی ریشنلائزیشن کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ پنجاب کے 750 سے زائد کالج اساتذہ کی انرولمنٹ کی بنیاد پر ریشنلائزیشن ہوگی۔ سٹوڈنٹ ٹیچر ریشو کے تحت سرپلس اساتذہ ریشنلائزیشن پالیسی کے زمرے میں آئیں گے۔ جس کالج میں جتنے اساتذہ کی ضرورت ہوگی، وہاں اس سے زائد اساتذہ کو دیگر کالجز میں ٹرانسفر کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ کم انرولمنٹ والے کالجز کے (بقیہ نمبر 15)

نواز شریف کا بیرسٹر عثمان ابراہیم کو ٹیلیفون، اہلیہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے سابق رکن قومی اسمبلی بیرسٹر عثمان ابراہیم سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ نواز شریف نے ان کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے لیے (بقیہ نمبر 16)

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا وزیراعظم شہباز شریف سے رابطہ

چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان نے مقامی حکومتوں کے استحکام کے لئے پنجاب اسمبلی کی منظور کی گئی قرارداد پر مبارکباد دی

کراچی (این این آئی) چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلیفونک رابطہ، وفاقی وزیر تعلیم نے مقامی حکومتوں کے استحکام کے لئے پنجاب اسمبلی کی منظور کی گئی قرارداد پر وزیراعظم کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد جمہوریت کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لئے اہم سنگ میل ہے اور اس قرارداد کے منظور ہونے پر پوری قوم پنجاب اسمبلی کی مشکور ہے، خالد مقبول صدیقی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اب انشاءاللہ اب (بقیہ نمبر 17)

بیرونی جارحیت کا جواب سخت اور شدید ہوگا: ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان نے دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف موثر اقدامات کیے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

ایبٹ آباد (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ایک بار پھر خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج دفاع وطن کے لیے پرعزم ہے، کسی بھی بیرونی جارحیت کا جواب سخت اور شدید ہوگا۔ ایبٹ آباد میں مختلف جامعات کے اساتذہ اور طلبا سے نشست کے دوران ڈی جی آئی ایس پی آر نے خصوصی گفتگو کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے ساتھ خصوصی نشست میں اساتذہ اور طلبا کی بڑی تعداد (بقیہ نمبر 29)

اڈیالہ سمیت پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں سے ملاقات کیلئے موبائل ایپ متعارف

قیدیوں اور حوالاتیوں سے ملاقات کے لیے ایڈوانس بکنگ کروائی جا سکے گی، مراسلہ جاری

لاہور (این این آئی) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل سمیت پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں سے ملاقات کے لیے موبائل ایپ متعارف کروادی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایپ کے ذریعے قیدیوں اور حوالاتیوں سے ملاقات کے لیے ایڈوانس بکنگ کروائی جاسکے گی، ملاقات ایپ کو گوگل پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے پنجاب بھر کی تمام جیلوں کے سپرنٹنڈنٹ کو مراسلہ جاری کر دیا گیا۔ ایپ کے استعمال کے لیے ہر جیل کے انچارج پی ایم آئی ایس (پریزنرز مینجمنٹ (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک اور ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا بھی موجود ہیں۔

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ ڈیرہ غازی خان میں دھی رانی پروگرام کے تحت نو بیاہتا جوڑوں کو سلامی کے چیک دے رہے ہیں۔

تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو مؤثر انداز میں جانچنے کیلئے مانیٹرنگ سیل قائم

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن (ایف ڈی ای) نے تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو مؤثر انداز میں جانچنے کے لیے مانیٹرنگ سیل قائم کر دیا ہے۔ یہ سیل ایف ڈی ای ہیڈکوارٹرز میں قائم کیا گیا ہے اور اس کا مقصد مانیٹرنگ اور ایویلیوایشن کے نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ ایف ڈی ای حکام کے (بقیہ نمبر 30)

لاہور، این سی سی آئی اے کے 6 افسران کا مزید 3 روزہ جسمانی ریمانڈ، سوا 4 کروڑ روپے برآمد

لاہور (این این آئی) ضلع کچہری لاہور نے رشوت لینے کے مقدمے میں این سی سی آئی اے کے 6 افسران کا مزید تین دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا، عدالت نے ملزمان کو 3 نومبر کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ ضلع کچہری لاہور کی عدالت میں این سی سی آئی اے افسران کے خلاف رشوت کے الزام میں گرفتار این سی سی آئی اے کے 6 افسران کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 31)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور فیصل آباد میں انٹیگریٹڈ کمانڈ کنٹرول اینڈ کمیونیکیشن سنٹر (IC) کے دورے کے دوران افسران کو ہدایات دے رہے ہیں۔

چوروں کی طرح داخل ہونے والے پناہ گزین نہیں دہشتگرد ہیں: خواجہ آصف

یہ کیسے پناہ گزین ہیں جو اپنے گھروں میں انتہائی تباہ کن اسلحے سے مسلح ہو کر جا رہے ہیں، وزیر دفاع کا افغان رہنماؤں کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے افغان وفد کے اس دعوے کو مضحکہ خیز اور غیر منطقی قرار دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ٹی ٹی پی کے دہشت گرد افغان سرزمین پر دراصل پاکستانی پناہ گزین ہیں جو اپنے گھروں کو واپس جا رہے ہیں۔ خواجہ آصف نے سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں سوال اٹھایا کہ یہ کیسے پناہ گزین ہیں جو اپنے گھروں میں انتہائی تباہ کن اسلحے سے مسلح ہو کر جا رہے ہیں اور وہ بھی سڑکوں (بقیہ نمبر 19)

بلوچستان کے عوام اور فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خاتمے تک ریاستی مشینری پوری قوت سے متحرک رہے گی، میر سرفراز بگٹی

صحبت پور (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعہ کو صحبت پور پہنچے جہاں انہوں نے بھاگ ناڑی میں دہشت گردوں سے مقابلے میں شہید ہونے والے ایس ایچ او لطف علی کھوسہ اور کانسٹیبل محمد اعظم کے اہل خانہ سے ملاقات کی وزیر اعلیٰ نے شہداء کے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور ان کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایس ایچ او لطف علی کھوسہ اور ان کی ٹیم نے جرات، دلیری اور جوانمردی سے دہشتگردوں (بقیہ نمبر 32)

دھی رانی پروگرام کے تحت 118 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب

رواں سال پنجاب بھر کے 5 ہزار مستحق جوڑوں کی شادی کروائی جائیگی، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب کے فلاحی منصوبے دھی رانی پروگرام کے تحت 118 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کی پر وقار تقریب ایک مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں سرکاری افسران، سیاسی وسماجی رہنماؤں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ دلہنوں اور دلہاؤں کے چہروں پر خوشی نمایاں تھی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، کمشنر ڈیرہ غازی خان (بقیہ نمبر 22)

وزیر بلدیات کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا جائزہ اجلاس

میگا پراجیکٹ شہریوں کیلئے ریلیف کا باعث بنا، ہر علاقے میں بلاتفریق کام ہو رہا ہے، ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت ٹاؤن ہال میں ایک اجلاس کے دوران لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی ذیشان ملک نے بھی شرکت کی۔ ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ/ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا اور مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید غفران احمد نے صوبائی وزر کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات (بقیہ نمبر 20)

پشاور، خیبر پختونخوا کی 10 رکنی نئی کابینہ نے حلف اٹھالیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی نئی 10 رکنی کابینہ نے حلف اٹھالیا، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے نئے وزرا سے حلف لیا۔ نئی صوبائی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس پشاور میں منعقد کی گئی، تقریب میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اراکین اسمبلی اور اعلیٰ سول حکام (بقیہ نمبر 21)

لوکل گورنمنٹ کیلئے اگر 27 ویں ترمیم کرنی پڑتی ہے تو فوراً کریں: ملک محمد احمد خان

بلدیاتی اداروں کو سیاسی، انتظامی اور مالیاتی اختیارات دیئے جائیں، مقررہ وقت پر انتخابات کرانا لازمی قرار دیا جائے

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی اداروں کو سیاسی، انتظامی اور مالیاتی اختیارات دیئے جائیں، لوکل گورنمنٹ کے لیے اگر 27 ویں ترمیم کرنی پڑتی ہے تو فوراً کریں، مقامی حکومتوں کے معاملے پر کھل کر بات ہونی چاہیئے، مقررہ وقت پر انتخابات کرانا لازمی قرار دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اسپیکر ملک احمد خان نے (بقیہ نمبر 33)

پنجاب میں منشیات فروشوں کے خلاف کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کا کریک ڈاؤن جاری

انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیوں میں 9 خطرناک منشیات فروشوں گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ برآمد

لاہور (این این آئی) پنجاب میں منشیات فروشوں کے خلاف کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے جاری کریک ڈاؤن کے دوران گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر 9 کامیاب کارروائیاں عمل میں لائی گئیں جن میں 4 راولپنڈی، 3 لاہور اور 2 ملتان میں کی گئیں۔ مذکورہ کارروائیوں میں 9 خطرناک منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا۔ ان نو ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات اور (بقیہ نمبر 24)

لاہور پولیس اور پرائم ہیلتھ ہب کے درمیان معاہدہ طے پا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس اور پرائم ہیلتھ ہب کے درمیان معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق معاہدہ طے پا گیا۔ جس کے تحت لاہور پولیس کے شہداء، غازیوں اور حاضر سروس ملازمین کو خصوصی رعایتی (بقیہ نمبر 23)

کوئٹہ، موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان میں کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ موبائل فون ڈیٹا سروس امن وامان کی صورتحال کے باعث 24 گھنٹے کے لیے بند کی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کا بتانا ہے کہ موبائل فون ڈیٹا سروس آج رات 12 بجے (بقیہ نمبر 25)

لاہور: وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نیشنل سکول آف پبلک پالیسی لاہور میں سرٹیفکیشن ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، کامران بارہ دری کی توسیع اور اپ گریڈیشن منصوبے بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ کا فائر سیفٹی اقدامات تیز کرنے کا اعلان

این ایف ای اچ کی 15 ویں فائر سیفٹی کانفرنس اور ایوارڈز میں تمام متعلقہ محکمے آگاہی مہم میں شریک ہوں گے

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں فائر سیفٹی کے مؤثر اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتے ہوئے آتشزدگی کے واقعات باعث تشویش ہیں، جنہیں روکنے کے لیے سخت نگرانی، بہتر منصوبہ بندی، اور عوامی آگاہی مہم وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ بات (بقیہ نمبر 34)

میانوالی پولیس کی جانب سے غیر قانونی افغان باشندوں کا انخلا جاری

میانوالی (این این آئی) میانوالی پولیس کی جانب سے غیر قانونی افغان باشندوں کا انخلا جاری، تھانہ صدر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی افغان باشندے رہائش پزیر تھے حکومتی احکامات کی روشنی میں ڈی پی او میانوالی کیپٹن (ریٹائرڈ) رائے محمد اجمل کی خصوصی ہدایات (بقیہ نمبر 35)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سیفٹی ٹیموں کی ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کی زیر نگرانی ملاوٹ مافیا کے خلاف بڑا ایکشن

فوڈ سیفٹی ٹیم کا کوٹ شہباز خاں میں واقع شان علی ملک یونٹ پر چھاپہ، دوران چیکنگ کیمیکل ملا 650 لیٹر زہریلا دودھ موقع پر تلف

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی پنجاب محمد عاصم جاوید اور ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز راؤ عبید الرحمن کی زیر نگرانی کیمیکل ملے زہریلہ دودھ بنانے والے مافیا کے خلاف بھرپور ایکشن جاری۔ (بقیہ نمبر 37)

میانوالی کے رہائشی کار سوار سمگلر منشیات کی بھاری مقدار سمیت گرفتار

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے رہائشی کار سوار سمگلر منشیات کی بھاری مقدار سمیت گرفتار، لالہ موسیٰ ضلع گجرات پولیس کی (بقیہ نمبر 36)

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، پیپلز پارٹی آزاد جموں وکشمیر کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

کچھی، سیکورٹی فورسز کی کارروائی، کالعدم تنظیم کے 5 کارندے ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی کالعدم تنظیم کے چھ کارندے ہلاک کر دیئے سرکاری ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے کچھی کے ایک دہشت گردوں کے ٹھانے پر خفیہ اداروں کی جانب سے (بقیہ نمبر 27)

کالعدم تحریک لبیک کے سابق ٹکٹ ہولڈرز کا پارٹی سے لاتعلقی کا اعلان

افواج کے ساتھ سرحدوں پر دشمن کے ناپاک عزائم کو مٹانے کے لیے ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے، پریس کانفرنس

ملتان (این این آئی) کالعدم تحریک لبیک پاکستان کے سابق ٹکٹ ہولڈرز نے ٹی ایل پی سے اظہار لاتعلقی کر دیا۔ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے جنوبی پنجاب کے سابق ٹکٹ ہولڈرز نے کالعدم ٹی ایل پی کی سیاست سے اظہار لاتعلقی کرتے ہوئے کہا کہ کالعدم ٹی ایل پی سے بغیر کسی دباؤ کے الگ ہو رہے ہیں اور یہ فیصلہ کسی بھی دباؤ کے تحت نہیں بلکہ شہدا کے خون کے احترام میں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی اور پاک افواج کے ساتھ کھڑے ہیں، (بقیہ نمبر 26)

سرحد پار دہشتگردی کو روکنے کی ذمہ داری افغانستان کی ہے: بیرسٹر عقیل ملک

مذاکرات کے دوران پاکستانی وفد دلائل اور شواہد کے ساتھ ڈٹا رہا، وزیر مملکت برائے قانون وانصاف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ استنبول مذاکرات کے بعد پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی نے پاکستان کے موقف کو ثابت کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ دنوں سے پاکستان نے اہم بات چیت کے دوران افغانستان سے دہشت گردانہ سرگرمیوں کو مؤثر طریقے سے روکنے اور ہندوستانی حمایت یافتہ دہشت گرد گروہوں (بقیہ نمبر 28)

پردیس کی تنہائی: دولت کے پیچھے کھوئی جوانی

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

(بریڈفورڈ، انگلینڈ)

engr.bakht@gmail.com

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلمِ حق

(بریڈفورڈ، انگلینڈ) میں پاکستان جارہا تھا لیکن میرا سٹے بحرین ایئرپورٹ میں تین گھنٹے کا تھا۔ ایئرپورٹ کی وہ بڑی ہال، جہاں لوگ اپنے اپنے سفر کی کہانیاں لیے بھاگتے پھرتے ہیں، وہاں انتظارگاہ میں میرے سامنے ایک پردیسی بیٹھا تھا، جو چھٹی پر جارہا تھا اپنا وطن دیکھنے۔ وہ شخص نہایت تھکا ہوا لگ رہا تھا، جیسے زندگی کی لمبی دوڑ نے اس کے جسم پر چھاپ چھوڑ دی ہو۔ اس کے چہرے کی کاسنی دھوپ کے نشانات کے ساتھ، آنکھوں میں نیند کی کمی، اور لہجے میں تھکن کی جھلک واضح تھی۔ ہر بار جب وہ اپنی ٹوپی کی نچلی سرحد کو تھامتا، ایسا لگتا جیسے دنیا کی بھاری ذمہ داریوں نے اس کے کندھوں پر وزن ڈال رکھا ہو۔ میں نے ہمت کی اور پوچھا: "کب سے ہو یہاں؟" اس کی آنکھوں میں ایک عجیب سی روشنی تھی، اور مسکراہٹ اس کی تھکن کے باوجود کچھ سکون دیتی تھی، لیکن وہ مسکراہٹ ایسی تھی جیسے کوئی پرانا زخم پھر سے ہل گیا ہو، درد کے ساتھ یادوں کا احاطہ لیے۔ وہ ایک لمحے کے لیے خاموش رہا، پھر کہا: "بیس سال ہوگئے ہیں، صاحب۔" اس کا لہجہ سیدھا، مگر بھرپور تھکن بھرا تھا۔ میں نے دوبارہ پوچھا: "کیا حاصل ہوا؟" اس نے سر ہلایا اور دھیرے سے بولا: "پیسہ...... اور کچھ نہیں۔" اس کے الفاظ میں ایک درد چھپا ہوا تھا، جو کسی عام گفتگو سے زیادہ دل پر اثر کر رہا تھا۔ پھر اس نے لمحہ بھر کو خاموشی اختیار کی، گویا کہ وہ اپنی یادوں کی گہرائیوں میں جارہا ہو، اور آہستہ سے بولا: "صاحب، اگر کوئی مجھ سے پوچھے کہ دولت کے بدلے میں کیا دیا، تو میں کہوں گا جوانی۔" میں نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔ وہ اب بھی مسکرا رہا تھا، مگر آنکھوں میں چھپی ہوئی نمی نے وہ سب کچھ بیاں کر دیا جو الفاظ بیان نہیں کر سکتے تھے۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے ہر کامیابی کے ساتھ، ایک قیمتی لمحہ اس کی زندگی سے چھن گیا ہو۔ اس نے بات جاری رکھی: "جب میں یہاں آیا تھا، تو ماں کے ہاتھوں کی بنی ہوئی روٹی، باپ کے سایے، دوستوں کی محفلیں سب پیچھے چھوڑ آیا۔ سوچا تھا دو تین سال کام کر کے واپس جاؤں گا۔ لیکن دو تین سال، دس بن گئے، اور اب بیس ہوگئے ہیں۔ اب ماں قبر میں ہے، باپ بیمار، بہنوں کے بچے اسکول جاتے ہیں، اور میں آج بھی یہاں انہی ٹن کے کمروں میں ہوں، ان دیواروں کے بیچ، جن میں ہر چیز میکانیکی اور سرد ہے۔" میں خاموش رہا، اس کی باتوں نے میرے دل میں بھی ایک خالی پن پیدا کر دیا۔ وہ بولا: "صاحب، پردیس بہت کچھ دیتا ہے، عزت، پیسہ، سہولت، لیکن اس کی قیمت صرف ایک ہے: تنہائی۔ یہاں ہر دن آپ کو یہ یاد دلاتا ہے کہ آپ نے جو چھوڑا ہے وہ واپس نہیں آ سکتا۔ آپ اگر وہ برداشت کر سکتے ہیں تو آ جائیں، لیکن یاد رکھیں، یہاں ہر کامیابی کے پیچھے پسینے کے ساتھ آنسو بھی شامل ہوتے ہیں، اور یہ آنسو اکثر کسی کے ساتھ شیئر نہیں ہوتے۔" میں نے سوچا کہ شاید ہر کامیاب انسان کی زندگی کے پیچھے ایک داستان چھپی ہوتی ہے، جو آنکھوں میں چھپی ہوئی تنہائی، دل کی گہرائیوں میں چھپی ہوئی اداسی اور ان لمحوں کا مجموعہ ہوتی ہے جو کبھی واپس نہیں آئے۔ ہر کامیابی کے ساتھ ایک قیمت چکائی جاتی ہے، اور یہ قیمت اکثر دنیا کے سامنے نظر نہیں آتی۔ کامیابی کی روشنیاں ہمیں بہکاتی ہیں، مگر حقیقت میں دل کے اندر ایک چھپا ہوا خالی پن بھی ہمیشہ رہتا ہے۔ میں نے محسوس کیا کہ دولت کا حصول انسان کو طاقت ضرور دیتا ہے، انسان یہاں سب کچھ کما سکتا ہے، لیکن وہ محبت، قربت، اور انسانیت کی گرمائش کبھی مکمل طور پر حاصل نہیں کر سکتا۔ وہ آدمی بولا: "یہاں وقت کا حساب ہے، ہر لمحہ قیمتی ہے، لیکن آپ کی یادیں، آپ کا دل، آپ کی جوانی پیچھے رہ جاتی ہے۔ یہ وہ خزانہ ہے جس کی کوئی قیمت نہیں، اور جو ایک بار گم ہو جائے، وہ واپس نہیں آتا۔" میں نے دل ہی دل میں سوچا کہ کتنے لوگ ہیں جو اپنی زندگی کے سب سے قیمتی سال اس طرح گنوا دیتے ہیں، کہ پیسہ تو کماتے ہیں، مگر خود کو، اپنے رشتوں کو اور خوشیوں کو کھو دیتے ہیں۔ پردیس میں کامیابی کے نام پر ہم اکثر اپنی ذاتی زندگی کو نظرانداز کر دیتے ہیں، اور پھر جب سال گزر جاتے ہیں تو پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ یہ آدمی ایک مثال تھا کہ زندگی کے اصل خزانے پیسہ نہیں بلکہ وقت، محبت اور تعلقات ہیں۔ یہ بات اتنی عام لگتی ہے مگر حقیقت میں ہر انسان کے لیے اسے سمجھنا بہت مشکل ہے۔ انسان جب اپنی زندگی کا سب سے قیمتی حصہ، جوانی اور تعلقات، کھو دیتا ہے، تب اسے احساس ہوتا ہے کہ پیسہ کبھی سب کچھ نہیں بدل سکتا۔ میں نے اس سے پوچھا: "کیا آپ کو کوئی افسوس نہیں؟" وہ بولا: "افسوس ہمیشہ رہتا ہے، مگر میں نے جو انتخاب کیا وہ ضروری تھا۔ لیکن ہر دن اس تنہائی کا سامنا کرنا، یہ سب سے بڑی قیمت ہے۔ آپ کامیابی کے پیچھے بھاگتے رہیں، لیکن یاد رکھیں، کامیابی کا ہر لمحہ اپنی قیمت رکھتا ہے، اور یہ قیمت صرف پیسہ نہیں بلکہ آپ کی یادیں، آپ کا دل اور آپ کی جوانی بھی ہوسکتی ہے۔" میں نے سوچا کہ شاید ہر کامیاب انسان کی زندگی کے پیچھے ایک داستان ہوتی ہے، جو آنکھوں میں چھپی ہوتی ہے اور دل کی گہرائیوں میں چھپی ہوئی تنہائی سے بھری ہوتی ہے۔ ہر کہانی میں خوشی اور کامیابی کے ساتھ اداسی بھی چھپی ہوتی ہے، اور یہ اداسی کبھی مکمل طور پر بیان نہیں کی جا سکتی۔ ہم سب دولت کے پیچھے بھاگتے ہیں، لیکن اکثر یہ بھول جاتے ہیں کہ پیسہ وہ وقت کبھی واپس نہیں لاسکتا جو ہم نے اپنے بچوں کے ساتھ نہیں گزارا، ماں کے لمس کو محسوس نہیں کیا، یا باپ کی نصیحتوں کے لمحات سے محروم رہے۔ وہ لمحے جو جوانی کی گلیوں میں ضائع ہو گئے، وہ کبھی واپس نہیں آتے، اور اسی لیے ہر کامیابی کا سکون بھی ادھورا لگتا ہے جب دل خالی ہو اور یادیں بے رنگ ہوں۔ یہ حقیقت ہے کہ ہم زندگی میں سب کچھ حاصل کر سکتے ہیں، مگر اپنی سب سے قیمتی چیز، وقت اور تعلقات کی قیمت میں کمی کبھی پورا نہیں کر سکتے۔ پردیس میں قسمت ضرور چلتی ہے، مگر اس کے ساتھ ایک تلخ حقیقت بھی ہوتی ہے، ہر کامیابی کی قیمت صرف محنت نہیں، بلکہ تنہائی، یادیں اور گزرے ہوئے لمحات بھی ہوتی ہیں۔ آپ اپنی جوانی، اپنے خواب، اور کبھی کبھی اپنی محبتیں بھی قربان کرتے ہیں، اور یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جو زندگی کے آخر میں سب سے زیادہ یاد آتے ہیں۔ ہر وہ شخص جو پردیس کی راہوں پر نکلتا ہے، اسے یہ حقیقت سمجھنی چاہیے کہ کامیابی کا حقیقی پیمانہ صرف مالی فائدہ نہیں بلکہ وہ سکون اور محبت ہے جو ہم اپنی زندگی میں اپنے قریبی لوگوں کے ساتھ بانٹتے ہیں۔ پردیس کی راہیں کٹھن ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ اگر انسان اپنی بنیادیں مضبوط رکھے، وقت کی قدر کرے، اور اپنے تعلقات کو کبھی نظرانداز نہ کرے، تو یہ سفر بظاہر مشکل ہونے کے باوجود قابلِ برداشت ہوسکتا ہے۔ کامیابی کا سفر صرف دولت یا مقام حاصل کرنے کا نام نہیں، بلکہ یہ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ زندگی کے سب سے قیمتی لمحات، ہمارے تعلقات، یادیں، اور محبتیں کبھی بھی پیسہ یا شہرت سے نہیں خریدا جاسکتا۔ میں وہ دن کبھی نہیں بھولا، اور آج بھی جب بھی کسی پردیسی سے ملاقات ہوتی ہے، میں اس کی آنکھوں میں وہی کہانی دیکھتا ہوں، جو الفاظ میں بیان نہیں کی جا سکتی۔ وہ داستان ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ زندگی کے اصل خزانے پیسہ یا شہرت نہیں، بلکہ محبت، یادیں، اور تعلقات ہیں۔ یہی خزانے ہیں جو انسان کو حقیقی معنوں میں انسان بناتے ہیں، اور یہی چیزیں ہیں جو زندگی کو سچ میں خوبصورت اور قابلِ قدر بناتی ہیں۔

قلم کا قرض اور سچ کی مشعل

تحریر: راجہ شہزاد حمید

دنیا بھر میں آج عالمی حقوق یومِ صحافت منایا جا رہا ہے۔ یہ دن اُن بے خوف اور بااصول صحافیوں کے نام ہے جو سچ کی تلاش میں ہر خطرہ مول لیتے ہیں، جو ظلم کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں، اور جو اپنی قوم کو اندھیروں سے نکالنے کے لیے روشنی کا کام کرتے ہیں۔ صحافت محض خبررسانی کا عمل نہیں، بلکہ یہ ایک پیغمبری مشن ہے انبیاء کرام علیہم السلام کی جدوجہد بھی سچائی اور ہدایت کے پیغام کی ترسیل تھی، اور ایک سچا صحافی اسی راہ کا مسافر ہوتا ہے۔ وہ بھی قوم کو اندھیروں سے نکالنے کی کوشش کرتا ہے، ظلم کے خلاف کلمۂ حق بلند کرتا ہے، اور باطل کے سامنے ڈٹ جاتا ہے۔ قلم اللہ کی وہ نعمت ہے جس کی قسم خود ربِ کائنات نے قرآن میں کھائی ن والقلم وما یسطرون یہ آیت ہمیں یاد دلاتی ہے کہ قلم کا استعمال عبادت ہے، اگر اس سے سچ لکھا جائے، انصاف کا ساتھ دیا جائے، اور حق کی گواہی دی جائے۔ قلم کی جنگ میدانوں کے بغیر لڑائیاں۔ تاریخ گواہ ہے کہ دنیا کی بڑی انقلابی تحریکیں تلوار سے نہیں، قلم سے شروع ہوئیں۔ اقوام نے آزادی حاصل کی، ظلم کے نظام ٹوٹے، اور معاشرے بیدار ہوئے۔ یہ سب کچھ صحافیوں اور لکھاریوں کے قلم کی بدولت ممکن ہوا۔ لیکن یہ جنگ آسان نہیں ہوتی۔ صحافی کا سب سے بڑا ہتھیار اس کی ایمانداری، غیر جانبداری، اور جرأتِ اظہار ہے۔ پاکستانی صحافیوں پر مظالم اور قربانیاں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں صحافت ہمیشہ دباؤ، خطرات اور تشدد کے سائے میں رہی ہے۔ یہاں سچ بولنے والا اکثر نشانہ بنتا ہے۔ کسی کو لاپتہ کیا جاتا ہے، کسی پر جھوٹے مقدمات، کسی پر معاشی پابندیاں۔ کئی بہادر صحافی ایسے بھی ہیں جنہوں نے قوم کے حق میں بولنے کی پاداش میں اپنی جانیں نچھاور کر دیں ان میں بعض کے نام تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے گئے اور کچھ بے نام شہید ہیں جن کا ذکر کہیں نہیں مگر جن کی قربانیوں سے سچائی کا چراغ آج بھی روشن ہے پاکستان کے مختلف ادوار میں صحافیوں نے آمریت، کرپشن ناانصافی اور استحصالی نظام کے خلاف آواز اٹھائی۔ کئی اخبارات بند کیے گئے، چینلوں پر پابندیاں لگیں، مگر صحافت زندہ رہی۔ کیونکہ یہ ایک جذبہ ہے، جو دلوں سے مٹایا نہیں جاسکتا۔ پیشہ نہیں، خدمت اور قربانی کا راستہ۔ صحافت اُن چند پیشوں میں سے ایک ہے جہاں سچ بولنے کی قیمت کبھی کبھی زندگی سے ادا کرنی پڑتی ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو سچ بولنے کے جرم میں جیل جاتے ہیں، مگر ضمیر بیچنے سے انکار کرتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں نیند کم، مگر خواب بڑے ہوتے ہیں انصاف، سچائی اور عوامی بھلائی کے خواب۔ فاسٹ میڈیا گروپ سچائی اور عوامی خدمت کی پہچان۔ گزشتہ تین سالوں میں فاسٹ میڈیا گروپ نے جس تیزی سے عوام کے دلوں میں جگہ بنائی ہے، وہ اپنی مثال آپ ہے۔ یہ ادارہ محض خبروں کا نہیں بلکہ عوامی خدمت، شفافیت، اور سچائی کے فروغ کا علمبردار بن چکا ہے فاسٹ میڈیا گروپ نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ خبر کو خبر کے طور پر پیش کیا جائے، بغیر کسی جھکاؤ، مفاد یا دباؤ کے۔ مشکل حالات ہوں، سیاسی تناؤ ہو، یا کسی طاقتور کا دباؤ۔ فاسٹ میڈیا گروپ نے ہمیشہ سچ کے پرچم کو بلند رکھا۔ ہم نے مظلوم کی آواز بننے، کمزور کو طاقتور کے سامنے لا کھڑا کرنے، اور ہر عوامی مسئلے کو اجاگر کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ عوام کا اعتماد ہی فاسٹ میڈیا کی اصل طاقت ہے۔ اج ہر طبقہ، ہر شہری جانتا ہے کہ فاسٹ میڈیا گروپ خبر نہیں، حقیقت دکھاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تین سال کے اندر اندر فاسٹ میڈیا گروپ نے صحافت کے میدان میں دیانت، جرأت، اور پیشہ ورانہ معیار کی نئی مثال قائم کر دی ہے۔ عہدِ نو سچائی کا سفر جاری رہے گا۔ عالمی یومِ صحافت ہمیں یاد دلاتا ہے کہ یہ پیشہ محض قلم چلانے کا نہیں، بلکہ حق کی حفاظت کا فریضہ ہے، ہم سب پر لازم ہے کہ ہم آزادیٔ اظہار، انسانی وقار، اور سچائی کے علم کو بلند رکھیں۔ فاسٹ میڈیا گروپ اس عہد کو دہراتا ہے کہ ہم اس مشن سے کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ہم سچ کو سچ، جھوٹ کو جھوٹ کہیں گے۔ ہم ظلم کے خلاف لکھیں گے، چاہے حالات کتنے ہی مشکل کیوں نہ ہوں۔ ہماری قلم کی روشنائی عوام کے اعتماد سے طاقت لیتی ہے، اور یہ طاقت کبھی کم نہیں ہو سکتی۔ سلام اُن بہادر سپاہیوں پر۔ سلام ہے اُن قلمکاروں پر جو اندھیروں میں روشنی جلاتے ہیں سلام ہے اُن رپورٹرز پر جو میدانِ خطر میں جا کر حقائق قوم تک پہنچاتے ہیں۔ اور سلام ہے اُن اداروں پر جو دباؤ کے باوجود سچائی کا پرچم سربلند رکھتے ہیں۔ فاسٹ میڈیا گروپ ان تمام سچ کے مجاہدوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ یہ مشن کل بھی جاری تھا، آج بھی ہے، اور ان شاء اللہ ہمیشہ جاری رہے گا کیونکہ سچ کبھی نہیں مرتا، اور قلم کبھی نہیں رک سکتا۔

ایمانداری کا چراغ جو دوسروں کے دلوں میں جل گیا

بھیرہ (اشفاق احمد انجم ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایمانداری کا چراغ جو دوسروں کے دلوں میں جل گیا ایک دکاندار عبدالرحمٰن نے ابھی اپنی دکان کھولی ہی تھی کہ ایک خاتون آئی اور بولی: "بھائی صاحب، یہ لیجیے آپ کے دس روپے۔" عبدالرحمٰن نے حیرت سے عورت کی طرف دیکھا، جیسے پوچھ رہا ہو، "میں نے تمہیں دس روپے کب دیے تھے؟" عورت بولی: "کل شام میں نے آپ سے کچھ سامان خریدا تھا۔ میں نے آپ کو سو روپے دیے، سامان ستر روپے کا تھا، آپ نے چالیس روپے واپس دیے، جبکہ دینے تیس روپے تھے۔" عبدالرحمٰن نے وہ دس روپے پیشانی سے لگائے، پیسے کے ڈبے میں رکھے اور بولا: "بہن، ایک بات بتاؤ، سامان لیتے وقت تم نے ہر پانچ روپے پر مجھ سے خوب بھاؤ تاؤ کیا، اور اب محض دس روپے واپس کرنے کے لیے اتنی دور چلی آئیں؟" عورت نے کہا: "بھاؤ تاؤ میرا حق ھے، مگر جب ایک قیمت طے ہوجائے، تو کم دینا گناہ ھے۔" عبدالرحمٰن نے کہا: "مگر تم نے کم نہیں دیا، پورے پیسے دیے۔ یہ دس روپے میری غلطی سے تمہارے پاس گئے، اگر تم رکھ لیتیں تو مجھے کوئی فرق نہ پڑتا۔" عورت نے جواب دیا: "شاید آپ کو فرق نہ پڑتا، لیکن میرے ضمیر پر بوجھ رہتا۔ میں جانتی کہ میں نے کسی کا حق جان بوجھ کر رکھا ہے۔ اسی لیے میں کل رات ہی واپس کرنے آئی تھی، مگر آپ کی دکان بند تھی۔" عبدالرحمٰن نے حیران ہو کر پوچھا: "تم کہاں رہتی ہو؟" عورت بولی: "گلشن کالونی سیکٹر 8 میں۔" عبدالرحمٰن کے منہ سے حیرت سے نکلا: "سات کلومیٹر کا فاصلہ طے کر کے صرف دس روپے واپس کرنے آئی ہو؟ اور یہ تمہارا دوسرا چکر ہے؟" عورت نے سکون سے کہا: "جی ہاں، دوسری بار آئی ہوں۔ اگر سکونِ دل چاہیے تو ایسے ہی کام کرنے پڑتے ہیں۔ میرے شوہر اب دنیا میں نہیں، مگر وہ ہمیشہ کہا کرتے تھے: 'کبھی کسی کا ایک پیسہ بھی ناحق مت رکھنا۔' کیونکہ انسان تو خاموش رہ سکتا ہے، مگر اللہ پاک کسی بھی وقت حساب لے سکتا ہے۔ اور اس حساب کی سزا میرے ساتھ میرے بچوں پر بھی آسکتی ھے۔" یہ کہہ کر عورت چلی گئی۔ عبدالرحمٰن نے فوراً کیش باکس سے 300 روپے نکالے، اپنے ملازم سے کہا: "دکان کا خیال رکھنا، میں ابھی آتا ہوں۔" وہ قریب ھی ایک اور دکاندار فراز کے پاس گیا اور بولا: "یہ لو تمہارے 300 روپے، کل جب تم سامان لینے آئے تھے، میں نے تم سے زیادہ پیسے لے لیے تھے۔" فراز ہنس کر بولا: "اگر زیادہ لے لیے تھے تو واپس کر دیتے جب میں دوبارہ آتا۔ اتنی صبح صبح آنے کی کیا ضرورت تھی؟" عبدالرحمٰن نے کہا: "اگر میں تمہارے آنے سے پہلے مر گیا تو؟ تمہیں تو پتہ بھی نہ چلتا کہ تمہارے پیسے میرے پاس ہیں۔ اسی لیے لوٹا دیے۔ کبھی نہیں پتا کہ اللہ پاک کب حساب لے لے، اور سزا میرے بچوں کو نہ بھگتنی پڑے۔" یہ سن کر فراز خاموش ہوگیا۔ اس کے دل میں ایک زخم جاگا دس سال پہلے اس نے ایک دوست کاشف سے تین لاکھ روپے قرض لیے تھے۔ اگلے دن ہی کاشف کا انتقال ہوگیا۔ کاشف کے گھر والوں کو اس قرض کا علم نہ تھا، تو کسی نے تقاضا نہیں کیا۔ لالچ میں آ کر فراز نے کبھی خود بھی واپس نہیں کیا۔ آج کاشف کا گھرانہ غربت میں زندگی گزار رہا تھا، بیوہ عورت گھروں میں نوکریاں کر کے بچوں کو پال رہی تھی، اور فراز ان کا حق دبائے بیٹھا تھا۔ عبدالرحمٰن کے الفاظ "اللہ پاک کسی بھی وقت حساب لے سکتا ھے" فراز کے دل و دماغ میں گونجنے لگے۔ دو تین دن کی بےچینی کے بعد فراز کا ضمیر جاگ اٹھا۔ اس نے بینک سے تین لاکھ روپے نکالے اور اپنے دوست کے گھر گیا۔ کاشف کی بیوہ اپنے بچوں کے ساتھ بیٹھی تھی۔ فراز نے اس کے قدموں میں گر کر معافی مانگی۔ تین لاکھ روپے اس کے لیے بہت بڑی رقم تھی اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، اور اس نے فراز کو دعائیں دیں۔ یہ وہی عورت تھی جو دس روپے واپس کرنے دوبار دکاندار کے پاس گئی تھی۔ جو لوگ دیانتداری اور محنت سے جیتے ہیں، اللہ پاک ان کا امتحان ضرور لیتا ھے، مگر کبھی چھوڑتا نہیں۔ ایک دن ان کی دعا ضرور سنی جاتی ھے۔ اللہ پاک پر یقین رکھو۔ "ایمانداری ایمان کا حصہ ھے، اور ناحق مال انسان کے رزق سے برکت چھین لیتا ھے"

وڑائچ برادران شاہجہانی کی جانب سے ایڈووکیٹ چوہدری نوید وڑائچ کو ممبر پنجاب بار کونسل منتخب ہونے پر دلی مبارکباد

اس موقع پر چوہدری محمد زبیر وڑائچ، ممبر چوہدری ریاض وڑائچ، چوہدری عزیز وڑائچ، چوہدری محمد جاوید وڑائچ، نوجوان صحافی عبدالرحمن وڑائچ اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں

گجرات (عبدالرحمن وڑائچ) وڑائچ برادران شاہجہانی کی جانب سے ایڈووکیٹ چوہدری نوید وڑائچ کو ممبر پنجاب بار کونسل منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چوہدری محمد زبیر وڑائچ، ممبر چوہدری ریاض وڑائچ، چوہدری عزیز وڑائچ، چوہدری محمد جاوید وڑائچ، نوجوان صحافی عبدالرحمن وڑائچ اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ وڑائچ برادران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ چوہدری نوید وڑائچ کی بھاری اکثریت سے کامیابی شاہجہانی، گجرات اور پورے ڈویژن کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے ہمیشہ وکلا برادری کی فلاح، انصاف کی بالادستی اور نوجوان وکلا کی رہنمائی کے لیے مثالی خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی صرف چوہدری نوید وڑائچ کی نہیں بلکہ ہر اس شخص کی جیت ہے جو انصاف، خدمت اور دیانت داری پر یقین رکھتا ہے۔ چوہدری نوید وڑائچ نے پورے ڈویژن گوجرانوالہ میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے نئی تاریخ رقم کر دی، جس پر شاہجہانی سمیت پورے ضلع گجرات میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب عوام کو سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے شب و روز کوشاں ہے

آمدہ بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ ن کارکردگی کی بنیاد پر کلین سویپ کرے گی

پنڈی گھیب (ملک کاشف) پاکستان مسلم لیگ ن کے راہنماء و ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری شیر علی خان نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب عوام کو سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے شب و روز کوشاں ہے جبکہ آمدہ بلدیاتی انتخابات میں مسلم لیگ ن کارکردگی کی بنیاد پر کلین سویپ کرے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوابزادہ ملک ناصر علی خان کی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر میر نوید اختر اور شکیل احمد بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی قوانین میں موجود سقم دور کر کے قانون سازی کی گئی ہے اب انتخابات منعقد کرانا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔

اسلام آباد۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پوداPODA ثمینہ نذیر، تھامس ڈاہل، ڈپٹی ہیڈ آف مشن ناروے ایمبیسی اسلام آباد کانفرنس میں شریک ہیں۔

ڈیرہ، چھاتی کے سرطان کے حوالے سے دینار کینسر ہسپتال میں اختتامی تقریب کا انعقاد

دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھرپور شرکت کی اور شرکاء کو آگاہی دی

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے عالمی مہینہ کے حوالے سے دینار کینسر ہسپتال میں اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سردار علی امین خان گنڈہ پور کی اہلیہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں شعبہ طب کے علاوہ دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھرپور شرکت کی۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیرِانتظام روبعمل دینار کینسر ہسپتال میں منعقدہ اس تقریب کا آغاز ادارے کی ڈائریکٹر محترمہ ڈاکٹر نبیلہ جاوید کے خطبہ استقبالیہ سے کیا گیا جنہوں نے شرکا کو خوش آمدید کہنے کے ساتھ بریسٹ کینسر کے حوالے سے ادارے کی اب تک کی کارکردگی پیش کی اور ساتھ ہی انہوں نے اس مرض سے آگاہی کے متعلق اپنی کی جانے والی کاوشوں پر بھی روشنی ڈالی۔ دیگر مقررین نے جہاں بریسٹ کینسر کی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا وہیں انہوں نے اس ضمن میں دینار کینسر ہسپتال کی خدمات کی بھی تعریف کی۔ مقررین نے دینار کینسر ہسپتال کی موجودگی کو نہ صرف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان بلکہ گردونواح کے دیگر اضلاع کے لئے بھی ایک نعمت قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے جغرافیائی محلِ وقوع کو دیکھا جائے تو یہ نہ صرف خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع بلکہ مشرقی وجنوبی جانب پنجاب جبکہ جنوب مغربی جانب وزیرستان اور بلوچستان کے اضلاع کے لئے ایک مرکزی مقام کا درجہ رکھتا ہے۔

سوات کے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

مشکوک افراد یا سرگرمیوں کی حوالے سے پولیس کو بروقت اطلاع دینے کی ہدایت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سوات محمد عمر خان کے احکامات کے مطابق سوات پولیس کا ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشنز کا سلسلہ جاری۔ ڈی ایس پی سرکل مدد نصیر باچا کی نگرانی میں تحفظ عامہ کو برقرار رکھنے کے لیے تھانہ گوالیری پولیس نے ماڈل ڈاگ، روڈینگار، چاڑما و دیگر مضافات میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کا انعقاد کیا۔ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن میں ایس ایچ او تھانہ گوالیری محب اللہ سمیت آپریشن پولیس، لیڈی پولیس، ڈی ایس بی، سی ٹی ڈی کے جوانوں نے حصہ لیا۔ علاقے کے معززین سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں سیکورٹی صورتحال سے آگاہ کیا گیا اور مشکوک افراد یا سرگرمیوں کی حوالے سے پولیس کو بروقت اطلاع دینے کی ہدایت کی گئی۔ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کا بنیادی مقصد حالیہ سیکیورٹی صورتحال میں سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نگرانی اوران کی بیخ کنی کرنا ہے۔

خرلاچی بارڈر کی 19 روزہ بندش سے تجارت اور مریض متاثر

دونوں ممالک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے

پاراچنار (این این آئی) پاک افغان خرلاچی بارڈر سرحدی کشیدگی کے باعث گزشتہ 19 روز سے بند ہے، جس کے نتیجے میں تاجروں، مزدور طبقے اور افغانستان سے علاج کے لیے آنے والے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ افغان شہریوں نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ سرحد کی بندش کے باعث مریضوں کو ضلع کرم آنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں پاکستانی حکام انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مریضوں کو عارضی اجازت نامے جاری کرتے تھے، تاہم اب سرحد کی مسلسل بندش نے ان کے لیے علاج کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ تاجر برادری نے بتایا کہ خرلاچی بارڈر کے ذریعے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کپڑا، پھل، خشک میوہ جات، اجناس، مویشی اور دیگر اشیائے خوردونوش کی تجارت ہوتی تھی۔ سرحد بند ہونے سے نہ صرف دوطرفہ تجارت متاثر ہوئی بلکہ دونوں ممالک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

جنوبی وزیرستان میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

اشیائے خوردونوش، سبزی اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں

جنوبی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، اور ملک بھر کی طرح یہاں کے عوام بھی شدید پریشانی کا شکار ہیں، قلیل آمدن میں گھر کے اخراجات پورے کرے کہ ایک مزدور گھر کا کرایہ، بجلی کا بل اور بچوں کے تعلیمی اخراجات پورے کرے۔ اشیائے خوردونوش، سبزی اور پھلوں کی قیمتیں جو پہلے ہی آسمان سے باتیں کر رہی تھیں، آج قابو سے باہر ہوگئی ہیں، جس کی وجہ سے جنوبی وزیرستان میں مہنگائی کا آج یہ عالم ہے کہ متوسط طبقہ کے لوگ بھی دہائیاں دینے لگے ہیں۔ ان مشکل حالات میں غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لئے پریشان ہیں، ان حالات میں اہالیان علاقہ نے کہا ہے کہ محکمہ فوڈ کی جانب سے چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی برابر ہے، جس کی جب مرضی دکان میں پڑی چیز کی قیمت بڑھا دیتا ہے۔

دہلی میں مصنوعی بارش کروانے کا تجربہ ناکام

اپوزیشن کی کڑی تنقید، حکومت پر سرکاری پیسہ ضائع کرنے کا الزام

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے حکومت کی جانب سے کلاؤڈ سیڈنگ کے ذریعے مصنوعی بارش کرانے کا تجربہ کیا گیا، تاہم شہر کے کسی حصے میں بارش نہ ہو سکی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق دارالحکومت میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی اور دھند کے خاتمے کیلئے حکومت کی جانب سے مصنوعی بارش کروانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ جس کے بعد کی گئی کلاؤڈ سیڈنگ کے باوجود بارش نہ ہو سکی۔ ہندوستان ٹائمز کے مطابق نئی دہلی میں کیے گئے کلاؤڈ سیڈنگ کے حالیہ تجربے پر تقریبا 1 کروڑ 28 لاکھ روپے خرچ کیے گئے، تاہم یہ مہنگا تجربہ مصنوعی بارش لانے میں ناکام رہا۔ تجربے کے دوران مخصوص طیارے کے ذریعے نئی دہلی کے مختلف علاقوں میں سلور آئیوڈائیڈ سے بھرے شعلے فضا میں چھوڑے گئے۔ ان دو الگ تجربات میں سے کسی سے بھی بارش نہیں ہوئی۔ کلاؤڈ سیڈنگ ایک موسمیاتی طریقہ کار ہے، جس میں بادلوں میں مخصوص کیمیکل شامل کر کے مصنوعی طور پر بارش پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ سلور آئیوڈائیڈ، پوٹاشیم آئیوڈائیڈ اور سوڈیم کلورائیڈ جیسے کیمیکلز کو بادلوں میں بیج کے طور پر شامل کیا جاتا ہے، تاکہ پانی کے بخارات ان ذرات کے گرد جمع ہو کر بارش کے قطرے تشکیل دیں



10 فیصد ٹیرف کی کمی کے ساتھ ٹرمپ کا اگلے برس چین کے دورے کا اعلان

سعودی عرب شام میں سرمایہ کاری لانے کی کلید ہے، احمد الشرع

سعودی عرب خوشحالی، استحکام اور وسیع ترقی کی طرف گامزن ایک اہم مملکت ہے، خطاب

دمشق (این این آئی) شام کے صدر احمد الشرع نے سعودی عرب کی شام میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے دنیا بھر سے دعوت دیے جانے کو سراہا اور کہا شام میں سرمایہ کاری لانے کے لیے سعودی عرب ایک کلید کا کردار ادا کر رہا ہے۔ بشارالاسد رجیم کے زمانے سے بین الاقوامی تنہائی میں پڑا شام بین الاقوامی سرمایہ کاروں سے محروم ہوگیا تھا۔ انہوں نے سعودی میزبانی میں منعقدہ 'فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹو کانفرنس' سے خطاب کرتے ہوئے کہا جب آٹھ دسمبر کو بشارالاسد کی حکومت کے بعد ہم نے حکومت سنبھالی تو پہلا غیر ملکی دورہ سعودی عرب کا ہی کیا کہ ہمیں اندازہ تھا کہ کلید یہی ہے۔ صدر احمد الشرع کے اس خطاب کے دوران سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بھی کانفرنس میں موجود تھے۔ الشرع نے کہا سعودی عرب خوشحالی، استحکام اور وسیع ترقی کی طرف گامزن ایک اہم مملکت ہے۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان طویل عرصے سے خطے کو اپنے مختلف تجربے سے روشناس کرا رہے ہیں۔ ان کا وژن 2030 نہ صرف سعودی عرب کی ترقی و خوشحالی کو پائیداری کی منزلوں کی طرف لے کے چل رہا ہے۔

امریکہ، کیک کے آخری ٹکڑے پر جھگڑا، خاتون نے 25 سالہ شادی ختم کردی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکہ میں شادی کی سالگرہ کے موقع پر کیک کے آخری ٹکڑے نے ایک جوڑے کی 25 سالہ شادی ختم کردی۔ 46 سالہ خاتون نے اپنی کہانی ریڈیٹ پر شیئر کی، جو فوراً وائرل ہوگئی اور سوشل میڈیا پر صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ خاتون نے بتایا کہ وہ اور ان کے 48 سالہ شوہر طویل عرصے سے اکثر ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔ میرے شوہر نے شادی کی سالگرہ پر ہمارے جھگڑے کو ختم کرنے کی خاطر ٹرپ پلان کیا۔ انہوں نے لکھا کہ شادی کی سالگرہ پر امید کی تھی کہ ایک چھوٹا سا ٹرپ ہمارے تعلقات کو بہتر کرے گا، لیکن مجھے اس وقت سخت مایوسی ہوئی جب میرے شوہر نے اسی ہوٹل کا انتخاب کیا جس کے حوالے سے ہم نے سوچا تھا کہ ہم یہاں کبھی نہیں جائیں گے جیسے ہی ہم ہوٹل پہنچے، ماضی کی یادیں اور اختلافات دوبارہ ابھر آئیں۔ خاتون نے بتایا کہ میں نے اپنا موڈ ٹھیک کرلیا اور اس بات کی قدر کی کہ اس بار شوہر نے پلاننگ خود کی تھی۔ مگر ہوٹل پہنچتے ہی شوہر کا مزاج بگڑ گیا رات کے کھانے کے لیے انہوں نے مجھے ڈشز منتخب کرنے کو کہا، میں نے تین ڈشز منتخب کیں اور بتایا۔

☆☆☆☆

بزمِ مصنفین ہزارہ ضلع ایبٹ آباد کی کابینہ ازسرِ نو تشکیل

مولانا محمد اعظم قادری صدر فیضان ہاشمی جنرل سیکرٹری منتخب

ایبٹ آباد (طاہر خیلی) تفصیلات کے مطابق بزم مصنفین ہزارہ ضلع ایبٹ اباد کا اجلاس ایبٹ آباد میں منعقد ہوا جس میں بزم مصنفین ہزارہ کی مرکزی کابینہ اور ضلعی عہدیداران نے شرکت کی۔ ایبٹ آباد کی کابینہ ازسرنو تشکیل پائی۔ بزم مصنفین ہزارہ کے مرکزی صدر ملک عظیم ناشاد اعوان، جنرل سیکرٹری ضلع ہری پور عاصم نواز طاہر خیلی اور محترم ریاض ملک صاحب نے اجلاس میں بذریعہ کال شرکت کرتے ہوئے تمام فیصلوں کی توثیق کی اور نئی کابینہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ پروفیسر ممتاز حیدر سرپرست اعلی، پروفیسر محمد صدیق قریشی سرپرست، ڈاکٹر قمر زمان چیئرمین، مولانا محمد اعظم قادری صدر، حافظ ملک جمشید نائب صدر، فیضان ہاشمی جنرل سیکرٹری، حافظ عثمان جدون ڈپٹی سیکرٹری اور حافظ ظہیر احمد سیکرٹری انفارمیشن منتخب ہوئے۔ مرکزی جنرل سیکرٹری بزم مفتی عنایت الرحمن ہزاروی نے نو منتخب اراکین کو مبارک باد دی اور باہم مشاورت کے بعد اعلان کیا کہ بزم مصنفین ہزارہ ضلع ایبٹ آباد کی مرکزی سالانہ تقریب 30 نومبر کو ایبٹ آباد میں منعقد ہوگی۔

چکوال کے نواحی گاؤں تترال سے تعلق رکھنے والے تین بہن بھائیوں نے الحمرا میں منعقد ہونے والے سالانہ پاکستان موسیقی مقابلے میں شاندار اعزازات حاصل کر لیئے

احمد علی سعدی نے اسکول سطح پر بانسری بجانے کے مقابلے میں گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ کالجز اور یونیورسٹیز سطح کے مقابلے میں ان کے بڑے بھائی محمد شہریار نے بانسری میں دوسری پوزیشن حاصل کی

چکوال۔۔۔ مرزا ساجد اقبال سے۔۔۔ چکوال کے نواحی گاؤں تترال سے تعلق رکھنے والے تین بہن بھائیوں نے الحمرا میں منعقد ہونے والے سالانہ پاکستان موسیقی مقابلے میں شاندار اعزازات حاصل کر لیئے۔ احمد علی سعدی نے اسکول سطح پر بانسری بجانے کے مقابلے میں گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ کالجز اور یونیورسٹیز سطح کے مقابلے میں ان کے بڑے بھائی محمد شہریار نے بانسری میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح اکیڈمی سطح پر کلاسیکل گائیکی کے مقابلے میں ان کی بہن نورالھدی زہرا نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ یاد رہے کہ احمد علی سعدی، محمد شہریار اور نورالھدی زہرا تترال کی معروف شخصیت پروفیسر احسان الٰہی احسان کے پوتے اور پوتی ہیں۔ تینوں بچوں کی فنی تربیت بچپن میں پروفیسر چوہدری لیاقت علی مرحوم کے ہاتھوں سرانجام پائی تھی۔ چکوال عوامی فورم کے قائدین قاضی غلام عباس، پروفیسر (ر) شاہد آزاد، قاضی سرمد بلال، ذوالفقار میر، عتیق الرسول ایڈووکیٹ، طاہر چوہدری اور عامر جنجوعہ نے ایک مشترکہ بیان میں سعدی، شہریار اور نورالھدی کی شاندار کارکردگی کو چکوال کے لیے ایک اعزاز قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی لگن، والدین کی حوصلہ افزائی اور پروفیسر چوہدری لیاقت مرحوم کی شاگردی کی وجہ سے آج ان بچوں نے صوبائی سطح پر نہ صرف اپنے آپ کو منوایا ہے بلکہ علاقے کی ثقافتی زندگی کو ایک نئی مہمیز دی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چکوال عوامی فورم ثقافتی میدان میں ابھرنے والے نئے چہروں کو علاقے کا نہ صرف قابل فخر مستقبل سمجھتا ہے بلکہ فنون لطیفہ کی مقامی ترقی کے لیئے ان کے اعزازات کو نئی نسل کے لیئے قابل تقلید بھی گردانتا ہے

چوچک بامابالا میں پنجابی مشاعرہ، علاقائی ثقافت، اخلاص ومحبت اور پنجابی مٹھاس کی بہار

معروف شعرائے کرام نے اپنی پنجابی شاعری کے ذریعے خوبصورت انداز میں علاقائی ثقافت اور محبت کے رنگ بکھیرے

اس طرح کے پروگرام باقاعدگی سے منعقد ہونے چاہئیں تاکہ پنجابی ادب اور ثقافت کو فروغ مل سکے عنصر خاں لاشاری

شرکاء نے اس ادبی محفل کے انعقاد کو ایک مثبت اور خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا

حبیب آباد () تفصیلات کے مطابق چوچک باما بالا میں راوی کنارے پنجابی مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا مشاعرہ میں پنجاب کے نامور شعرانے پنجابی زبان میں اپنے خوبصورت کلام پیش کیے اور سامعین سے خوب داد وصول کی تقریب میں معروف شعرائے کرام نے اپنی پنجابی شاعری کے ذریعے خوبصورت انداز میں علاقائی ثقافت اور محبت کے رنگ بکھیرے مشاعرہ رائے محمد خان ناصر کی زیر صدارت میں ہوا مشاعرے میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے فضائل مدثر نے خصوصی شرکت کی مشاعرے میں مقامی شعرا کے ساتھ ساتھ دیگر علاقوں سے آئے مہمان شعرائے کرام نے بھی اپنے کلام سے حاضرین کو محظوظ کیا شرکاء نے اس ادبی محفل کے انعقاد کو ایک مثبت اور خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے منتظمین کا شکریہ ادا کیا شرکاء نے مشاعرے کے کامیاب انعقاد پر منتظم عنصر لاشاری اور ان کی ٹیم حافظ وقاص احمد سمیع خان مزمل ذاکر غازی شوکت مہر اقبال ابوالحسن تحسین آفتاب کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اس طرح کے پروگرام باقاعدگی سے منعقد ہونے چاہئیں تاکہ پنجابی ادب اور ثقافت کو فروغ مل سکے

پنجاب بار کونسل کے حالیہ انتخابات میں ضلع خوشاب کی سیٹ پر معروف قانون دان ملک ریاض راجڑ اعوان نے شاندار کامیابی حاصل کر کے وکلاء برادری میں اپنی مقبولیت کا لوہا منوا لیا

میری ترجیح وکلاء برادری کو درپیش چیلنجز کا حل اور بار کی ترقی ہو گی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) پنجاب بار کونسل کے حالیہ انتخابات میں ضلع خوشاب کی سیٹ پر معروف قانون دان ملک ریاض راجڑ اعوان نے شاندار کامیابی حاصل کر کے وکلاء برادری میں اپنی مقبولیت کا لوہا منوایا لیا ہے ان کی کامیابی پر وکلاء، سیاسی اور سماجی حلقوں کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے وکلاء رہنماؤں نے ملک ریاض کی انتھک محنت، سنجیدگی اور برادری کے لیے ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اس سیٹ کے لیے بہترین انتخاب ہیں امید ظاہر کی گئی ہے کہ وہ پنجاب بار کونسل میں خوشاب کے وکلاء کے حقوق کی بھرپور ترجمانی کریں گے ملک ریاض راجڑ اعوان نے ایک خصوصی بیان جاری کیا جس میں انہوں نے ووٹرز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اپنے قیمتی ووٹ کے ذریعے مجھ پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا آپ کا یہ اعتماد ہی میرا سب سے بڑا اثاثہ اور میری طاقت ہے پنجاب بار کونسل میں خوشاب کے وکلاء کے حقوق، مسائل اور فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گا میری ترجیح وکلاء برادری کو درپیش چیلنجز کا حل اور بار کی ترقی ہو گی میں اپنے تمام دوستوں اور حمایتیوں کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے میری انتخابی مہم میں دن رات محنت کر کے مجھے یہ کامیابی دلائی ہے۔

راولپنڈی وینین کونسل 31 میں پانی کی شدید قلت پچھلے ایک ہفتے سے ٹیوب ویل کی موٹر خراب

واسا کی غفلت پر عوام کا احتجاج اگر ٹھیک نہ ہوا تو واسا دفتر کے سامنے دھرنا دیں گے

راولپنڈی وینین کونسل 31 میں پانی کی شدید قلت پچھلے ایک ہفتے سے ٹیوب ویل کی موٹر خراب واسا کی غفلت پر عوام کا احتجاج اگر ٹھیک نہ ہوا تو واسا دفتر کے سامنے دھرنا دیں گے۔ ظہیر اعوان اہلیان علاقہ گزشتہ ایک ہفتے سے پانی کی بندش کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ واسا کی غفلت اور لاپرواہی کے باعث علاقے کا مرکزی ٹیوب ویل قبا مسجد کے سامنے والا ایک ہفتے سے خراب ہے جبکہ تاحال مرمت کا کوئی اقدام نہیں کیا گیا۔ اس صورتحال پر سٹیزن ایکشن کمیٹی راولپنڈی کی قیادت میں علاقہ مکینوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے واسا انتظامیہ کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ٹیوب ویل درست کر کے پانی کی سپلائی بحال کی جائے۔ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے ظہیر احمد اعوان، چیئرمین سٹیزن ایکشن کمیٹی نے کہا کہ واسا ماہانہ بل باقاعدگی سے وصول کرتا ہے لیکن پانی فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہے۔ عوام کو مہنگے داموں پرائیویٹ ٹینکروں سے پانی خریدنا پڑ رہا ہے اور دور دراز علاقوں سے پانی بھرنے پر مجبور ہیں۔ علاقے کی مساجد میں پانی نہیں آرہا واسا ٹینکر ایک ہزار روپے مساجد سے وصول کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کل تک ٹیوب ویل درست نہ کیا گیا تو شہری واسا دفتر کے سامنے دھرنا دینے پر مجبور ہوں گے۔ سٹیزن ایکشن کمیٹی اور علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر نوٹس لیں، ٹیوب ویل بحال کروائیں، اور نااہل ایم ڈی واسا کو معطل کر کے مؤثر اقدامات کریں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

دولتالہ گوجرخان روڈ تکمیل سے قبل ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار

اطراف میں شولڈرز کی عدم تعمیر سے اہل علاقہ کو مشکلات کا سامنا

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) دولتالہ تا گوجرخان روڈ جو عوامی سہولت کے لیے تعمیر کی جارہی ہے لیکن ناقص حکمت عملی کے باعث تکمیل سے قبل ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو کر زمہ داران کی قلعی کھول رہی ہے، کرنالی کے مقام پر بغیر کسی ٹھوس جواز کے روڈ 14 فٹ سے کم کر کے 12 فٹ کر دی گئی جبکہ اطراف میں بھرائی کر کے شولڈرز بھی نہیں بنائے گے جس کے باعث دوطرفہ ٹریفک کے لیے کراسنگ نہایت دشوار ہوچکی ہے اکثر اوقات گاڑیاں سڑک سے نیچے گر جاتی ہیں جس سے قیمتی گاڑیوں اور انسانی جانوں کے شدید خطرات لاحق ہیں، روڈ کے اطراف میں نکاسی آب کے نالے کی عدم تعمیر کے باعث رہائشی زمینیں تالاب کا منظر پیش کر رہی ہیں جبکہ بارش کی صورت میں بارشی پانی گھروں اور دکانات میں داخل ہو جاتا ہے، اکثر مقامات سے روڈ بیٹھ چکی ہے جو جلد ہی ٹھوپھوٹ کا شکار ہو جائے گی، اہل علاقہ کے مطابق ناقص میٹریل اور جلد بازی میں کی جانے والی تعمیر سے نہ صرف سرکاری وسائل کا ضیاع کیا گیا اور منصوبہ عوام کے لیے سہولت کی بجائے زحمت بن گیا ہے، اہل علاقہ نے عوامی ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور دیگر زمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اطراف میں بھرائی کر کے شولڈر اور نالے کی تعمیر ممکن بنائی جائے تاکہ بہترین سفری سہولت میسر آسکے

نوابزادہ ہاؤس اخلاص میں شاندار محفل میلاد کا انعقاد

تقریب کے میزبان نوابزادہ ملک ناصر علی خان نے مہمانوں کا استقبال کیا

پنڈی گھیب (ملک کاشف) نوابزادہ ہاؤس اخلاص میں شاندار محفل میلاد کا انعقاد، تقریب کے میزبان نوابزادہ ملک ناصر علی خان نے مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ اس موقع پر نوابزادہ ملک اولیاء خان، حاجی ملک سعید محمد خان، ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری شیر علی خان، سابق ایم پی اے میجر ملک محمد اعظم خان گھیبہ، سابق ایم پی اے ملک خرم علی خان، سابق امیدوار قومی اسمبلی ملک شہریار خان کھنڈا، صوبائی صدر پنجاب مسلم لیگ ق ملک سمین خان، ملک عمر خان آف غریب وال، اسسٹنٹ کمشنر حافظ زنیر یونس اور تحصیلدار سمیت صحافی برادری، تاجر حضرات اور عمائدین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمیعت علمائے اسلام پنڈی گھیب کے راہنماء مولانا عبداللہ نے سیرت النبی پر تفصیل سے روشنی ڈالی جبکہ آستانہ عالیہ میرا شریف کے گدی نشین پیر فاروق احمد میروی نے وطن عزیز پاکستان کی سلامتی اور ملک ناصر علی خان کے نئے تعمیر شدہ گھر میں خیر وبرکت اور ان کے صاحب زادے کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

رات طویل ہو تو بھی اس کے بعد سحر ضرور نمودار ہوتی ہے، سردار شاہنواز کھنڈا

خدا کے فضل و کرم سے پی ٹی آئی کے لیے اچھا وقت شروع ہونے والا ہے

پنڈی گھیب (ملک کاشف) حلقہ پی پی 4 سے پاکستان تحریک انصاف کے سابق امیدوار پنجاب اسمبلی سردار شاہنواز کھنڈا نے کہا ہے کہ رات طویل ہو تو بھی اس کے بعد سحر ضرور نمودار ہوتی ہے، خدا کے فضل و کرم سے پی ٹی آئی کے لیے اچھا وقت شروع ہونے والا ہے، وقت اچھا ہو یا برا ہم ہمیشہ وطن عزیز کی سلامتی کے لیے دعا کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عامر سلطان اور خرم سلطان کے والد سلطان محمد مرحوم کی وفات پر اظہار تعزیت کرنے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر احسن محمود شانی، ملک بلال اور سیاسی وسماجی شخصیت ملک عترت بھی ان کے ہمراہ تھے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں پر ہوں یا غیر جماعتی ہم سیاسی میدان خالی نہیں چھوڑیں گے بلکہ حکمران جماعت کو ٹف ٹائم دیں گے۔

نونہالوں کی دُنیا

پاگل لڑکا

کرن اسلام

ٹن ٹن ۔۔ٹن ٹن ۔۔'' رضوان اپنے دوست زوہیب کے گھر کے باہر کھڑا مسلسل گھنٹی بجا رہا تھا۔ کوئی ساتویں مرتبہ اُس نے گھنٹی بجائی لیکن کسی نے دروازہ نہ کھولا۔ اُسے اس بات پر بہت غصہ آرہا تھا۔ جب کسی نے دروازہ نہ کھولا تو اُس نے پورے زور سے زوہیب کا نام لے کر آواز دی۔ ابھی وہ واپس جانے کا سوچ ہی رہا تھا کہ اندر سے ایک بوڑھی، کمزوری آواز سنائی دی۔ ''کون ہے بیٹا؟'' رضوان نے اپنے بارے میں بتایا۔ پھر وہی آواز آئی۔ ''بیٹا! زوہیب گھر پر نہیں ہے۔'' یہ سُن کر اُسے زوہیب پر پھر غصہ آیا کہ اُس نے کرکٹ کھیلنے آنے کا وعدہ کیا تھا۔ اب وہ خود بلانے آیا تو گھر پر نہیں ہے۔ ''کب آئے گا وہ دادی جان؟'' رضوان نے باہر کھڑے کھڑے ہی پوچھا۔ ''پتا نہیں بیٹا! اُس کی امّی کی طبیعت خراب تھی۔ ڈاکٹر کے کلینک گیا ہے لے کر۔'' دادی کی کمزوری آواز دوبارہ آئی تو وہ شکریہ کہہ کر چلا گیا۔''

عجیب پاگل لڑکا ہے یہ زوہیب۔ نہیں آنا تھا تو بتا تو دیتا۔ بدتمیز، جاہل۔'' رضوان بلند آواز میں اپنے غصّے کا اظہار کرتا گھر میں داخل ہوا۔ ساتھ والی گلی میں زوہیب کے گھر سے اپنے گھر تک آتے ہوئے وہ مسلسل زوہیب کے بارے میں بُڑبُڑاتے ہوئے آ رہا تھا۔'' کیا بات ہے رضی؟ کس پر اتنا غصہ ہو رہے ہو بیٹا؟'' امّی نے رضوان کی آواز سن کر کہا۔ اُس نے ساری بات تفصیل کے ساتھ اپنی امّی جان کو بتا دی۔ امّی نے بات سُنی تو اُسے اپنے پاس بٹھا لیا اور پیار سے پوچھا: ''گھڑی دیکھ کر بتاؤ کیا وقت ہوا ہے؟'' امّی کی اس بات پر وہ حیران ہوا اور دیوار پر لگی گھڑی کی طرف دیکھ کر کہنے لگا: ''سہ پہر کے تین بج رہے ہیں۔'' امّی نے تائید میں سر ہلایا اور کہا: '' بالکل ٹھیک! اب یہ بتاؤ کہ آج کل موسم کون سا ہے؟'' رضوان اپنی امّی کے سوالوں پر حیران تھا۔ '' گرمی کا'' اُس نے جواب دیا۔ '' میرے پیارے بیٹے! اب آپ خود سوچو۔ گرمی کی سہ پہر، آرام کا وقت مانا جاتا ہے۔ ایک تو آپ نامناسب وقت پر دوست کے گھر گئے۔ وہ کسی مجبوری میں گھر سے باہر تھا۔ آپ کو اس بات پر بلاوجہ غصّہ آیا۔ آپ نے بے وقت اُس کی دادای جان کو بھی تکلیف دی۔ کیا یہ سب آپ نے ٹھک کیا؟'' امّی نے پیار سے سمجھایا۔ رضوان سوچ میں پڑ گیا۔'' میرے پیارے بیٹا جان! کیا آپ کو معلوم ہے کہ کسی کے گھر جا کر اندر جانے کی اجازت کے بھی کچھ آداب اور طور طریقے بتائے گئے ہیں؟'' رضوان کے لیے یہ بات نئی تھی۔'' یہ کیا بات ہوئی امّی جان؟'' رضوان نے کہا۔'' چلیں میں آپ کو بتاتی ہوں۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے ہمیں دنیا میں زندگی گزارنے کے تمام اُصول، آداب اور طور طریقے سکھائے ہیں

بچوں کی آرٹ گیلری



رنگ بھریں

عنایہ فاطمہ افتخار (لاہور)

اتفاق میں برکت ہے

اقصیٰ عمران

شہری آبادی سے بہت دور پہاڑوں کے بیچ ایک چھوٹا لیکن گھنا جنگل تھا نام تھا جس کا مرغ آباد.مرغ آباد میں ہر رنگ اور ہر نسل کے مرغے اور مرغیاں رہا کرتے تھے.تمام مرغے مرغیاں اور ان کے چوزے آپس میں پیار محبت سے رہتے سارا دن کھیلتے اور دانا چگا کرتے تھے.سب وعدے کے تحت اتفاق سے ہنسی خوشی زندگی گزار رہے تھے.انہیں مرغے مرغیوں میں ایک مرغی تھی گگڑوں کوں". اس کے پر سنہرے اور چونچ گلابی تھی اور وہ اپنی بڑی بڑی آنکھوں سے سب کو اترا کے دیکھا کرتی تھی کیونکہ گگڑوں کوں کو اپنی خوبصورتی پہ بہت ناز تھا.کوئی اس سے بات کرنے جاتا تو وہ ایک ہی جواب دیتی:" گگڑوں کوں میں گگڑوں کوں میں پیاری سی مرغی ہوں میں تم سے بھئی کیوں بولوں". گگڑوں کوں کے اس غرور سے مرغ آباد بہت پریشان تھا. گگڑوں کوں کو لگتا تھا کہ اگر وہ کسی کالی یا بھوری مرغی کے ساتھ کھڑی بھی ہوگی تو اس کے سنہرے پر میلے ہو جائیں گے.وہ سب سے الگ تھلگ رہتی اور یہی سوچ کے اتراتی کہ اس کی خوبصورتی زندگی گزارنے کے لیے کافی ہے اور اسے کسی دوست کی ضرورت نہیں.

مرغ آباد میں ایک بوڑھی اور سیانی مرغی رہا کرتی تھی.سب اس کو"بی مرغی" کہ کے بلاتے تھے. مرغ آباد کے سبھی مرغے مرغیاں اس سے صلاح مشورے کے لیے آیا کرتے تھے.بی مرغی گگڑوں کوں سے اکثر کہا کرتی تھی:" گگڑوں کوں تمہارا یہ غرور تمہیں لے ڈوبے گا. اتفاق سے رہا کرو اتفاق میں برکت ہے".لیکن گگڑوں کوں کو اس کی بات کہاں سمجھ آنی تھی.وہ ہر بار ایک ہی بات کہتی تھی:" گگڑوں کوں میں گگڑوں کوں میں پیاری سی مرغی ہوں میں تم سے بھئی کیوں بولوں". اور بی مرغی اور باقی مرغیاں پر ہلاتی رہ جاتیں.ایک دن کسی دوسرے جنگل سے ایک بھوکی جنگلی بلی مرغ آباد آن پہنچی. بھوک تو اسے بہت لگی ہوئی تھی. اتنے زیادہ مرغے مرغیاں دیکھ کر بلی کی خوشی کی انتہا نہ رہی.اس نے دل ہی دل میں سوچا:" میرے اپنے جنگل میں گھاس پھل اور چند کمزور جانوروں کے علاوہ کچھ بھی نہیں.سب فاقوں مر رہے ہیں.میں ان مرغیوں کو ایک ایک کر کے کھاؤں گی.میرا خوف سب کے دل میں ایسا پھیلے گا کہ سب مجھے اپنا سردار مانیں گے.واہ! میں ملکہ بھی ہوں گی اور مرغیاں بھی میرے قبضے میں ہوں گی.زندگی مزے سے گزرے گی". یہ سوچ کے وہ زور سے ہنس دی اور شام کا انتظار کرنے لگی.شام کو تمام مرغیاں تالاب کے گرد معمول کے مطابق کھیلنے کے لیے جمع ہوئیں. گگڑوں کوں تالاب کے دوسرے پار اپنے آپ میں مگن تھی. بلی جھاڑیوں میں گھات لگائی بیٹھی تھی. تمام مرغیاں اکٹھی تھیں.ان میں سے کسی کو بھی دبوچ لینا بلی کے لیے مشکل تھا کیونکہ بھوک کے مارے اسے کمزوری محسوس ہو رہی تھی. اس کی کوشش تھی کہ کوئی آسانی سے شکار ہو سکے. گگڑوں کوں کو اکیلا دیکھ کر بلی کی آنکھوں میں چمک آ گئی.وہ تالاب کے دوسرے پار جھاڑیوں کی طرف گئی اور چھلانگ مار کر گگڑوں کوں کو دبوچ لیا.

کچھ ہی دیر بعد گگڑوں کوں کے سنہرے پر تالاب میں تیرنے لگے.تمام مرغیوں نے شور مچانا شروع کیا تو بی مرغی وہاں شور کی آواز سن کر پہنچ گئی.بلی گگڑوں کوں کو کھا چکی تھی اور اپنے پنجے صاف کر رہی تھی. بی مرغی دکھ سے بولی:" گگڑوں کوں میں نہ کہتی تھی اتفاق میں برکت ہے." گگڑوں کوں کو اپنے غرور کی سزا ملی.بی مرغی نے سارے مرغے مرغیوں سے کہا:" جلدی سے اس بلی کو جنگل سے نکالو. یہ ہم سب کو باری باری کھا جائے گی".سب نے بی مرغی کی بات مانتے ہوئے بلی پہ حملہ کیا اور چونچیں مار مار کر اتنا زخمی کیا کہ بلی چیخیں مارتی ہوئی جنگل سے یہ کہتی ہوئی بھاگی:"ہائے میں مر گئی!!!ہائے میں مرگئی!!!میں اب نہ آؤں گی یہاں. یہ مرغیاں بہت خطرناک ہیں!" سبق: اتفاق میں برکت ہے اور غرور کا سر نیچا ہوتا ہے.

ہنسنا منع ہے

ماں (اپنے لاڈلے بیٹے سے) بیٹا! جب تمہارے ابو امریکا جائیں گے تو میں ان سے کہوں گی کہ وہاں سے ایسی چیز لائیں جو میرے بیٹے کا ہر کام کر دے۔ بٹن دبایا تو جوتے پالش، بٹن دبایا تو یونیفارم استری، بٹن دبایا تو لحاف منہ پر، بٹن دبایا تو بیگ کندھے پر، اس طرح میرے بیٹے کو کوئی کام خود نہیں کرنا پڑے گا۔''

''لیکن امی! بٹن کون دبائے گا؟''

☆☆☆☆☆☆☆

استاد: کیا کوئی مجھے حسنِ اتفاق کی مثال دے سکتا ہے؟

گڈو: جی جناب! میرے ابو کی شادی اسی دن ہوئی جس دن میری ممی کی۔

☆☆☆☆☆☆☆

سکول سے خط آیا تو باپ نے بچے کو ڈانٹتے ہوئے پوچھا، کیا تم کو معلوم ہے کہ اس خط میں کیا لکھا ہے؟

بچے نے نفی میں سر ہلا دیا۔

استاد نے لکھا ہے کہ شاید میں آپ کے بچے کو ساری زندگی کچھ نہ سکھا سکوں۔

بچے نے کہا، میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ یہ استاد کسی قابل نہیں ہیں۔

بابا کی لاڈلی

سبینہ رشید

ایک دفعہ کا ذکر ہے کسی دور گاؤں میں ایک پیاری ننھی گڑیا چھوٹی سی کٹیا میں اپنے اماں ابا کے ساتھ رہا کرتی تھی.نام تھا اس کا بینا. بینا اماں ابا کی جان تھی اور اس کی میٹھی آواز معصوم باتیں اور شرارتیں گھر میں رونق لگا رکھتی تھیں. ابا اپنی بینا کی ساری خواہشات کو پورا کرنے کے لیے جنگل جا کر لکڑیاں کاٹتے اور شہر میں بیچا کرتے تھے. ابا جب گھر پہ نہ ہوتے تو بینا اداس ہو جاتی اور ابا کے آنے کا انتظار کیا کرتی تھی. گاؤں میں آبادی بھی بہت تھوڑی تھی سو بینا اکتا جاتی تھی. کیونکہ وہ بہت چھوٹی تھی اس لیے وہ یہ سمجھ نہیں پاتی تھی کہ اتنی محنت بابا اپنی گڑیا کے لیے کرتے ہیں. بینا یہ سوچ کے دکھی رہنے لگی کہ بابا اسے وقت نہیں دیتے. اماں بھی سارا دن گھر کے کاموں میں مصروف تو رہتی تھیں لیکن جیسے ہی وقت ملتا وہ بینا کے ساتھ کھیلتیں اور اس سے باتیں کیا کرتی تھیں. لیکن بینا کا دل تو بابا کے ساتھ زیادہ لگتا تھا. وقت کے ساتھ اسے لگنے لگا کہ بابا اسے بالکل توجہ نہیں دیتے. ایک دن بینا کٹیا سے کچھ دور بہتی ندی کے کنارے بیٹھی تھی کہ دو بہنیں رینا اور نینا ندی سے پانی بھرنے وہاں آ گئیں. باتوں ہی باتوں میں ان کی بینا سے دوستی ہو گئی. ان کے نام بھی بینا سے ملتے تھے سو انہیں یہ بات اور بھی اچھی لگی. بینا رینا اور نینا نے فیصلہ کیا کہ وہ ہر روز شام کو ندی پہ کھیلنے آیا کریں گی. بینا نے سوچا کہ بابا کو تو میری کوئی فکر نہیں. میری سہیلیاں ہی میرے لیے سب کچھ ہیں. بابا محسوس کر رہے تھے کہ بینا اب ان سے خفا رہتی ہے. اماں ابا نے بینا کو ایک رات سونے سے پہلے بتایا کہ دونوں اس سے بہت پیار کرتے ہیں اور دن بھر اسی کے لیے کام کرتے ہیں لیکن بینا کو لگا یہ سب دل بہلانے کی باتیں ہیں. برسات کا موسم تھا اور بینا معمول کے مطابق اپنی سہیلیوں کے ساتھ ندی کنارے کھیلنے گئی ہوئی تھی. اس دن بابا نے بھی سوچا کہ بینا کو ندی پہ پہنچ کے خوشی دیں گے. بابا دل ہی دل میں دکھی تھے کہ ان کی گڑیا ان سے وقت نہ ملنے پہ خفا رہتی ہے. بابا نے بینا اور اس کی سہیلیوں کے لیے پھل لیے اور ندی کی طرف چل پڑے. راستے میں بارش ہونے لگی. ندی سے کچھ قدم دور انہیں چیخنے اور رونے کی آوازیں آنے لگیں. بینا ندی کے گرد کیچڑ ہونے کے باعث پھسل کر ندی میں جا گری تھی. ندی کا پانی برسات کی وجہ سے خطرناک حد تک اوپر آ چکا تھا. بینا اپنی سہیلیوں کو مدد کے لیے پکار رہی تھی لیکن نہ سہیلیاں اور نہ ہی ارد گرد موجود کوئی شخص اس خطرے میں پڑنا چاہتا تھا. بابا نے جیسے ہی اپنی ننھی گڑیا کو ڈوبتے دیکھا یک دم ندی میں چھلانگ لگا دی. سب لوگ پریشان تھے کہ باپ اور بیٹی میں سے کوئی نہ بچے گا. لیکن باپ کی محبت چھوٹی سی گڑیا کو کنارے تک کھینچ لائی. ننھی بینا نے ہوش سنبھالا تو اس نے چھوٹے چھوٹے آنسوؤں سے بھری موٹی موٹی آنکھوں سے اپنے بابا کو دیکھا اور گلے لگ کے رو دی:" بابا آپ اتنا پیار کرتے ہیں مجھ سے!" سبق: ماں باپ کی ہر کوشش اپنے بچوں کے لیے ہوتی ہے اور وہ چاہے جتنے مصروف ہوں ان کے دل میں ہر پل بچوں کی یاد ہوتی ہے. ماں باپ کے پیار کا کوئی نعم البدل نہیں.

لالچ بُری بلا ہے

عبدالقدوس

ویسے بھی سیلفی کا زمانہ ہے ایک آدھ سیلفی بھی لے لوں گا۔ واہ کیا تصاویر آئیں گے۔ کیسا اچھوتا منظر ہوگا چوہا شیر سوار پر۔ یہ تصویریں توہٹ ہوجائیں گی کہ ایک چوہا شیر پر سوار ہے۔ کیا ہی بہادر اور جرات مند چوہا ہے۔ وہ جھٹ پٹ اس پر سوار ہو گیا اور ادھر ادھر مختلف زاویوں سے سیلفیاں لینے لگا۔ اس کی دھما چوکڑی سے شیر بادشاہ کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے جھٹ چوہے کو اپنے مضبوط پنچہ میں دبوچ لیا۔ یہ "شیر اور چوہا" کی کہانی بہت پرانی اور زبان زد عام ہے۔ لیکن اس کہانی میں آج کے دور کو پیش نظر رکھتے ہوئے کچھ تبدیلی کی گئی ہے۔ تبدیل شدہ کہانی کچھ یوں ہے ایک دفعہ ایک شہری چوہا گھومتے گھماتے جنگل کے اندر چلا گیا۔ وہاں اس نے دیکھا کہ ایک شیر سو رہا ہے۔ اس نے سوچا جنگل کا بادشاہ ہے اس کی سواری کر کے دیکھتا ہوں۔ ویسے بھی سیلفی کا زمانہ ہے ایک آدھ سیلفی بھی لے لوں گا۔ واہ کیا تصاویر آئیں گے۔ کیسا اچھوتا منظر ہوگا چوہا شیر سوار پر۔ یہ تصویریں توہٹ ہوجائیں گی کہ ایک چوہا شیر پر سوار ہے۔ کیا ہی بہادر اور جرات مند چوہا ہے۔ وہ جھٹ پٹ اس پر سوار ہو گیا اور ادھر ادھر مختلف زاویوں سے سیلفیاں لینے لگا۔ اس کی دھما چوکڑی سے شیر بادشاہ کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے جھٹ چوہے کو اپنے مضبوط پنچہ میں دبوچ لیا۔ چوہا فوراً بولا بادشاہ سلامت آپ نے کہیں کہانی ضرور پڑھی ہوگی کہ ایک دفعہ ماضی میں بھی ایسے ہی ایک چوہا شیر کے اوپر اچھل کود کر رہا تھا۔ شیر نے جب اسے دبوچ لیا تو اس نے فوراً شیر سے عرض کیا۔ عالی جان اگرچہ جسم میں چھوٹا اور ناتواں ہوں لیکن ایک مخلص دوست کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ جب آپ کو میری ضرورت پڑی میں آپ کے کام آؤں گا۔ اس کے بعد کی کہانی تو آپ کو معلوم ہوگی کہ وہاں ایک شکاری آتا ہے جو شیر کو اپنے جال میں جکڑ لیتا ہے اس جال سے وہی چوہا شیر کو نجات دلاتا ہے۔ بہرکیف آگے آپ کی مرضی ہے۔ شیر اس کی چکنی چپڑی باتوں میں آجاتا ہے۔ اور ہنس کر کہتا ہے کہ کیا پدی کیا پدی کا شوربہ۔ لیکن پھر بھی میں تمھیں چھوڑ رہا ہوں۔ پھر تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ وہ شیر بھی کسی شکاری کے جال میں پھنس جاتا ہے۔ شیر فوراً واٹس ایپ کال کر کے چوہے کو بلاتا ہے کہ دوست آج دوستی کا حق ادا کرو۔ تمھیں خبر نہیں کہ میں مصیبت میں گرفتا ہوں۔ چوہا فوراً وہاں پہنچتا ہے اور ایک جانب سے جال کترنے لگتا ہے۔ لیکن یہ کیا اس سے جال کاٹا ہی نہیں جا رہا تھا۔ جال کے تار باریک لیکن بہت مضبوط اور الجھانے والے تھے۔ ادھر ناقص غذائیں کھا کھا کر اس کے دانت قدرے خراب ہو چکے تھے جو پہلے سے بھی انتہائی مضبوط اور دیدہ زیب جال کو نہ کاٹ سکے۔ اب وہ جال اس کے اپنے دانتوں میں ایسے الجھ گیا کہ وہ خود کو بھی نہ چھڑا پا رہا تھا۔ اتنے میں شکاری آتا ہے۔ اور فوراً اسے پکڑ کر مار دیتا ہے۔ کہ تو ہی وہ چوہا تھا جس نے پہلے بھی ایک شیر کو شکاری کے جال سے چھڑایا تھا۔

حاصل کلام:

☆بادشاہوں (امراء) کا قرب کئی اعتبار سے خطرناک ہے۔ وہ اگرچہ کچھ نہ کہیں ان کے دشمن بھی (جانے، انجانے میں) آپ کی جان لے سکتے ہیں۔

☆بعض اوقات سیلفی کے شوقین خود کو انتہائی مصیبت بلکہ ہلاکت میں ڈال لیتے ہیں اس سے احتیاط بہتر ہے۔ جیسا کہ چوہا اپنی کمزوریوں سے آگاہ ہی نہیں تھا لہٰذا شیر کو کیا بچاتا اپنی جان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھا۔

☆اپنی طاقت وتوانائی کے مطابق کام ہاتھ میں لینا چاہئے اس کے برعکس تباہی و بربادی ہے۔

☆اچھل کود اور گھمنڈ سے مسائل حل نہیں ہوتے اس کے لئے بہتر تدبیر وحکمت عملی ضروری ہے۔

غرور کا سر نیچا

ایمان فاطمہ (لاہور)

ایک مرغی اپنے بچوں کے ساتھ کسی گاؤں میں رہتی تھی ۔سب بچوں میں سب سے زیادہ شریر چنو تھا۔ اپنی ماں سے نظر بچا کر کہیں دور جا کے کھیلنا اسکا پسندیدہ مشغلہ تھا ۔ایک دن جب باقی سارے بچے اپنی ماں کے ساتھ دانا چگنے میں مصروف تھے ۔چنو کے شریر دماغ میں یہ بات آئی کہ بھلا یہ بھی کوئی جینا ہے مجھے کہیں گھومنے جانا چاہیے ۔یہ خیال دماغ میں اتے ہی اس نے پورا پلان بنا لیا ۔اس نے سوچا جیسے ہی ماں کا دہان اس پر سے ہٹے گا وہ چپکے سے نکل جائے گا اور تھوڑی دیر تک گھوم پھر کے واپس آجائے گا۔ موقع پا کر وہ نکلنے میں کامیاب ہو گیا اور بہت خوش تھا کہ آج آزادی سے گھوم پھر کر آؤں گا۔ تھوڑی دیر میں کافی دور آ گیا تھا وہ دیکھا تو وہاں کچھ بطخ کے بچے کھیل رہے تھے یہ بھی انکے ساتھ کھل میں مصروف ہوگیا اور ٹائم کا پتا ہی نہ چلا اور شام ہوگئی دوسری طرف اسکی ماں بہت پریشان تھی اسکو نہ پا کر ۔خیر اب چنو میاں کی حالت خراب ہوئی کہ گھر واپس کیسے جایں اب تو اندھیرا ہونے والا ہے ۔جب بطخ کو پتا چلا کہ یہ کہانی ہے تو اسنے چنو میاں کو خوب ڈانٹا کہ بھلا ماں کو بتا٭ بغیر بھی کوئی بچہ اتنی دور آتا ہے۔

ماں کا کیا حال ہو رہا ہوگا رو رو کے ۔اب چنو میاں کو بھی احساس ہوا کہ انسے غلطی ہوگئی ہے ۔؛ بطخ انکو چھوڑ نے گھر تک گئی تو دیکھا سب پریشان بیٹھے ہیں ۔ماں نے جیسے ہی بچے کو دیکھا اسکی جان میں جان آئی ۔ پہلے تو پیار کیا مگر بعد میں خوب ڈانٹا۔ ساتھ ہی بطخ کا شکریہ ادا کیا اگر آج وہ ساتھ نہ ہوتی تو پتا نہیں چنو کا کیا بنتا۔ آیندہ کے لیے چنو میاں نے بھی توبہ کر لی تھی ایسی کوئی بھی حرکت کرنے سے کیونکہ انکو بھی احساس ہو گیا تھا کہ تھوڑی دیر کی تفریح کی خاطر وہ کسی مصیبت میں بھی پھنس سکتے تھے ۔اس لی٭ انہوں نے فیصلہ کیا کہ آیندہ کبھی ایسی حرکت نہیں کریں گے بلکہ صرف ماں کے ساتھ رہیں گے۔

راستہ تلاش کیجئے

شبیر چاچا

مریم عارف (کراچی)

علی ہاتھ میں پکڑی فائل کو چارپائی پہ پٹختے ہوئے خود بھی تھکا تھکا سا چارپائی پہ گر گیا۔ کیا ہوا علی؟ آج بھی نوکری کا کہیں سے آسرا نہیں ملا؟ علی کو پانی کا گلاس پکڑاتے ہوئے اس کی ماں نے اس کے مایوس چہرے سے روز کا اندازہ لگایا۔ نہیں امی۔ مجھے لگتا ہے کہ نوکری میری قسمت میں ہی نہیں ہے۔ مجھے تو اپنی ساری پڑھائی ضایع ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ نہیں بیٹا۔ ایسے نہیں کہتے۔ اللہ کی ذات سے مایوس نہیں ہوتے۔ امی کے ٹوکنے پہ وہ خاموش ہوگیا۔ علی آج پڑوس سے صابرہ اور جمیلہ آئی تھیں۔ وہ کہہ رہی تھیں کہ تم ان کے بچوں کو تھوڑا سا ٹائم پڑھا دیا کرو۔ پڑوس کے بچے؟ یہ مجھے کیا ٹیوشن فیس دیں گے۔ پہلے سے شکستہ دل علی کا ماں کی بات پہ منہ بن گیا۔

علی! یہ آج کل تمہیں کیا ہوتا جا رہا ہے۔ مت بھولو کہ تم بھی کبھی انہیں بچوں کی طرح پڑھائی میں مدد کے لیے ادھر ادھر پھرتے تھے۔ ماں کے سچائی بیان کرنے پر علی کو بے اختیار بچپن کے وہ دن یاد آ گئے جب پڑھائی میں مشکل پیش آنے کی وجہ سے غربت کے باعث اس کو کم فیس پر کوئی ٹیوشن پڑھانے کو تیار نہیں تھا۔ اس نے اللہ کی مدد کے بعد ماں باپ کی دعاؤں اور اپنی انتھک محنت کے بل بوتے پہ ایم فل کیا تھا۔ وہ اپنی سوچ پہ شرمندہ ہوگیا۔ دیکھو بیٹا تم آج کل ویسے بھی فارغ ہو اس لیے اگر تم اپنی تعلیم کا یہاں پہ فائدہ دیتے ہوئے بنا کسی لالچ اور غرض کے ان غریب بچوں کی پڑھنے میں مدد کر دو تو کیا پتا اللہ تمہارے اس عمل سے خوش ہو کر تمہارے روزگار کے لیے کوئی در وا کر دے۔

ماں کی بات پہ اس کی آنکھوں میں چمک آ گئی اور اس نے دل کی رضامندی سے رات کا ڈیڑھ گھنٹہ محلے کے بچوں کو پڑھانے کی حامی بھر لی۔ بچوں کو پڑھانے میں علی کو بہت مزہ آنے لگا۔ ان بچوں کو پڑھاتے اسے ان باتوں کو بھی سیکھنے، سمجھنے اور ذہن نشین کرنے کا موقع مل رہا تھا جنہیں وہ زمانہ طالبعلمی میں صرف پڑھتا تھا۔ وہ تا حال دن کو نوکری کے لیے بھٹک رہا تھا لیکن رات کو اس سے مفت میں ٹیوشن پڑھنے والے بچوں میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ دن کو ہونے والی خواری اور تھکن کے بعد رات کے ان ڈیڑھ گھنٹوں کے پرلطف لمحات نے اس کے ذہن میں ایک نیا خیال ڈالا۔ کچھ دنوں سے علی بہت پریشان اور الجھا الجھا سا پھر رہا تھا۔ بچوں کو پڑھانے میں بھی اس کی عدم دلچسپی صاف ظاہر ہو رہی تھی۔ آج تو اس نے گھر آئے بچوں کو بھی چھٹی دے دی۔ بچوں کے جانے کے بعد وہ سر تھامے بیٹھا تھا کہ ٹیوشن پڑھنے آنے والے بچوں تنویر اور توقیر کے والد شبیر کے سلام کرنے پہ سر اٹھایا۔ وعلیکم السلام۔ شبیر چاچا آپ؟ بیٹھیے۔ علی نے چارپائی پہ ان کے لیے جگہ بنائی۔ کیا بات ہے بیٹا؟ آج کل کوئی پریشانی ہے؟ ارے نہیں چاچا۔ ایسی کوئی بات نہیں۔ علی نے پھیکی ہنسی سے انہیں ٹالنا چاہا۔ پریشانی بتانے سے اگر ختم نہیں ہوتی تو دل کا بوجھ ضرور کم ہو جاتا ہے سو اگر اعتماد کرو تو مجھے بتا دو۔ شبیر چاچا کی بات پہ اس کے دل کو حوصلہ ملا۔

امریکہ چین تجارتی معاہدہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات کے بعد کہا کہ چین نے دنیا کو نایاب معدنیات کی برآمد جاری رکھنے پر اتفاق کرلیا ہے جبکہ امریکہ چین سے درآمد ہونے والی فینٹانائل سے متعلق اشیاء پر عائد محصولات کو 20 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد کردے گا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ تمام نایاب معدنیات کا معاملہ صرف امریکہ کا نہیں بلکہ پوری دنیا کا تھا، اب اِس پر کوئی رکاوٹ نہیں رہی، اُمید ہے کہ کچھ عرصے کے لئے یہ لفظ لغت سے غائب ہوجائے گا۔ بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے یہ بات دورہ ایشیاء مکمل کرنے کے بعد جنوبی کوریا سے روانگی کے بعد صدارتی طیارے میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ 2019ء کے بعد دونوں عالمی رہنماؤں کے درمیان ہونے والی یہ پہلی دوبدو ملاقات تھی جو جنوبی کوریا کے شہر بوسان میں ہوئی۔ دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے لیڈروں کے درمیان ہونے والی یہ ملاقات تجارتی مسائل پر مہینوں کی ہنگامہ آرائی کے بعد تعلقات کو مستحکم کرنے کا ایک موقع ثابت ہوئی۔ جنوبی کوریا کے سرکاری میڈیا کے مطابق صدر شی اور صدر ٹرمپ نے قریباً ایک گھنٹہ 40 منٹ تک بات چیت کی جس کے بعد ٹرمپ نے اپنے طیارے میں صحافیوں سے بات چیت کے دوران کہا کہ آئندہ ایک سال کے لئے چین پر موجودہ ٹیرف کی شرح 57 فیصد سے کم کر کے 47 فیصد کر دی گئی ہے۔ امریکی صدر نے معاہدے کی مزید تفصیلات تو نہیں بتائیں البتہ یہ امکان ضرور ظاہر کیا کہ اِس معاہدے میں توسیع کی جائے گی۔ اُنہوں نے چینی صدر کے ساتھ ملاقات کو شاندار قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس میں کئی بڑے فیصلے کیے گئے، چین نہ صرف امریکی سویابین اور دیگر زرعی اجناس کی بڑی مقدار میں خریداری فوراً شروع کرے گا بلکہ وہ امریکہ سے توانائی کی خریداری بھی جلد شروع کردے گا۔

صدر شی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کے دوران کہا کہ چند دن قبل دونوں ممالک کے مذاکرات کار ایک دوسرے کے بنیادی خدشات کو حل کرنے کے لئے بنیادی اتفاقِ رائے تک پہنچ چکے تھے، ضروری ہے کہ اب فالو اَپ اقدامات جلد طے کیے جائیں تاکہ یہ سمجھوتے مؤثر طریقے سے نافذ ہوں اور دونوں ممالک کے ساتھ ساتھ عالمی معیشت میں بھی اعتماد پیدا ہو، وہ امریکہ کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کے تعلقات کی مضبوط بنیاد رکھنے کے لئے کام جاری رکھنے کو تیار ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ چین اور امریکہ کو شراکت دار اور دوست ہونا چاہئے، یہی تاریخ کا سبق اور موجودہ وقت کی ضرورت ہے، دونوں اقوام کی خصوصیات مختلف ہیں اِس لئے ہر معاملے میں یکساں نقطہ نظر رکھنا ممکن نہیں جبکہ دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے درمیان وقتاً فوقتاً اختلافات آنا فطری بات ہے تاہم تمام تر چیلنجوں کے باوجود درست سمت میں رہتے ہوئے اِس تعلق کو آگے بڑھانا ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ چین کسی ملک کو چیلنج یا اُس کی جگہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا، اِس کا مقصد ہمیشہ اپنی ترقی کو بہتر بنانا اور دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ ترقی کے مواقع بانٹنا رہا ہے اور یہی چین کی کامیابی کا راز ہے۔ صدر شی نے حالیہ برسوں کے دوران دونوں ممالک کے تعلقات میں آنے والے اُتار چڑھاؤ کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ اِن سے دونوں ممالک نے سبق سیکھا ہے، کاروباری تعلقات کو دونوں ممالک کے درمیان رکاوٹ یا تنازعہ بننے کے بجائے استحکام اور پیشرفت کا محرک بننا چاہئے، تصادم سے بات چیت بہتر ہے، دونوں ممالک کے درمیان غیر قانونی ہجرت، ٹیلی کام فراڈ، منی لانڈرنگ، مصنوعی ذہانت اور وبائی امراض کے خلاف تعاون کے وسیع امکانات ہیں، متعلقہ محکموں کو بات چیت اور تبادلوں کو مضبوط بنا کر مشترکہ مفاد میں عملی تعاون کرنا چاہئے۔ امریکی صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکہ اور چین کے تعلقات ہمیشہ شاندار رہے ہیں جو مستقبل میں مزید بہتر ہوں گے، وہ صدر شی کے ساتھ مل کر اِنہیں مزید ترقی کی بلندیوں تک لے جائیں گے، امریکہ کا سب سے بڑا شراکت دار چین ہی ہے، دونوں مل کر دنیا کے لئے بڑی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ وائٹ ہاؤس کے حکام کا کہنا ہے کہ ٹرمپ اور شی جن پنگ کے درمیان ہونے والی یہ ملاقات آئندہ سال مزید ملاقاتوں کی بنیاد رکھ سکتی ہے جن میں ممکنہ طور پر دونوں ممالک کے دورے بھی شامل ہوں گے تاہم ٹرمپ فوری نتائج چاہتے ہیں کیونکہ دنیا بھر کی کاروباری برادری اِن مذاکرات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق دونوں صدور نے اقتصادی، تجارتی اور توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے اور عوامی سطح پر رابطوں میں اضافہ کرنے پر اتفاق کیا، طے پایا کہ دونوں رہنما باقاعدہ رابطے برقرار رکھیں گے، امریکی صدر نے آئندہ سال کے اوائل میں چین کا دورہ کرنے کی خواہش ظاہر کی جبکہ انہوں نے صدر شی کو بھی امریکہ کے دورے کی دعوت دی۔ اِس ملاقات کی خبر جیسے ہی میڈیا پر آئی تو چینی سٹاک مارکیٹ 10 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی جبکہ یوآن کی قدر میں بھی تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا کیونکہ معاشی مبصرین کے نزدیک اِس ملاقات کے بعد تجارتی کشیدگی میں کمی آئے گی۔

یاد رہے کہ چین۔امریکہ تجارتی جنگ اُس وقت دوبارہ شدت اختیار کر گئی تھی جب چین نے ہائی ٹیک صنعتوں میں استعمال ہونے والی نایاب معدنیات کی برآمدات پر مزید پابندیاں عائد کرنے کی تجویز دی تھی اور اِس کے جواب میں امریکہ نے 100 فیصد اضافی محصولات اور امریکی سافٹ ویئر سے تیار کردہ مصنوعات کی چین کو برآمد پر ممکنہ پابندیوں کی دھمکی دے دی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین نے فینٹانائل کے کیمیکل کی سپلائی کم کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ امریکہ نے اِس کے بدلے چین کو کیا رعایت دی۔ معاشی ماہرین اِس معاملے پر اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں کہ نایاب معدنیات کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ واضح رہے کہ نایاب معدنیات کے 17 ایسے عناصر ہیں جو گاڑیوں، طیاروں اور ہتھیاروں میں انتہائی اہم مگر معمولی مقدار میں استعمال ہوتے ہیں

، یہ عناصر امریکہ اور چین کی تجارتی جنگ میں چین کے لئے ایک اہم دباؤ کا ذریعہ بن گئے تھے۔ چین کی طرف سے اپریل میں لگائی گئی برآمدی پابندیوں کے نفاذ کے بعد دنیا بھر میں نایاب معدنیات کی قلت پیدا ہوگئی تھی خاص طور پر اُن مقناطیسوں کی جو گاڑیوں کی تیاری میں استعمال ہوتے ہیں جس کے باعث کچھ کار ساز کمپنیوں کو پیداوار روکنا پڑی تھی۔ اپریل کے بعد رواں ماہ چین نے اِن پابندیوں کو بڑھاتے ہوئے مزید 12 عناصر اور اُن کے پراسیسنگ کے آلات کو بھی کنٹرول کی فہرست میں شامل کر دیا تھا یہ نئی پابندیاں نومبر کے اوائل میں نافذ ہونا ہیں تاہم تاحال یہ واضح نہیں ہو سکا کہ مذکورہ معاہدے میں پرانی اور نئی تمام برآمدی پابندیاں شامل ہیں یا پھر یہ معاہدہ صرف اکتوبر میں عائد کردہ نئی توسیع سے متعلق ہے۔

چین کی ترقی ”امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے“ کے ٹرمپ کے وژن کے ساتھ ہم آہنگ ہے، چینی صدر

دونوں طاقتور ممالک کے درمیان محاذ آرائی سے عالمی معیشت متاثر ہو رہی تھی، سٹاک مارکیٹوں پر شدید دباؤ تھا، زیادہ تر سرمایہ کار محتاط رویہ اپنائے ہوئے تھے تاہم اب معاہدہ ہو جانے کے بعد دنیا بھر کی سٹاک مارکیٹوں میں مثبت پیشرفت نظر آئی کیونکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا جبکہ دنیا بھر کے مالیاتی معاملات میں اِس کے بعد بہتری بھی نظر آئے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ جب سے صدر بنے ہیں وہ دنیا بھر کے ممالک سے نہ صرف ٹیرف کے معاملات طے کر رہے ہیں بلکہ نایاب معدنیات اُن کی توجہ کا خصوصی مرکز و محور ہیں، چین سے تجارتی معاملات میں بھی اِن کی حیثیت مرکزی تھی کیونکہ یہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے تیار کی جانے والی کئی اشیاء کا ناگزیر حصہ ہیں، اِن کے بغیر بہت سی اشیاء کی پیداوار رُک جاتی ہے۔

مینا کماری

رئیس فاطمہ

ماں باپ نے نام رکھا مہ جبیں بانو، چھوٹی عمر میں فلموں میں کام کیا تو بے بی مینا کہلائیں اور جب پردہ سیمیں پہ اپنے جلوے بکھیرے تو مینا کماری کہلائیں، وہ یکم اگست 1932 کو علی بخش اور اقبال بیگم کے گھر پیدا ہوئیں۔ اقبال بیگم علی بخش کی دوسری بیوی تھیں، پہلی بیوی سے ان کی دو بیٹیاں اور تھیں مدھو اور خورشید، جو مینا کماری کی سوتیلی بہنیں تھیں۔ خورشید اپنے زمانے میں بہت بڑی ہیروئن اور گلوکارہ تھیں، انھوں نے کندن لال سہگل کے ساتھ بہت سی فلموں میں کام کیا۔ ان کی شکل وصورت بھی مینا کماری سے بہت ملتی تھی۔

مینا کماری نے یوں تو بے شمار فلموں میں کام کیا، لیکن ان کی تین فلمیں ایسی ہیں جو دیکھنے والوں کو مدتوں یاد رہیں گی۔ ان میں ”بیجو باورا“ بھارت بھوشن کے ساتھ۔ ”صاحب بی بی اور غلام“ گرودت کے ساتھ اور بلاک بسٹر فلم ”پاکیزہ“ جو راج کمار کے ساتھ کی تھی۔ آج بھی دیکھنے والوں کو مسحور کر دیتی ہے۔ اس کی موسیقی اس کمال کی ہے کہ موسیقی کے رسیا اس کی چاشنی میں ڈوب جاتے ہیں۔ اس کا ایک ڈائیلاگ بہت مشہور ہوا تھا ” آپ کے پاؤں بہت خوبصورت ہیں، انھیں زمین پر مت رکھیے گا“ تمام گانے ہٹ ہوئے اور آج تک لوگوں کے دلوں کو گرما رہے ہیں، خاص کر یہ گیت:

(1)۔یوں ہی کوئی مل گیا تھا سرِ راہ چلتے چلتے

(2)۔انھی لوگوں نے لے لیا دوپٹہ مرا

(3)۔تھارے رہیو اور بانکے یار

یہ فلم 1972 میں بنی تھی اور اگلے پچھلے تمام ریکارڈ مقبولیت کے ٹوٹ گئے تھے۔ پاکیزہ مینا کماری کی موت کے بعد ریلیز ہوئی تھی۔ اسی طرح ”صاحب بی بی اور غلام“ میں مینو ممتاز کے رقص پر مبنی یہ گیت بھی بہت مقبول ہوا۔

ساقیا آج مجھے نیند نہیں آئے گی
سنا ہے تیری محفل میں رت جگا ہے

اسی طرح ”بیجو باورا“ کے گیت۔

او دنیا کے رکھوالے، سن درد بھرے میرے نالے
جھولے میں پون کے آئی بہار پیار چھلکے
تو گنگا کی موج میں جمنا کا دھارا
رہے گا ملن یہ ہمارا تمہارا

مینا کماری کی ماں انھیں بچپن ہی میں فلموں میں لے آئی۔ دراصل وہ ایک اسٹیج ڈانسر تھی، شادی کے بعد بھی اسٹیج پہ کام کرتی رہی۔ والد علی بخش بھی ایک اداکار بننا چاہتے تھے لیکن قسمت نے ان کا ساتھ نہ دیا، مینا کماری ماں اور باپ دونوں کی خواہشوں کے پیش نظر اداکارہ بن گئی۔ سات سال کی عمر میں ”فرزند وطن“ نامی فلم میں کام کیا اور اس کی اداکاری دیکھ کر فلم ساز اسے فلموں میں لینے کو بے تاب تھے۔

پوجا، ایک ہی بھول، نئی روشنی، کسوٹی، بانہیں، غریب، پرتگیا، لال حویلی، دنیا ایک سرائے، بچوں کا کھیل، پیا گھر آجا اور بچھڑے بالم۔ بہ حیثیت چائلڈ اسٹار کے طور پہ ان فلموں میں کام کیا اور خوب داد سمیٹی۔ 1950 میں مینا کماری کی ایک فلم ”شری گنیش“ ریلیز ہوئی، جس میں اس نے ہیروئن کا رول کیا۔ اس کے بعد تو جیسے فلموں کی جھڑی لگ گئی۔ 1950 میں مینا کماری کی تین اور فلمیں ریلیز ہوئیں، انمول رتن، ہمارا گھر اور مفرور۔

1951 میں مینا کی چار فلمیں ریلیز ہوئیں۔ صنم، مدھوش، لکشمی نارائن اور الزام۔ اب وہ بڑے بڑے ہدایات کاروں کی نظروں میں آ چکی تھیں۔ وجے بھٹ ”بیجو باورا“ بنانا چاہتے تھے لیکن انھیں اب تک ہیروئن نہیں مل پا رہی تھی، مینا کماری وجے بھٹ کی ہی دریافت تھی، قرعہ فال اس کے حق میں گرا اور اس فلم نے مینا کماری کی تقدیر بدل دی۔ ہر طرف مینا کماری کے چرچے تھے، فلم ”بیجو باورا“ نے کامیابی کی معراج کو چھولیا۔ اشوک کمار نے ”پری نیتا“ شروع کی تو اس نے بھی مینا کو ہیروئن کا درجہ دیا۔ وہ فلم ”تماشا“ میں مینا کے جوہر دیکھ چکے تھے۔ ”پری نیتا“ مینا کماری کے فلمی کیریئر میں سنگ میل کا درجہ رکھتی ہے۔

اس کے بعد فلموں کی لائن لگ گئی۔ اسی سال مینا کی پانچ فلمیں ریلیز ہوئیں۔ دو بیگھا زمین، نولکھا ہار، فٹ پاتھ میں وہ دلیپ کمار کے ساتھ جلوہ گر ہوئیں۔ ”دائرہ“ یہ فلم کمال امروہوی کی تھی جس کی شوٹنگ کے دوران دونوں ایک دوسرے کے قریب آ گئے۔ مینا رات دن کمال امروہوی کے سپنے دیکھا کرتی تھیں۔ 15 فروری 1952 میں دونوں کی شادی ہوگئی۔ اس وقت مینا کی عمر انیس سال اور کمال امروہوی کی عمر چونتیس سال تھی۔ سچ کہا ہے کسی نے کہ محبت اندھی ہوتی ہے۔ اس وقت مینا نے نہ یہ سوچا کہ کمال شادی شدہ اور بچوں کا باپ ہے اور اس کی عمر زیادہ ہے۔ مینا کماری اپنے عروج پر پہنچ چکی تھی۔ بڑے بڑے بینر اسے سائن کرنے کے لیے بے تاب تھے۔

یہ وہ دور تھا جب ہر ٹاپ کا ہیرو مینا کماری کے ساتھ کام کرنا چاہتا تھا، 1954 میں اس کی تین فلمیں ریلیز ہوئیں الزام، چاندنی چوک اور بادبان۔ مینا اسی طرح کامیابی کی منزلیں تیزی سے طے کر رہی تھی، لیکن اب وہ کمال امروہوی مینا کماری کے مقابلے میں احساس کمتری کا شکار ہونے لگے۔ برصغیر کا مرد ہمیشہ اپنی بیوی سے آگے رہنا چاہتا ہے۔ بیوی خواہ اداکارہ ہو، افسانہ نگار ہو، سیاست دان ہو،

مریم نواز شریف، ریکھا گپتا اور اسموگ کا عذاب

تنویر قیصر شاہد

ہمارے حکمرانوں کو عوام کی صحت اور تعلیم بارے کتنی فکر ہے، اِس کا اندازہ ہمیں صوبائی اور وفاقی بجٹوں میں صحت اور تعلیم کے لیے مختص کی گئی رقوم ہی سے ہوجاتا ہے۔ اِس کے برعکس مغربی حکمران اور ممالک صحت اور تعلیم کو اوّلین حیثیت دیتے ہیں، جب کہ ہمارے ہر قسم کے چھوٹے بڑے حکمران سیاست کو اوّلین درجے پر رکھ کر اپنے اقتداری اور اعلیٰ سرکاری سہولتی ایام گزارنا چاہتے ہیں۔

ہمارے اخبارات میں بھی صحت اور تعلیم کی خبریں فرنٹ پیج کی بجائے اندرونی صفحات پر جگہ پاتی ہیں۔ یہ طرزِ صحافت بھی ہمارے اجتماعی رویئے کا عکاس ہے۔ حکمرانوں اور میڈیا کے اِس مجموعی اندازِ حیات سے وطنِ عزیز میں صحت اور تعلیم کے سرکاری اداروں میں جو درگت بن رہی ہے، یہ ہم سب کے سامنے ہے۔ آج ہمارے سینے میں صحت بارے جو درد اُٹھا ہے، اِس کی ایک بڑی وجہ پنجاب کے کئی شہروں میں اسموگ (Smog) کے اُمنڈتے مہلک طوفان ہیں۔ جوں جوں سرما کے روز وشب نزدیک تر آتے جارہے ہیں، خصوصاً پنجاب کے کئی بڑے شہروں میں اسموگ کے سبب صحت کو خطرات بھی بڑھتے جارہے ہیں۔

عجب بات ہے کہ پاکستان کی مغربی سرحد پر ٹی ٹی پی، ٹی ٹی اے اور بی ایل اے کے دہشت گردوں (جنھیں بلاشبہ بھارت کی شہ اور مالی اعانت میسر ہے) کے پھیلائے خوف کے سائے چھائے ہیں اور پاکستان کی مشرقی سرحد پر اسموگ کے سیاہ سایوں نے عوام میں خوف پھیلا رکھا ہے۔ مشرقی سرحد کے اِس پار ہماری اولوالعزم وزیر اعلیٰ پنجاب، محترمہ مریم نواز شریف، اسموگ کے خلاف جنگ جیتنے کی تیاریاں کررہی ہیں، اور اُدھر سرحد سے پار دہلی کی خاتون وزیر اعلیٰ (ریکھا گپتا) بھی اسموگ سے دودو ہاتھ کرتی نظر آرہی ہیں۔

صحت کے عالمی ادارے بہرحال یہ اعلان کر چکے ہیں کہ لاہور اور دہلی دُنیا کے آلودہ ترین شہر ہیں کہ اسموگ نے اِن تاریخی شہروں کو اپنی سیاہ گرفت میں لے رکھا ہے۔ سردیاں اُترتے ہی دونوں شہروں کی خوفناک آلودگی میں اسموگ کئی گنا اضافہ کر دیتی ہے۔ عجب بات یہ بھی ہے کہ لاہور اور دہلی کے حکمران ہمیشہ مسموم اسموگ کے حوالے سے ایک دوسرے کو موردِ الزام ٹھہراتے ہیں کہ لاہور اور دہلی کی آلودہ فضائیں ایک دوسرے سے دُور بھی نہیں ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب، محترمہ مریم نواز شریف، نے جس طرح پنجاب کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بیک وقت کئی ایک پراجیکٹس شروع کررکھے ہیں، اِسی طرح اُنھوں نے اسموگ کے مہلک موسم کے تدارک کے لیے بروقت اور جانفشانی سے کئی اقدامات شروع کیے ہیں
-

اِن اقدامات کو اُن کا وژن کہہ لیں یا پنجاب کے عوام کی صحت کے لیے فکر مندی کا نام دے لیں یا اُن کی انتظامی مجبوریاں، جو بھی ہے وہ اسموگ کے خلاف جنگ جیتنے کے لیے میدانِ عمل میں ہیں۔ اِس بارے اُن کا شروع کردہ ائرکوالٹی ناپنے کا نیا منصوبہ (Air Quality Index Forecasting) قابلِ تحسین ہے۔ اِس منصوبے کے بروئے کار آنے سے فوری طور پر عوام الناس کے علم میں یہ لایا جانا سہل ہوگیا ہے کہ اُن کے اردگرد فضا کی کوالٹی کیسی ہے اور اس کی وجہ سے اسموگ سے کیسے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔

اسموگ کے خلاف جنگ جیتنے کے لیے محترمہ مریم نواز شریف کے حکم یا تجویز پر پنجاب کی سینئر وزیر، محترمہ مریم اورنگزیب، بھی پوری توانائی کے ساتھ میدان میں ہیں۔ اِس ضمن میں اُنہیں وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے پوری رہنمائی میسر ہیں؛ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اسموگ کے خلاف پنجاب میں گرینڈ آپریشن بھی جاری ہیں اور اِس سلسلے میں ڈرونز کے ذریعے نگرانی بھی کی جارہی ہے۔

اسموگ گنز اور اینٹی اسموگ مشینری کے نئے اور جدید طریقے بھی متعارف کروائے گئے ہیں (اگرچہ اِن طریقوں کے خلاف پی ٹی آئی کے Key Warriers حسبِ سابق پنجاب کی مقتدر نون لیگ کے خلاف پوری طرح متحرک ہو کر اِن اقدامات میں کیڑے بھی نکال رہے ہیں)۔ پنجاب حکومت مگر اِن ہتھکنڈوں سے گھبرائے بغیر اسموگ کے خلاف اپنے مقررہ اہداف کی طرف بڑھ رہی ہے۔ اگلے روز محترمہ مریم اورنگزیب نے لاہور کے ایک معروف گرلز کالج میں جو مفصل خطاب کیا ہے، اِس کے مندرجات بھی ہمیں بتاتے ہیں کہ خود وزیر موصوفہ اور اُن کی باس، وزیر اعلیٰ پنجاب، اسموگ کی ضرر رسانیوں سے عوام کو بچانے کے لیے سنجیدہ کوششیں کررہی ہیں۔ یہ کوششیں مگر اُس وقت ہی کامیابیوں سے ہمکنار ہوسکتی ہیں جب عوام کا کثیر حصہ بھی سنجیدگی اور تندہی سے حکومتی اقدامات کا ساتھ دے۔

عوام جب تک حکومت سے تعاون نہیں کریں گے، اسموگ کے عذاب سے مکمل نجات نہیں ملے گی کہ اسموگ کا عذاب انسانوں کی بیہودگیوں، غلطیوں اور بے اعتدالیوں کا نتیجہ ہے۔ مثال کے طور پر اگر عوام (1) فصلوں کی باقیات کو نذرِ آتش نہ کریں (2) چھوٹی صنعتوں میں ٹائروں کو آگ نہ لگائیں (3) دھواں چھوڑتی گاڑیوں کو سڑکوں پر نہ لائیں (4) بھٹہ خشت میں وہ طریقہ استعمال نہ کریں جس بارے حکومت نے منع کررکھا ہے۔

اسموگ کا جو عذاب پاکستانی پنجاب کے دارالحکومت اور پاک بھارت سرحد کے آس پاس واقع پنجاب کے کئی دیگر پاکستانی شہروں کو درپیش ہے، ویسا ہی عذاب بھارتی دارالحکومت اور بھارتی پنجاب کے کئی دیگر شہروں کو بھی درپیش ہے۔ گویا ”لہندا تے چڑھدا پنجاب“ اسموگ کے حوالے سے یکساں مسائل سے دوچار ہیں۔ بھارتی پنجاب سے پاکستانی پنجاب کی جانب اُمنڈتی اسموگ زدہ ہوائیں ہمیں زیادہ نقصان پہنچا رہی ہیں۔ مسئلہ مگر یہ ہے کہ بھارتی پنجاب اور نئی دہلی پاکستان سے تعاون کرنے سے دانستہ گریزاں ہے۔

واقعہ مگر یہ ہے کہ دہلی اور بھارتی پنجاب کی کروڑوں کی آبادی بھارتی بھٹہ خشت، بھارتی کسانوں کی جانب سے فصلوں کو لگائی گئی آگ، فیکٹریوں اور بے پناہ ٹریفک کے پیدا کردہ زہریلے دھوئیں سے اُسی طرح شدید متاثر ہو رہی ہے جس طرح لاہور، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، ملتان وغیرہ متاثر ہورہے ہیں۔ بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ (بھگونت سنگھ مان) اور نئی دہلی کی خاتون وزیر اعلیٰ (ریکھا گپتا) دونوں ہی اسموگ کے عذاب سے نمٹنے کے لیے ہاتھ پاؤں تو مار رہے ہیں، مگر فی الحال کامیابی سے ہمکنار نہیں ہورہے۔ لاہور اور دہلی کے کئی علاقوں میں اسموگ کی شدت 350 اور 500 کے درمیان ناپی جارہی ہے اور یہ مہلک شدت صحت کے عالمی پیمانوں سے 25 فیصد زیادہ ہے۔ لاہور اور دہلی کا AQI (ائرکوالٹی انڈیکس) انسانی صحت کی بربادی کے لیے کافی ہوچکا ہے۔

چندروز قبل ریکھا گپتا نے نئی دہلی اور اس کے آس پاس بسنے والے تین کروڑ نفوس کو اسموگ کے سیاہ اور ہلاکت خیز عذاب سے بچانے کے لیے مصنوعی بارش برسانے کا تجربہ کیا ہے۔ یہ تجربہ ایک چھوٹے سیسنا طیارے کے ذریعے کیا گیا۔ اِس تجربے کو Cloud Seeding کہا گیا ہے۔ بھارتی پنجاب اور نئی دہلی کے وزرائے اعلیٰ کا کہنا ہے کہ مخصوص نمک اور مخصوص کیمیکل کا چھڑکاؤ بادل کے ایک چھوٹے سے ٹکڑے پر (بطورِ تجربہ) کیا گیا ہے۔ مبینہ طور پر یہ تجربہ مثبت ثابت ہُوا ہے۔ جس طرح وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کو سینئر صوبائی وزیر محترمہ مریم اورنگزیب کی صورت میں ایک بہترین ساتھی میسر ہے، اِسی طرح نئی دہلی کی وزیر اعلیٰ، ریکھا گپتا، کو بھی منجندر سنگھ سرسہ کی شکل میں ایک اچھا وزیر ملا ہُوا ہے۔

منجندر سنگھ ہی نئی دہلی اور مشرقی پنجاب کو اسموگ کے عذاب سے نجات دلانے کے لیے سرگرم ہیں۔ اب دیکھتے ہیں کہ سردیاں عروج کو پہنچنے پر ہماری وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف اور سینئر صوبائی وزیر محترمہ مریم اورنگزیب اسموگ پر غالب آتی ہیں یا ریکھا گپتا اور منجندر سنگھ سرسہ۔ یہ بھی دعا اور توقع ہے کہ سرحد کے آر پار واقع پنجاب کے دونوں حصوں کے وزرائے اعلیٰ اسموگ کے خاتمے کے لیے ایک دوسرے سے تعاون کرسکیں۔

نااہلی کا اعتراف ناممکن

محمد سعید آرائیں

جماعت اسلامی پاکستان کے سب سے کم عمر امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ملک پر نااہل لوگ قابض رہے اور ہیں انھیں 78 سال کی ناکامی کا اعتراف کرنا چاہیے۔ اب تک آمر، سیاستدان، جاگیردار اور سرمایہ دار حکمران رہے مگر کسی نے بھی ملک کو درست طریقے سے نہیں چلایا، اب ہم نومبر میں 'نظام بدلو تحریک' کی بنیاد رکھیں گے۔

ملک کے نوجوانوں کو پاکستان سے مایوس کیا جاتا ہے جب کہ ملک میں سب کچھ موجود ہے اور آیندہ مستقبل سیاسی قبضہ گروپوں کا نہیں، نوجوانوں کا ہے۔

حافظ نعیم کراچی میں ایک بار پھر خود کو جماعت اسلامی کا میئر لانے کی کوشش کر رہے تھے اور انھوں نے جماعت اسلامی کو بطور امیر کراچی خاصہ متحرک کیا تھا جس کے نتیجے میں جماعت اسلامی سب سے زیادہ یوسی چیئرمین اور کونسلر منتخب اس لیے کرا سکی تھی کہ ایم کیو ایم نے بلدیاتی انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا اور پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سے مایوس کراچی کے لوگوں نے بلدیاتی انتخابات میں جماعت اسلامی پر اعتماد کیا تھا اور حافظ نعیم کے میئر بننے کا امکان بھی تھا مگر 2008ء سے سندھ میں برسر اقتدار پیپلز پارٹی کی حکومت نے اندرون خانہ پی ٹی آئی کے منتخب یوسی چیئرمینوں کی ملی بھگت سے پہلی بار پی پی کا بلدیہ عظمیٰ کراچی کا میئر منتخب کرالیا تھا۔

بلدیاتی انتخابات کے بعد گزشتہ سال ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے تھے جن میں ایم کیو ایم نے حصہ لیا تھا جس میں جماعت اسلامی سے حافظ نعیم اور ایک اور صاحب سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے مگر حافظ نعیم نے سندھ اسمبلی کی رکنیت کا حلف اس لیے نہیں اٹھایا تھا کہ ان کی مذکورہ نشست پر پی ٹی آئی جیتی تھی مگر الیکشن کمیشن نے انھیں کامیاب قرار دیا تھا جسے حافظ نعیم نے قبول نہیں کیا اور حلف نہ اٹھانے کے باعث سندھ اسمبلی کی یہ نشست اب تک متنازعہ ہے جس پر حال ہی میں میئر کراچی نے اعتراض بھی کیا ہے۔ حافظ نعیم ایک یوسی کے چیئرمین بھی منتخب ہوئے تھے جس کے بعد انھیں جماعت اسلامی پاکستان کا امیر منتخب کرلیا گیا تھا جس کے بعد وہ ملک بھر کے دورے اور جماعت اسلامی کی مقبولیت کے لیے بنو قابل پروگرام چلا رہے ہیں۔

1970 کے الیکشن میں پورے پاکستان سے صرف چار قومی اسمبلی کی نشستیں ملی تھیں جن میں دو نشستیں کراچی سے تھیں۔ کے پی میں 2002 کے الیکشن میں جماعت اسلامی کو کچھ نشستیں متحدہ مجلس عمل کے پلیٹ فارم سے ملی تھیں اور جے یو آئی کے وزیر اعلیٰ اکرم درانی کی کابینہ میں سراج الحق سمیت جماعت اسلامی کے وزرا شامل تھے۔

ایم کیو ایم بننے سے پہلے کراچی میں جماعت اسلامی اور جمعیت علمائے پاکستان بڑی سیاسی قوت تھیں جو بعد میں ختم ہوگئی تھی۔ کراچی سے سید منور حسن جماعت اسلامی کے مرکزی امیر منتخب ہوئے مگر 1970 کے بعد کراچی سے جماعت اسلامی اپنا کوئی رکن اسمبلی منتخب نہیں کرا سکی تھی البتہ عبدالستار افغانی جماعت اسلامی کے جنرل ضیا دور میں میئر کراچی منتخب ہوئے تھے اور مشرف کے سٹی حکومت نظام میں جماعت اسلامی کے نعمت اللہ خان ایم کیو ایم کے بائیکاٹ کے باعث کراچی کے ایک کامیاب سٹی ناظم رہے تھے۔

جماعت اسلامی پورے ملک میں موجود ہے مگر اسے کبھی کسی صوبے کا اقتدار بھی نہیں ملا۔ جنرل ضیا الحق نے مارشل لا لگا کر جب وفاقی کابینہ بنائی تھی اسی جماعت اسلامی، جے یو آئی، پی ڈی پی کے رہنماؤں کو شامل کیا گیا تھا جو عام انتخابات نہ کرائے جانے پر مستعفی ہوگئے تھے۔

78 سالوں میں کوئی دینی وسیاسی جماعت وفاقی اقتدار میں نہیں رہی اور جماعت اسلامی بھی اقتدار سے باہر رہی اس لیے حافظ نعیم ساری جماعتوں کو قابض اور سابق حکمرانوں کو نااہل قرار دے کر انھیں ناکامی کا اعتراف کرنے کا کہہ رہے ہیں جن کے اقتدار میں ملک دولخت ہوا، کبھی انھوں نے بھی اپنی نااہلیت کا اعتراف نہیں کیا۔ ملک دولخت ہونے کے بعد جنرل ضیا الحق اور جنرل پرویز مشرف طویل عرصہ اقتدار میں رہے۔

2008 میں پیپلز پارٹی اور 2018 میں مسلم لیگ (ن) نے اپنی اپنی مدت پوری کی تھی جب کہ اس سے قبل پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن) اور مسلم لیگ فنکشنل کا کوئی وزیر اعظم اپنی مدت پوری نہ کر سکا تھا اور 58-2/B کے تحت برطرف ہوتا رہا جن پر مختلف الزامات لگے جو ثابت ہوئے نہ تسلیم کیے گئے تھے۔

حکومتیں بنانے اور بگاڑنے والے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حکمرانی سے مطمئن نہیں تھے اور دونوں کو نااہل سمجھ کر انھوں نے پی ٹی آئی کی حکومت وفاق، پنجاب اور کے پی میں لا کر نیا تجربہ کیا تھا اور پہلی بار ایک نئے شخص پر اعتماد کر کے وزیر اعظم بنایا گیا تھا جو حقیقی طور پر عوام سے منتخب نہیں ہوئے تھے بلکہ دوسری جماعتوں کو پیچھے کر کے پی ٹی آئی کو اقتدار دلایا گیا تھا جو پہلی بار ساڑھے تین سال بعد اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ہٹائی۔

اس سے قبل جو حکومتیں ہٹائی گئیں ان سب نے اپنی برطرفی تسلیم کی تھی مگر چیئرمین پی ٹی آئی واحد حکمران تھے جنھوں نے اپنی آئینی برطرفی اب تک تسلیم نہیں کی تھی تو وہ خود کو نااہل کیسے مان سکتے تھے۔ اس ملک میں جب آئینی برطرفی تسلیم نہیں کی جاتی اور نا 58-2/B کے تحت حکومتی برطرفیاں تسلیم ہوئیں تو کون خود کو قابض اور اپنی حکومتی ناکامی تسلیم کرے گا۔

صرف محمد خان جونیجو حکومت کی برطرفی عوام نے قبول نہیں کی تھی کیونکہ ایک شریف النفس وزیر اعظم غلط ہٹایا گیا تھا جب کہ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف ایک دوسرے کی حکومتوں کی برطرفی کا خیر مقدم کیا کرتے تھے۔ ان دونوں، چیئرمین پی ٹی آئی اور کسی آمر حکمران نے کبھی خود کو قابض تسلیم کیا اور نہ ہی کبھی اپنی ناکامیوں کو تسلیم کیا۔ ہر حکمران اپنے منہ میاں مٹھو بنا رہا اور خود کو دوسروں سے زیادہ اہل اور سابق کو نااہل قرار دیتا آیا ہے تو حافظ نعیم جو خواب دیکھ رہے ہیں جس کی تعبیر ممکن ہی نہیں ہے۔

جماعت اسلامی پاکستان کے سب سے کم عمر امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ملک پر نااہل لوگ قابض رہے اور ہیں انھیں 78 سال کی ناکامی کا اعتراف کرنا چاہیے۔ اب تک آمر، سیاستدان، جاگیردار اور سرمایہ دار حکمران رہے مگر کسی نے بھی ملک کو درست طریقے سے نہیں چلایا، اب ہم نومبر میں 'نظام بدلو تحریک' کی بنیاد رکھیں گے۔

ملک کے نوجوانوں کو پاکستان سے مایوس کیا جاتا ہے جب کہ ملک میں سب کچھ موجود ہے اور آیندہ مستقبل سیاسی قبضہ گروپوں کا نہیں، نوجوانوں کا ہے۔

حافظ نعیم کراچی میں ایک بار پھر خود کو جماعت اسلامی کا میئر لانے کی کوشش کر رہے تھے اور انھوں نے جماعت اسلامی کو بطور امیر کراچی خاصہ متحرک کیا تھا جس کے نتیجے میں جماعت اسلامی سب سے زیادہ یوسی چیئرمین اور کونسلر منتخب اس لیے کرا سکی تھی کہ ایم کیو ایم نے بلدیاتی انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا اور پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سے مایوس کراچی کے لوگوں نے بلدیاتی انتخابات میں جماعت اسلامی پر اعتماد کیا تھا اور حافظ نعیم کے میئر بننے کا امکان بھی تھا مگر 2008ء سے سندھ میں برسر اقتدار پیپلز پارٹی کی حکومت نے اندرون خانہ پی ٹی آئی کے منتخب یوسی چیئرمینوں کی ملی بھگت سے پہلی بار پی پی کا بلدیہ عظمیٰ کراچی کا میئر منتخب کرالیا تھا۔

بلدیاتی انتخابات کے بعد گزشتہ سال ملک میں عام انتخابات منعقد ہوئے تھے جن میں ایم کیو ایم نے حصہ لیا تھا جس میں جماعت اسلامی سے حافظ نعیم اور ایک اور صاحب سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے مگر حافظ نعیم نے سندھ اسمبلی کی رکنیت کا حلف اس لیے نہیں اٹھایا تھا کہ ان کی مذکورہ نشست پر پی ٹی آئی جیتی تھی مگر الیکشن کمیشن نے انھیں کامیاب قرار دیا تھا جسے حافظ نعیم نے قبول نہیں کیا اور حلف نہ اٹھانے کے باعث سندھ اسمبلی کی یہ نشست اب تک متنازعہ ہے جس پر حال ہی میں میئر کراچی نے اعتراض بھی کیا ہے۔ حافظ نعیم ایک یوسی کے چیئرمین بھی منتخب ہوئے تھے جس کے بعد انھیں جماعت اسلامی پاکستان کا امیر منتخب کرلیا گیا تھا جس کے بعد وہ ملک بھر کے دورے اور جماعت اسلامی کی مقبولیت کے لیے بنو قابل پروگرام چلا رہے ہیں۔

1970 کے الیکشن میں پورے پاکستان سے صرف چار قومی اسمبلی کی نشستیں ملی تھیں جن میں دو نشستیں کراچی سے تھیں۔ کے پی میں 2002 کے الیکشن میں جماعت اسلامی کو کچھ نشستیں متحدہ مجلس عمل کے پلیٹ فارم سے ملی تھیں اور جے یو آئی کے وزیر اعلیٰ اکرم درانی کی کابینہ میں سراج الحق سمیت جماعت اسلامی کے وزرا شامل تھے۔

ایم کیو ایم بننے سے پہلے کراچی میں جماعت اسلامی اور جمعیت علمائے پاکستان بڑی سیاسی قوت تھیں جو بعد میں ختم ہوگئی تھی۔ کراچی سے سید منور حسن جماعت اسلامی کے مرکزی امیر منتخب ہوئے مگر 1970 کے بعد کراچی سے جماعت اسلامی اپنا کوئی رکن اسمبلی منتخب نہیں کرا سکی تھی البتہ عبدالستار افغانی جماعت اسلامی کے جنرل ضیا دور میں میئر کراچی منتخب ہوئے تھے اور مشرف کے سٹی حکومت نظام میں جماعت اسلامی کے نعمت اللہ خان ایم کیو ایم کے بائیکاٹ کے باعث کراچی کے ایک کامیاب سٹی ناظم رہے تھے۔

جماعت اسلامی پورے ملک میں موجود ہے مگر اسے کبھی کسی صوبے کا اقتدار بھی نہیں ملا۔ جنرل ضیا الحق نے مارشل لا لگا کر جب وفاقی کابینہ بنائی تھی اسی جماعت اسلامی، جے یو آئی، پی ڈی پی کے رہنماؤں کو شامل کیا گیا تھا جو عام انتخابات نہ کرائے جانے پر مستعفی ہوگئے تھے۔

انصاف تک رسائی میں رکاوٹیں

عدنان اشرف ایڈووکیٹ

یہ بات سو فیصد درست ہے کہ انصاف کی فراہمی میں تاخیر درحقیقت انصاف سے انکار ہی ہوتا ہے، کیونکہ بروقت انصاف ملنے سے متاثرہ فریق کی دادرسی ہوتی ہے اور مخالف فریق کی سرزنش ہوتی ہے جس کی وجہ سے معاشرے میں لوگ قانون توڑنے سے اجتناب کرتے ہیں کیونکہ انھیں یہ احساس ہو جاتا ہے کہ ان کو ان کے غلط کام کی سزا ضرور ملے گی۔

ہمارے ہاں انصاف صرف دیر سے نہیں ملتا بلکہ جب ایک شخص پوری زندگی گزار دیتا ہے تب کہیں کسی مقدمے کا فیصلہ سامنے آتا ہے۔ یہی وہ بنیادی خرابی ہے کہ جس نے ہمارے معاشرے کے امن و امان کو شدید متاثر کیا ہے۔ ہمارے ملک کے تمام ادارے دن بہ دن تباہی کی طرف جا رہے ہیں، ہر آنے والی حکومت اداروں کو نجی تحویل میں دینے کی پالیسی اپنا رہی ہے، اگر ہماری عدالتوں سے بروقت انصاف ملتا تو یہ صورتحال قطعی نہ ہوتی۔

انصاف میں تاخیر کے باعث ہی جرم کرنے والوں کی ہمت بڑھتی رہتی ہے۔ وائٹ کالر کرائم نے تو اسی سبب اس ملک کے اداروں کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ کسی سرکاری ادارے میں رشوت طلب کرنا اور نہ دینے پر کام ہی نہ کرنا ایک کلچر بن چکا ہے۔ اس کلچر کی بنیادی وجہ صرف اور صرف یہی ہے کہ رشوت لینے والے کو یقین ہوتا ہے کہ کوئی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، اگر کوئی عدالت چلا بھی گیا تو جب تک فیصلہ آئے گا، وہ کب کا ریٹائر ہو چکا ہوگا۔

یہ وہ سنگین مسئلہ ہے کہ جس کے سبب صرف وائٹ کالر جرائم ہی نہیں، اسٹریٹ کرائم اور سنگین قسم کے جرائم میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ عدالتوں سے بروقت انصاف نہ ملنے کی راہ میں ایک دو نہیں بے شمار رکاوٹیں ہیں جن کی جانب ضیاء احمد اعوان ایڈووکیٹ نے تفصیل کے ساتھ توجہ دلاتے ہوئے آواز بلند کی ہے اور ساتھ ہی ان کے حل بھی پیش کیے ہیں۔ ”کراچی سٹی کورٹ میں انصاف تک رسائی میں رکاوٹیں“ ایک ایسی کتاب ہے جو مصنف کی انصاف کی رسائی کے سلسلے میں ایک آئینی درخواست کا خلاصہ ہے۔

بقول مصنف، یہ درخواست محض ایک قانونی اقدام نہیں بلکہ ان سب کے لیے عمل کی پکار ہے جو انصاف، برابری اور وقار کو اہمیت دیتے ہیں۔ اس درخواست میں بیان کیے گئے ڈھانچہ جاتی، انتظامی اور سماجی مسائل کو حل کر کے ہم سٹی کورٹس کو کارکردگی، سہولت اور شفافیت کی ایک مثالی عدالت بنا سکتے ہیں۔

اسی طرح اگر آپ وکیل ہیں یا عدالت میں مستقل آنے والے ہیں تو اپنے مشاہدات اور تجربات شیئر کریں۔ آپ کی آراء ان مجوزہ تبدیلیوں کو مزید موثر اور مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوں گی، اپنی صلاحیتیں رضاکارانہ طور پر پیش کریں، چاہے آپ ایک قانونی ماہر ہوں، صحافی ہوں یا کارکن، آپ کی صلاحیتیں فرق ڈال سکتی ہیں۔ اپنی مہارت پیش کریں تاکہ معلومات کی ترسیل اور وکالت کی کوششوں کو تقویت ملے۔ ضیاء اعوان اس ضمن میں اپیل بھی کرتے ہیں کہ آئیے مل کر یہ یقینی بنائیں کہ کراچی کی سٹی کورٹس ایک ایسا مقام بنیں کہ جہاں انصاف سب کے لیے قابل رسائی ہو اور ہر شخص کی عزت قائم رکھی جائے۔

ان کے مطابق ان رکاوٹوں میں مرکزی جوڈیشل کمپلیکس کی بھی ضرورت ہے جہاں جدید سہولیات بھی موجود ہوں۔ ان کی یہ بھی تجویز ہے کہ اسی طرح جب تک کوئی ایسا کمپلیکس نہیں بنتا تب تک سٹی کورٹ کے احاطے میں قائم تجاوزات کا فوری خاتمہ بھی ضروری۔ یہ تجویز بھی انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ ان کے سبب سائلین کے آنے جانے میں نہ صرف وقت لگتا ہے بلکہ سخت پریشانی ہوتی ہے، اور ان کی یہ بات قطعی درست ہے کہ ماسٹر پلان کے مطابق تمام تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے، کیونکہ کسی حادثے کی صورتحال میں یہاں ایمبولینس اور فائر ٹینڈر کا داخلہ بھی مشکل ہے۔

ضیاء اعوان نے کورٹ کی عمارت کے بہت چھوٹے چھوٹے مگر اہم مسائل پر بھی توجہ دلائی ہے، جن میں عمارت کے لیے مناسب لفٹ جو آنے والوں اور وکلاء کی تعداد کے اعتبار سے ہوں کیونکہ کیسز کے سلسلے میں بار بار اوپر نیچے عدالتوں کے چکر لگانا، ایک دشوار گزار مرحلہ بھی ہوتا ہے اور اس سے وقت بھی ضایع ہوتا ہے جب کہ سائلین میں ہر عمر کے افراد شامل ہوتے ہیں ایسے میں بزرگوں کا سیڑھیوں سے کئی بار اترنا اور چڑھنا دشوار ہی نہیں بعض اوقات ناممکن بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح ایک اور چھوٹا مگر اہم مسئلہ پینے کے پانی کا ہے جس سے وکلاء حضرات کو بھی اکثر پریشانی ہوتی ہے جب کہ آنے والے لوگوں کو دستیاب ہی نہیں ہوتا اور وہ غیر معیاری پانی کی بوتلیں خرید کر پینے پر مجبور ہوتے ہیں۔

کتاب کے مصنف نے واش روم جیسے اہم ترین مسئلے کو بھی بیان کیا ہے جس پر عموماً ہمارے ہاں توجہ ہی نہیں جاتی۔ کورٹ میں روزانہ ہزاروں لوگوں کی آمدورفت ہوتی ہے جس میں مرد، خواتین اور بچے سب ہی شامل ہوتے ہیں اور ان سب کا ایک اچھا خاصہ وقت یہاں گزرتا ہے۔ یہ لوگ اکثر دور دراز علاقوں کا سفر کر کے آتے ہیں، لہٰذا رفع حاجت کی مناسب سہولیات نہ ہونے کے سبب سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پھر جو واش روم یہاں دستیاب ہیں وہاں صفائی ستھرائی بھی نہ ہونے کے برابر دکھائی دیتی ہے۔

مسلسل استعمال سے ماحول بھی آلودہ رہتا ہے۔ کہیں سے محسوس نہیں ہوتا کہ یہ پاکستان کے سب سے بڑے شہر کے کورٹ کے واش رومز ہیں۔ اسی طرح قیدیوں کے آمدورفت کے مسائل الگ ہیں، ان کے یہاں رکنے کے مسائل الگ ہیں۔ چھوٹے اور تنگ کمرہ عدالتوں میں کیسز سنتے وقت عجیب عالم ہوتا ہے، کمرہ عدالت میں اتنی گنجائش نہیں ہوتی کہ آنے والے ملزمان اور دیگر لوگ اس میں سکون سے سانس لے سکیں، جن عدالتوں میں اے سی کی سہولت ہوتی ہے، وہاں گرمی کے موسم میں اے سی بھی درست طور پر کام نہیں کرتے۔

کشادہ اور ہوادار یا اے سی والے کمرے ناپید ہی ہیں۔ اسی طرح وکلاء اور پراسیکیوٹروں کے کمروں کی حالت ہے اور ججوں اور اسٹاف کی سہولیات کا بھی فقدان ہے۔ مصنف کی یہ کاوش ایک سو دس سے زائد صفحات پر مشتمل ہے، جو ان کی اپنے پیشے سے کمٹمنٹ بھی ظاہر کرتی ہے اور یہ بھی کہ انھیں اپنے ادارے سے متعلق تمام مسائل کا علم بھی ہے اور وہ ان کے حل کو بھی بہتر طور پر جانتے ہیں۔

مذاکرات، پاکستان کیا کرے

عبدالحمید

افغان طالبان رجیم اگر افغانستان میں موجود ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور دوسری دہشت گرد پاکستان مخالف تنظیموں کو پاکستان پر حملوں سے روکتی ہے تو انڈیا کی پاکستان مخالف شرانگیزیاں ٹھپ ہو جاتی ہیں۔ اس لیے اندیشہ ہے کہ انڈیا کی ہر ممکن کوشش ہے کہ پاکستان اور افغانستان کبھی قریب نہ آئیں۔ انڈیا براہِ راست پاکستان پر حملے سے تو خوف کھاتا ہے کہ کہیں سقوطِ مشرقی پاکستان کا حساب برابر نہ ہو جائے، لیکن حالات ایسے رکھنا چاہتا ہے جس میں انڈین عوام کو خطے میں جھوٹی برتری کا واہمہ رہے اور پاکستان پر دباؤ برقرار رہے۔

انڈیا نے ایک نوٹس جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ راجستھان اور گجرات کے قریب پاکستان کی سرحد سے صرف 100 کلومیٹر کے فاصلے پر انڈین افواج ایک مشق کریں گی جو 28 اکتوبر سے 11 نومبر تک جاری رہے گی۔ انڈیا کا پاکستانی سرحد سے متصل علاقے میں بڑے پیمانے پر ایکسرسائز کرنا عام ہے لیکن اس میں خطرات بھی پنہاں ہو سکتے ہیں۔ پاکستان نے اس ٹرائی سروسز مشق کی وجہ سے اپنی تین قریبی ایئربیسز مسرور، بھلاری اور شہباز کو الرٹ رہنے کا کہا ہے۔ پاکستان نے انڈیا کے ساتھ ملنے والی فضائی حدود کو بھی دو دن کے لیے بند کر دیا ہے۔ ویسے یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان ایئرفورس چوکنی ہے اور کسی بھی مس ایڈونچر سے نبٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

انڈیا اس وقت جنگ کے لیے تیار تو نہیں البتہ تیاری جاری رکھے ہوئے ہے۔ اطلاعات کے مطابق انڈین آرمی میں 25 نئی مخصوص بٹالین کھڑی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ان میں سے ہر بٹالین کے اندر کوئی 250 فوجی ہوں گے۔ ہر ایک بٹالین انفنٹری، آرٹلری اور سگنل کمپنیوں پر مشتمل ہوگی۔ حکم کے مطابق ان پچیس یونٹوں کو اگلے 6 ماہ میں مکمل طور پر کھڑا ہونا ہے۔ انڈیا ایئرفورس اور نیوی کو بھی مزید مضبوط بنانے میں کوشاں ہے۔

افغان طالبان رجیم کے ساتھ پاکستان کے دوسرے دور کے مذاکرات ترکی کے شہر استنبول میں ناکام ہو چکے ہیں۔ ایک غیر مصدقہ اطلاع کے مطابق انڈین سفارت کار ان مذاکرات کو Sabotage کرنے کے لیے استنبول اور قندھار میں بہت ایکٹو تھے۔ یاد رہے کہ افغانستان کی درخواست پر اڑتالیس گھنٹے کی فائر بندی ہوئی تھی جسے دوحہ مذاکرات تک بڑھا دیا گیا تھا۔ پاکستان ان مذاکرات میں افغان طالبان رجیم سے مطالبہ کر رہا تھا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد کارروائیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دے۔ مزید یہ کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے افغانستان کے اندر ٹھکانوں اور پناہ گاہوں کو فی الفور ختم کرے۔

افغان وفد زبانی جمع خرچ پر ٹرخا رہا تھا۔ افغان رجیم شاید صرف فائر بندی میں دلچسپی رکھتی ہے تاکہ پاکستان حملہ نہ کرے۔ ایک خلیجی ملک نے مطلوبہ رقم کی فراہمی کی حامی بھری اور کچھ رقم افغان رجیم کو ادا بھی کر دی لیکن زمینی حقیقت نہیں بدلی اور ٹی ٹی پی کو پاکستان کی سرحد سے متصل علاقے میں ہی رہنے دیا گیا۔ افغان رجیم نے مزید رقم مانگی تو پاکستان نے افغان طالبان رجیم سے جنگجوؤں کو دور لے جانے کی گارنٹی مانگی مگر گارنٹی نہ دی گئی۔

استنبول مذاکرات میں پاکستان کے یک نکاتی مطالبے سے نظریں ہٹانے کے لیے افغان طالبان وفد نے ایک بار پھر ٹی ٹی پی کو پاکستانی سرحد سے دور لے جانے والی تجویز کا ڈول ڈالا لیکن اطلاعات کے مطابق پاکستان نے اس میں دلچسپی لینے کے بجائے یہ کہا کہ افغان رجیم دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ان کا قلع قمع کرے۔ ایک ایسا لائحہ عمل دے جو قابل نفاذ ہو، جو واضح اور مصدقہ ہو جسے آسانی سے مانیٹر کیا جا سکے۔

ان کے ذریعے وہ پاکستان کو مسلسل Exploit کر سکتے ہیں اور وہ ایسا کرتے رہیں گے۔ افغان رجیم اگر ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کو چھتری مہیا کرنے سے باز آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ پاکستان کو افغانستان کے ساتھ کھلی جنگ سے اجتناب کرتے ہوئے کچھ ایسا کرنا ہوگا جس سے سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے۔ قارئین نے محسوس کیا ہوگا کہ افغان وزیر خارجہ ملا متقی کے ہندوستان دورے سے یکدم حالات بگڑ گئے۔

لگتا ہے انڈیا اور افغان رجیم نے گٹھ جوڑ کرلیا جس میں طے پایا ہے کہ انڈیا پاکستان کی مشرقی سرحد پر اشتعال انگیز کارروائیاں کرے گا اور پاکستان کی مغربی سرحد پر افغان رجیم بھارتی پراکسی ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے ذریعے پاکستان کے ناک میں دم کر دے گی۔ انڈیا ایک بڑی اکانومی ہے۔ اس کے پاس فنڈز کی کوئی کمی نہیں۔ انڈیا افغان رجیم اور پاکستان مخالف دہشت گرد گروہوں کو فنڈنگ کر سکتا ہے، جب کہ پاکستان کی اکانومی بتدریج بہتر تو ہو رہی ہے لیکن ابھی بہت چیلنجز میں گھری ہوئی ہے۔ پاکستان کی خواہش ہے کہ جنگ نہ ہو اور سرحدوں پر امن رہے۔ انڈیا بھی شاید کھلی جنگ نہیں چاہتا لیکن مودی جی جو اپنے تئیں وشوا گرو بن چکے ہیں انھیں اپنے عوام کو بے وقوف بنانے کے لیے اشتعال انگیزیوں، دھمکیوں اور بڑھکوں کا سہارا چاہیے۔ کسی بھی دہشت گرد جنگجو گروپ کی کمر توڑنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کی فنڈنگ ڈرائی یعنی خشک کی جائے۔ بدقسمتی سے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے نے افغانستان کے اندر اپنے ٹھکانے اور پناہ گاہیں بنا رکھی ہیں، جہاں سے وہ حملے کرتے ہیں، وہ کابل پہنچ کر اپنی فنڈنگ باآسانی وصول کر سکتے ہیں۔

ان کے لیے افغانستان کے اندر محفوظ رہ کر ریکروٹمنٹ کرنا اور نئے ریکروٹس کو تربیت دینا بہت آسان ہے۔ امریکا نے افغانستان سے نکلتے ہوئے شرارت کی غرض سے اپنا زیادہ تر اسلحہ وہیں چھوڑ دیا جو افغان رجیم اور دہشت گردوں کے ہاتھ لگا۔ اگر فنڈنگ موجود ہو تو مزید اسلحہ خریدا بھی جا سکتا ہے۔ ٹی ٹی پی کو افغان رجیم اور انڈیا کی حمایت حاصل ہے۔ انڈین نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر اجیت دوول نے 2015 میں کہا تھا کہ پاکستان جو کام، طالبان سے لے سکتا ہے وہ کام طالبان سے انڈیا بھی لے سکتا ہے۔ جب فنڈنگ موجود ہو تو مزید ریکروٹمنٹ آسان ہوتی ہے۔ فنڈنگ کے ذریعے یہ گروہ اپنا بیانیہ بناتے اور اس کو عام کرتے ہیں۔

9/11 کے بعد افغان انتظامیہ پاکستان مخالف تھی اس انتظامیہ نے دہلی میں پاکستان مخالف بیانیہ تشکیل دیا اور اسے خوب مشتہر کیا۔ کوئی پچیس سال میں اس مضموم اور زہریلے بیانیے کی بدولت عام افغان پاکستان مخالف اور ہندوستان سے محبت کرنے لگا۔ فنڈنگ و ریکروٹمنٹ روکنا اور زہریلے بیانیے کے آگے بند باندھنا بہت ضروری لیکن بہت مشکل ہے۔ امید ہے حکومتِ پاکستان اس سے آگاہ ہو کر سدِ باب کے لیے مناسب منصوبہ بندی کر رہی ہوگی۔

افغان طالبان رجیم اگر افغانستان میں موجود ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور دوسری دہشت گرد پاکستان مخالف تنظیموں کو پاکستان پر حملوں سے روکتی ہے تو انڈیا کی پاکستان مخالف شرانگیزیاں ٹھپ ہو جاتی ہیں۔ اس لیے اندیشہ ہے کہ انڈیا کی ہر ممکن کوشش ہے کہ پاکستان اور افغانستان کبھی قریب نہ آئیں۔ انڈیا براہِ راست پاکستان پر حملے سے تو خوف کھاتا ہے کہ کہیں سقوطِ مشرقی پاکستان کا حساب برابر نہ ہو جائے، لیکن حالات ایسے رکھنا چاہتا ہے جس میں انڈین عوام کو خطے میں جھوٹی برتری کا واہمہ رہے اور پاکستان پر دباؤ برقرار رہے۔

انڈیا نے ایک نوٹس جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ راجستھان اور گجرات کے قریب پاکستان کی سرحد سے صرف 100 کلومیٹر کے فاصلے پر انڈین افواج ایک مشق کریں گی جو 28 اکتوبر سے 11 نومبر تک جاری رہے گی۔ انڈیا کا پاکستانی سرحد سے متصل علاقے میں بڑے پیمانے پر ایکسرسائز کرنا عام ہے لیکن اس میں خطرات بھی پنہاں ہو سکتے ہیں۔ پاکستان نے اس ٹرائی سروسز مشق کی وجہ سے اپنی تین قریبی ایئربیسز مسرور، بھلاری اور شہباز کو الرٹ رہنے کا کہا ہے۔ پاکستان نے انڈیا کے ساتھ ملنے والی فضائی حدود کو بھی دو دن کے لیے بند کر دیا ہے۔ ویسے یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان ایئرفورس چوکنی ہے اور کسی بھی مس ایڈونچر سے نبٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

انڈیا اس وقت جنگ کے لیے تیار تو نہیں البتہ تیاری جاری رکھے ہوئے ہے۔ اطلاعات کے مطابق انڈین آرمی میں 25 نئی مخصوص بٹالین کھڑی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ان میں سے ہر بٹالین کے اندر کوئی 250 فوجی ہوں گے۔ ہر ایک بٹالین انفنٹری، آرٹلری اور سگنل کمپنیوں پر مشتمل ہوگی۔ حکم کے مطابق ان پچیس یونٹوں کو اگلے 6 ماہ میں مکمل طور پر کھڑا ہونا ہے۔ انڈیا ایئرفورس اور نیوی کو بھی مزید مضبوط بنانے میں کوشاں ہے۔

افغان طالبان رجیم کے ساتھ پاکستان کے دوسرے دور کے مذاکرات ترکی کے شہر استنبول میں ناکام ہو چکے ہیں۔ ایک غیر مصدقہ اطلاع کے مطابق انڈین سفارت کار ان مذاکرات کو Sabotage کرنے کے لیے استنبول اور قندھار میں بہت ایکٹو تھے۔ یاد رہے کہ افغانستان کی درخواست پر اڑتالیس گھنٹے کی فائر بندی ہوئی تھی جسے دوحہ مذاکرات تک بڑھا دیا گیا تھا۔ پاکستان ان مذاکرات میں افغان طالبان رجیم سے مطالبہ کر رہا تھا کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد کارروائیوں کے لیے استعمال نہ ہونے دے۔ مزید یہ کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے افغانستان کے اندر ٹھکانوں اور پناہ گاہوں کو فی الفور ختم کرے۔

افغان وفد زبانی جمع خرچ پر ٹرخا رہا تھا۔ افغان رجیم شاید صرف فائر بندی میں دلچسپی رکھتی ہے تاکہ پاکستان حملہ نہ کرے۔ ایک خلیجی ملک نے مطلوبہ رقم کی فراہمی کی حامی بھری اور کچھ رقم افغان رجیم کو ادا بھی کر دی لیکن زمینی حقیقت نہیں بدلی اور ٹی ٹی پی کو پاکستان کی سرحد سے متصل علاقے میں ہی رہنے دیا گیا۔ افغان رجیم نے مزید رقم مانگی تو پاکستان نے افغان طالبان رجیم سے جنگجوؤں کو دور لے جانے کی گارنٹی مانگی مگر گارنٹی نہ دی گئی۔

خیبر پختونخوا کی خبریں

پاسپورٹ دفتر مردان	9230560
سوئی ناردرن گیس مردان	880019
ریسکیو مردان	9230770,1122
کنٹونمنٹ بورڈ دفتر مردان	9230261
کمشنر مردان ڈویژن	9230572=9230573
ڈپٹی کمشنر مردان	9230048
ڈی ایچ کیو ہسپتال مردان	9230147
مردان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال مردان	9230051
ڈی آئی جی مردان	9230112
ڈی پی او مردان دفتر	9230109
ایس پی آپریشن مردان	9230117
ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر مردان	0937-930616
پال برانچ مردان	9230120
ڈی ایس پی سٹی مردان	9230108
تھانہ صدر	9230130
تھانہ ہوتی	9230244
تھانہ پار ہوتی	561245
تھانہ سٹی	9230125
تھانہ شہباز گڑھی	580172
تھانہ شیخ ملتون ٹاؤن	868235
ہیلپ لائن 1199ء	
تھانہ رستم	800124
تھانہ جبر	542112
تھانہ طورو	860320
تھانہ چورہ	775981
تھانہ گڑھ کپورہ	846113
تھانہ تخت بھائی	551001
ساڑو شاہ	503001
کنٹرول روم پولیس لائن مردان	9230065
ایف آئی اے تھانہ	9230077
سنٹرل جیل مردان	840625
محکمہ تعلیم مردان	
ڈی ای او مردانہ	9230151
ڈی او زنانہ	9230156
کامرس کالج مردان	9230220
جنرل پوسٹ آفس مردان	9230031
ایکسائز دفتر مردان	9230258
فضل حق کالج مردان	9230070=9230084
عبدالولی خان یونیورسٹی مردان	9230618=9230620
واپڈا ایمرجنسی مردان	9230155
محکمہ خوراک مردان	9230225
ٹی ایم اے دفتر	9230104
مردان بورڈ	9230250=9230251
گورنمنٹ گرلز کالج مردان	9230218

ملگری وکیلان کا موجودہ پینل آزمودہ پینل ہے، ملک شاہ حسین

پشاور میں وکلا برادری کیلئے کالونی لائے، ڈسٹرکٹ بار اور بار کونسل کے لیے فنڈز کو مستقل کیا

بنوں (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملگری وکیلان کا موجودہ پینل آزمودہ پینل ہے ہماری کارکردگی کے نتیجے میں وکلا کے لیے کالونی ڈسٹرکٹ بار اور بار کونسل کے لیے فنڈز مستقل کرنا اور جونیئر وکلا کے لیے ٹریننگ کا انتظام جس میں 103 وکلا کو ٹریننگ دی گئی شامل ہے یہ ہماری پینل تھی کہ ہم پروفیشنل لا ایکٹ لائے جس میں وکلا کے لیے سہولت فراہم کی گئی ہے ان خیالات کا اظہار بار کونسل کے انتخابات میں حصہ لینے والے ملگری و کیلان پینل کے امیدواروں ملک شاہ حسین خان ایڈووکیٹ سردار حشمت نواز سدوزئی ایڈووکیٹ احمد علی خان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ اور لکی کے امیدوار ظفر اقبال ایڈووکیٹ نے بنوں میں وکلا برادری سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمارے مخالفین نے ایسے وقت میں ڈسٹرکٹ بار اور ہائی کورٹ بار کے لیے فنڈز کے چیکس تقسیم کئے ہیں کہ انتخابات کا عمل جاری ہے جس کے ہم مذمت کرتے ہیں۔

ہارڈ بال کرکٹ لیگ کا فائنل اختتام پذیر

جس میں باجوڑ نے ایف آر ڈی آئی خان کو 73 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا

شمالی وزیرستان (صباح نیوز) شمالی وزیرستان کے یونس خان اسٹیڈیم میرانشاہ میں پاک فوج کے زیرِ اہتمام KPK T20 ہارڈ بال کرکٹ لیگ کا فائنل شاندار انداز میں اختتام پذیر ہوا، جس میں باجوڑ نے ایف آر ڈی آئی خان کو 73 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ باجوڑ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 231 رنز کا بڑا ہدف دیا، جس کے تعاقب میں ایف آر ڈی آئی خان کی ٹیم 158 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ شاندار بیٹنگ اور عمدہ بولنگ کے باعث باجوڑ کے کھلاڑیوں نے میدان مار لیا۔ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر قومی کرکٹ اسٹار شاہد آفریدی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ فائنل میچ اور انعامی تقریب میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شائقین کرکٹ کا جوش وخروش دیدنی تھا۔ مقامی عوام نے کھیلوں کے فروغ کے لیے پاک فوج کی کاوشوں کو سراہا۔

پولیس کی کارروائی، غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث گروہ گرفتار

پولیس نے موبائل فون اور دیگر شواہد قبضے میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی

لوئر دیر (آئی این پی) ڈی پی او لوئر دیر تیمور خان PSP کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ تیمر گرہ انسپکٹر محمد اکرام اللہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ آفریدی ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ پر کارروائی کرتے ہوئے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث گروہ کو بے نقاب کیا۔ کارروائی کے دوران ایک خاتون ساکن پشاور اور ہوٹل منیجر سبحان اللہ ولد علی مون خان ساکن باٹن درہ اپر دیر کو موقع پر گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے موبائل فون اور دیگر شواہد قبضے میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی۔ ڈی پی او لوئر دیر تیمور خان PSP نے واضح کیا کہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں اخلاقی بگاڑ اور سماجی برائیوں کے خاتمے کے لیے پولیس ہر ممکن قدم اٹھائے گی۔ ڈی پی او لوئر دیر تیمور خان PSP کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ تیمر گرہ انسپکٹر محمد اکرام اللہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ آفریدی ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ پر کارروائی کرتے ہوئے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث گروہ کو بے نقاب کیا۔ کارروائی کے دوران ایک خاتون ساکن پشاور اور ہوٹل منیجر سبحان اللہ ولد علی مون خان ساکن باٹن درہ اپر دیر کو موقع پر گرفتار کیا۔

ٹرمپ نے جنوبی کوریا کو پہلی جوہری آبدوز بنانے کی اجازت دیدی

ڈیرہ، چھاتی کے سرطان کے حوالے سے دینار کینسر ہسپتال میں اختتامی تقریب کا انعقاد

دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھرپور شرکت کی اور شرکاء کو آگاہی دی

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے عالمی مہینہ کے حوالے سے دینار کینسر ہسپتال میں اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سابق وزیر اعلی خیبر پختونخوا سردار علی امین خان گنڈہ پور کی اہلیہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں شعبہ طب کے علاوہ دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھرپور شرکت کی۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر انتظام رو بعمل دینار کینسر ہسپتال میں منعقدہ اس تقریب کا آغاز ادارے کی ڈائریکٹر محترمہ ڈاکٹر نبیلہ جاوید کے خطبہ استقبالیہ سے کیا گیا جنہوں نے شرکا کو خوش آمدید کہنے کے ساتھ بریسٹ کینسر کے حوالے سے ادارے کی اب تک کی کارکردگی پیش کی اور ساتھ ہی انہوں نے اس مرض سے آگاہی کے متعلق اپنی کی جانے والی کاوشوں پر بھی روشنی ڈالی۔ دیگر مقررین نے جہاں بریسٹ کینسر کی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا وہیں انہوں نے اس ضمن میں دینار کینسر ہسپتال کی خدمات کی بھی تعریف کی۔ مقررین نے دینار کینسر ہسپتال کی موجودگی کو نہ صرف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان بلکہ گردونواح کے دیگر اضلاع کے لئے بھی ایک نعمت قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے جغرافیائی محل وقوع کو دیکھا جائے تو یہ نہ صرف خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع بلکہ مشرقی وجنوبی جانب پنجاب جبکہ جنوب مغربی جانب وزیرستان اور بلوچستان کے اضلاع کے لئے ایک مرکزی مقام کا درجہ رکھتا ہے۔

سوات کے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

مشکوک افراد یا سرگرمیوں کی حوالے سے پولیس کو بروقت اطلاع دینے کی ہدایت

سوات (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سوات محمد عمر خان کے احکامات کے مطابق سوات پولیس کا ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشنز کا سلسلہ جاری۔ ڈی ایس پی سرکل مدہ نصیر باچا کے نگرانی میں تحفظ عامہ کو برقرار رکھنے کے لیے تھانہ گوالیری پولیس نے ماڈل ڈاگ، روڈینگار، چاڑما و دیگر مضافات میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کا انعقاد کیا۔ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن میں ایس ایچ او تھانہ گوالیری محب اللہ سمیت آپریشن پولیس، لیڈی پولیس، ڈی ایس بی، سی ٹی ڈی کے جوانوں نے حصہ لیا۔ علاقے کے معززین سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں سیکورٹی صورتحال سے آگاہ کیا گیا اور مشکوک افراد یا سرگرمیوں کی حوالے سے پولیس کو بروقت اطلاع دینے کی ہدایت کی گئی۔ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کا بنیادی مقصد حالیہ سیکورٹی صورتحال میں سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نگرانی اور ان کی بیخ کنی کرنا ہے۔

خرلاچی بارڈر کی 19 روزہ بندش سے تجارت اور مریض متاثر

دونوں ممالک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے

پاراچنار (این این آئی) پاک افغان خرلاچی بارڈر سرحدی کشیدگی کے باعث گزشتہ 19 روز سے بند ہے، جس کے نتیجے میں تاجروں، مزدور طبقے اور افغانستان سے علاج کے لیے آنے والے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ افغان شہریوں نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ سرحد کی بندش کے باعث مریضوں کو ضلع کرم آنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں پاکستانی حکام انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مریضوں کو عارضی اجازت نامے جاری کرتے تھے، تاہم اب سرحد کی مسلسل بندش نے ان کے لیے علاج کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ تاجر برادری نے بتایا کہ خرلاچی بارڈر کے ذریعے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کپڑا، پھل، خشک میوہ جات، اجناس، مویشی اور دیگر اشیائے خوردونوش کی تجارت ہوتی تھی۔ سرحد بند ہونے سے نہ صرف دوطرفہ تجارت متاثر ہوئی بلکہ دونوں ممالک میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

جنوبی وزیرستان میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

اشیائے خوردونوش، سبزی اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں

جنوبی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، اور ملک بھر کی طرح یہاں کے عوام بھی شدید پریشانی کا شکار ہیں، قلیل آمدن میں گھر کے اخراجات پورے کرے کہ ایک مزدور گھر کا کرایہ، بجلی کا بل اور بچوں کے تعلیمی اخراجات پورے کرے۔ اشیائے خوردونوش، سبزی اور پھلوں کی قیمتیں جو پہلے ہی آسمان سے باتیں کررہی تھیں، آج قابو سے باہر ہوگئی ہیں، جس کی وجہ سے جنوبی وزیرستان میں مہنگائی کا آج یہ عالم ہے کہ متوسط طبقہ کے لوگ بھی دہائیاں دینے لگے ہیں۔ ان مشکل حالات میں غریب عوام دو وقت کی روٹی کے لئے پریشان ہیں، ان حالات میں اہالیان علاقہ نے کہا ہے کہ محکمہ فوڈ کی جانب سے چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی برابر ہے، جس کی جب مرضی دکان میں پڑی چیز کی قیمت بڑھا دیتا ہے۔

بینک بھارت کا مگر وائی فائی کا نام پاکستان زندہ باد؛ مودی سرکار میں کھلبلی مچ گئی

لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر ودود نے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرلی

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) صوابی کے گاؤں زروبی کے قابل فخر سپوت، خوش اخلاق اور باصلاحیت افسر لیفٹیننٹ کرنل ڈاکٹر ودود نے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد سے میڈیا اسٹڈیز میں پی ایچ ڈی (PhD) کی ڈگری مکمل کر لی ہے، فائنل تھیسز ڈیفنس کی صدارت پروفیسر عرفان قیصرانی، قائمقام ڈین فیکلٹی آف ہیومنیٹیز اینڈ سوشل سائنسز نے کی، پروفیسر ڈاکٹر خالد سلطان (نمل اسلام آباد) اور ڈاکٹر واجد ذوالقرنین (ضیاء الدین یونیورسٹی اسلام آباد) نے بطور بیرونی ممتحن شرکت کی، تھیسز کے نگران پروفیسر ڈاکٹر شبیر حسین تھے، جبکہ پروفیسر ڈاکٹر عمر حیات ڈائریکٹر پی جی پی نے بھی اس موقع پر شرکت کی۔

اسٹیٹ بینک کے وفد کا ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا دورہ

ادارے کی جانب سے تیار کردہ ہائبرڈ سولر ٹنل ٹیکنالوجی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP-BSC) کے ایک اعلی سطحی وفد نے ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ (ARI) ڈیرہ اسماعیل خان کے فوڈ ٹیکنالوجی سیکشن کا دورہ کیا۔ وفد میں ریجنل چیف منیجر اسٹیٹ بینک وقار علی، ڈپٹی چیف منیجر راحیل زیب درانی، اسسٹنٹ چیف منیجر محمد عامر اعجاز اور ڈائریکٹر ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ عبدالقیوم خان شامل تھے۔ وفد کا استقبال سربراہ فوڈ ٹیکنالوجی سیکشن ڈاکٹر شہزادہ ارشد سلیم سدوزئی نے کیا۔ انہوں نے وفد کو ادارے کی جانب سے تیار کردہ ہائبرڈ سولر ٹنل ٹیکنالوجی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ یہ جدید نظام خاص طور پر ڈھکی کھجور کے پکنے اور خشک کرنے کے عمل کو بہتر اور تیز بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر شہزادہ ارشد سلیم سدوزئی نے بتایا کہ اس ٹیکنالوجی سے کھجور کی ریپننگ اور ڈرائنگ کا عمل، جو عام طور پر کئی ہفتے لیتا تھا، اب صرف چار سے پانچ دنوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ اس طریقہ کار سے پیداوار کے معیار اور مقدار میں بہتری آئی ہے، توانائی کی بچت ہوتی ہے۔

ٹانک اڈہ، نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

ڈیرہ اسماعیل خان (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹانک اڈا کے مقام پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص موقع پر جاں بحق ہو گیا، جبکہ ارتکاب جرم کے بعد نامعلوم حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ٹانک اڈا کے مقام پر فائرنگ سے ایک شخص موقع پر جاں بحق ہونے کے اس واقعے کے فوری بعد ریسکیو ٹیم نے پہنچ کر لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی، اور علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

پوری دنیا شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی گرویدہ بن چکی، چوہدری ریاض

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں مسلم لیگ ن کا بڑا کردار ہے، ضلعی جنرل سیکرٹری (ن) لیگ

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی جنرل سیکرٹری چوہدری ریاض ایڈووکیٹ نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کامیاب پالیسیوں سے پوری دنیا ان کی گرویدہ بن چکی ہے کل جنوبی کوریا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی تقریر میں کہا کہ میاں محمد شہباز شریف اعلی صلاحیتوں کے مالک ہیں اور فیلڈ مارشل عاصم منیر دنیا کے بہترین جنگجو ہیں جنہوں نے اپنی کامیاب حکمت عملی سے بھارت کے سات رافیل کو نیست و نابود کر دیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں مسلم لیگ ن کا بڑا کردار ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کا منشور عوام کی خدمت اور پاکستان میں بڑے بڑے منصوبوں پر عملدرآمد کرنا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے دو سالوں میں اتنے بڑے منصوبوں پر کام کیا کہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جائیں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بننے والے تمام میگا پراجیکٹس میاں محمد نواز شریف اور میاں محمد شہباز شریف نے بنائے ہیں۔

پشاور، اسلامیہ کالج پشاور میں اساتذہ کرام کے درمیان سپورٹس گالا میں شریک کھلاڑیوں کا مہمان خصوصی کے ہمراہ گروپ فوٹو

انٹرنیشنل

غزہ کی پٹی اسرائیل کے لیے خطرہ نہیں بنے گی: نیتن یاہو کی یقین دہانی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے یقین دلایا ہے کہ اب غزہ کی پٹی اسرائیل کے لیے کسی خطرے کا باعث نہیں بنے گی۔ نیتن یاہو نے کریات گات میں امریکی ہیڈکوارٹر کے دورے کے دوران کہا کہ اسرائیل کا ہدف حماس کو غیر مسلح کرنا اور غزہ کو ایک غیر عسکری علاقے میں تبدیل کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تل ابیب واشنگٹن کے ساتھ مل کر ایک ایسے منصوبے پر کام کر رہا ہے جو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے مطابق غزہ کی صورت حال کو تبدیل کرے گا۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ ہم مرحلہ وار غیر مسلح کرنے پر کام کر رہے ہیں۔

ٹرمپ پر تنقید، نوبل انعام یافتہ نائجیرین مصنف کا امریکی ویزا منسوخ

لاگوس (آئی این پی) نوبل انعام یافتہ نائجیرین ادیب اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ناقد، وولے شوینکا نے انکشاف کیا ہے کہ ان کا امریکی ویزا منسوخ کر دیا گیا ہے۔ لاگوس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے 91 سالہ ادیب نے بتایا کہ ان کا ویزا ایک تقریر میں ڈونلڈ ٹرمپ کا موازنہ یوگنڈا کے آمر عیدی امین سے کرنے پر منسوخ کیا گیا، میرے پاس اب کوئی ویزا نہیں، مجھے پابندی کا سامنا ہے۔ انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا کہ عیدی امین ایک بین الاقوامی قد کاٹھ رکھنے والے شخصیت تھے، ایک ریاستی رہنما تھے، اسلئے جب میں نے ڈونلڈ ٹرمپ کو عیدی امین کہا تو میں سمجھا کہ میں ان کی تعریف کر رہا ہوں لیکن دراصل وہ ایک آمر جیسا برتا کر رہے ہیں۔ نوبل انعام یافتہ مصنف نے مزید بتایا کہ امریکی قونصل خانے نے مجھے پاسپورٹ کے ساتھ بلایا تا کہ ویزا منسوخ کیا جا سکے۔ عیدی امین یوگنڈا کے وہ فوجی حکمران تھے جنہوں نے 1971ء سے 1979 تک حکومت کی اور اپنے جابرانہ طرز حکمرانی اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے باعث بدنام ہوئے۔

عالمی پابندیوں کو روندنے والی روس ایران ریلوے لائن کی تیاری

ماسکو (آئی این پی) ایران اور روس نے ایک ریلوے لائن کی تعمیر کا آغاز کر دیا جو مغربی پابندیوں کے اثرات کو محدود کرسکتی ہے۔ یہ منصوبہ راشت سے آستارا تک پھیلا ہوا ہے اور بین الاقوامی شمال، جنوب ٹرانسپورٹ کاریڈور کا اہم حصہ ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق ریلوے لائن کی لمبائی 162 کلومیٹر ہے اور اس کے مکمل ہونے پر نقل وحمل کے اخراجات میں 30 فیصد کمی اور شپمنٹ کے وقت کو 37 دن سے کم کر کے 19 دن تک لایا جا سکے گا۔ منصوبے کی مالی معاونت زیادہ تر روس فراہم کر رہا ہے، اور اس کی لاگت تقریباً 1.6 ارب یورو ہے۔ روسی انجینئرز اس منصوبے کی تعمیر میں مصروف ہیں۔ منصوبہ ایران-روس جامع اسٹریٹجک شراکت داری معاہدے کے تحت بنایا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق اس ریلوے سے دونوں ممالک سالانہ تقریباً 20 ملین ٹن سامان منتقل کرسکیں گے، جس میں تیل، گیس، اسٹیل اور خوراک شامل ہے۔

بنگلہ دیش میں عام انتخابات آئندہ سال فروری میں ہونگے

شیخ حسینہ کی الیکشن میں حصہ لینے سے روکنے پر بائیکاٹ کی دھمکی

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلہ دیش کی عبوری حکومت نے ملک میں عام انتخابات اگلے سال فروری میں کروانے کا اعلان کیا ہے۔ بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم اور عوامی لیگ کی سربراہ شیخ حسینہ نے دھمکی دی ہے کہ ان کی جماعت پر پابندی کے بعد اگلے لاکھوں حامی آئندہ سال ہونے والے انتخابات کا بائیکاٹ کریں گے۔ شیخ حسینہ اگست 2024 سے بھارت میں ہیں، اور جلاوطنی کی زندگی گزار رہی ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق بنگلا دیش کی جلاوطن سابق وزیراعظم شیخ حسینہ نے کہا کہ وہ عوامی لیگ کی جماعت کے بغیر ہونے والے کسی بھی انتخابی حکومت کا حصہ نہیں بنیں گی اور نہ ہی بنگلا دیش واپس آئیں گی۔ انہوں نے کہا، عوامی لیگ پر پابندی نہ صرف غیر منصفانہ ہے۔

سوڈان، دارفور میں ریپڈ سپورٹ فورسز کا اسپتال پر حملہ 460 افراد کو قتل کردیا

دہلی میں مصنوعی بارش کروانے کا تجربہ ناکام

اپوزیشن کی کڑی تنقید، حکومت پر سرکاری پیسہ ضائع کرنے کا الزام

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے حکومت کی جانب سے کلاؤڈ سیڈنگ کے ذریعے مصنوعی بارش کرانے کا تجربہ کیا گیا، تاہم شہر کے کسی حصے میں بارش نہ ہوسکی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق دارالحکومت میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی اور دھند کے خاتمکیلئے حکومت کی جانب سے مصنوعی بارش کروانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ جس کے بعد کی گئی کلاؤڈ سیڈنگ کے باوجود بارش نہ ہو سکی۔ ہندوستان ٹائمز کے مطابق نئی دہلی میں کیے گئے کلاؤڈ سیڈنگ کے حالیہ تجربے پر تقریباً 1 کروڑ 28 لاکھ روپے خرچ کیے گئے، تاہم یہ مہنگا تجربہ مصنوعی بارش لانے میں ناکام رہا۔ تجربے کے دوران مخصوص طیارے کے ذریعے نئی دہلی کے مختلف علاقوں میں سلور آئیوڈائیڈ سے بھرے شعلے فضا میں چھوڑے گئے۔ ان دو الگ تجربات میں سے کسی سے بھی بارش نہیں ہوئی۔ کلاؤڈ سیڈنگ ایک موسمیاتی طریقہ کار ہے، جس میں بادلوں میں مخصوص کیمیکل شامل کر کے مصنوعی طور پر بارش پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ سلور آئیوڈائیڈ، پوٹاشیم آئیوڈائیڈ اور سوڈیم کلورائیڈ جیسے کیمیکلز کو بادلوں میں بیج کے طور پر شامل کیا جاتا ہے، تاکہ پانی کے بخارات اِن ذرات کے گرد جمع ہو کر بارش کے قطرے تشکیل دیں۔

10 فیصد ٹیرف کی کمی کے ساتھ ٹرمپ کا اگلے برس چین کے دورے کا اعلان

سعودی عرب شام میں سرمایہ کاری لانے کی کلید ہے، احمد الشرع

سعودی عرب خوشحالی، استحکام اور وسیع ترقی کی طرف گامزن ایک اہم مملکت ہے، خطاب

دمشق (این این آئی) شام کے صدر احمد الشرع نے سعودی عرب کی شام میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے دنیا بھر سے دعوت دیے جانے کو سراہا اور کہا شام میں سرمایہ کاری لانے کے لیے سعودی عرب ایک کلید کا کردار ادا کر رہا ہے۔ بشار الاسد رجیم کے زمانے سے بین الاقوامی تنہائی میں پڑا شام بین الاقوامی سرمایہ کاروں سے محروم ہو گیا تھا۔ انہوں نے سعودی میزبانی میں منعقدہ 'فیوچر انویسٹمنٹ اینیشیٹو کانفرنس' سے خطاب کرتے ہوئے کہا جب آٹھ دسمبر کو بشار الاسد کی حکومت کے بعد ہم نے حکومت سنبھالی تو پہلا غیر ملکی دورہ سعودی عرب کا ہی کیا کہ ہمیں اندازہ تھا کہ کلید یہی ہے۔ صدر احمد الشرع کے اس خطاب کے دوران سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بھی کانفرنس میں موجود تھے۔ الشرع نے کہا سعودی عرب خوشحالی، استحکام اور وسیع ترقی کی طرف گامزن ایک اہم مملکت ہے۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان طویل عرصے سے خطے کو اپنے مختلف تجربے سے روشناس کرا رہے ہیں۔ ان کا ویژن 2030 نہ صرف سعودی عرب کی ترقی و خوشحالی کو پائیداری کی منزلوں کی طرف لے کے چل رہا ہے۔

امریکہ، کیک کے آخری ٹکڑے پر جھگڑا، خاتون نے 25 سالہ شادی ختم کردی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکہ میں شادی کی سالگرہ کے موقع پر کیک کے آخری ٹکڑے نے ایک جوڑے کی 25 سالہ شادی ختم کر دی۔ 46 سالہ خاتون نے اپنی کہانی ریڈیٹ پر شیئر کی، جو فوراً وائرل ہوگئی اور سوشل میڈیا پر صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ خاتون نے بتایا کہ وہ اور ان کے 48 سالہ شوہر طویل عرصے سے اکثر ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔ میرے شوہر نے شادی کی سالگرہ پر ہمارے جھگڑے کو ختم کرنے کی خاطر ٹرپ پلان کیا۔ انہوں نے لکھا کہ شادی کی سالگرہ پر امید کی تھی کہ ایک چھوٹا سا ٹرپ ہمارے تعلقات کو بہتر کرے گا، لیکن مجھے اس وقت سخت مایوسی ہوئی جب میرے شوہر نے اسی ہوٹل کا انتخاب کیا جس کے حوالے سے ہم نے سوچا تھا کہ ہم یہاں کبھی نہیں جائیں گے جیسے ہی ہم ہوٹل پہنچے، ماضی کی یادیں اور اختلافات دوبارہ ابھر آئیں۔ خاتون نے بتایا کہ میں نے اپنا موڈ ٹھیک کرلیا اور اس بات کی قدر کی کہ اس بار شوہر نے پلاننگ خود کی تھی۔ مگر ہوٹل پہنچتے ہی شوہر کا مزاج بگڑ گیا رات کے کھانے کے لیے انہوں نے مجھ سے ڈشز منتخب کرنے کو کہا، میں نے تین ڈشز منتخب کیں اور بتایا۔

☆☆☆☆

الفاشر پر ریپڈ سپورٹ فورسز کے حملوں میں 1500 افراد ہلاک، عالمی مذمت

ییل یونیورسٹی کی ہیومینیٹیرین ریسرچ لیب نے الفاشر میں اجتماعی قتلِ عام کے شواہد حاصل کیے ہیں

خرطوم (آئی این پی) افریقی ملک سوڈان کے شہر الفاشر میں ریپڈ سپورٹ فورسز (آر ایس ایف) کے تازہ حملوں میں تین روز کے دوران کم از کم 1500 شہری مارے گئے۔ بین الاقوامی اداروں نے ان واقعات کو "حقیقی نسل کشی" قرار دیتے ہوئے عالمی برادری سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق سوڈان ڈاکٹرز نیٹ ورک نے بتایا کہ آر ایس ایف نے شہر سے فرار کی کوشش کرنے والے عام شہریوں پر حملے کیے، جن میں سینکڑوں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ تنظیم کے مطابق یہ حملے دانستہ اور منظم نسل کشی کا حصہ ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ دنیا ایک ایسے قتلِ عام کی گواہ بن رہی ہے جو پچھلے ڈیڑھ سال سے جاری خونریزی کا تسلسل ہے، جب 14 ہزار سے زائد افراد بمباری، بھوک اور ماورائے عدالت قتل کا نشانہ بنے تھے۔ رپورٹس کے مطابق ییل یونیورسٹی کی ہیومینیٹیرین ریسرچ لیب نے الفاشر میں اجتماعی قتلِ عام کے شواہد حاصل کیے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق آر ایس ایف نے 17 ماہ کے محاصرے کے بعد الفاشر پر قبضہ کرلیا ہے جو دارفور میں فوج کا آخری مضبوط گڑھ تھا۔ سوڈانی حکومت کا کہنا ہے کہ شہر میں دو ہزار سے زائد افراد ہلاک ہوچکے ہیں جبکہ امدادی اداروں نے جنسی تشدد، شہریوں پر فائرنگ اور گھروں پر حملوں کی تصدیق کی ہے۔ ادھر عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے سربراہ ٹیڈروس ایڈہانوم نے بتایا کہ الفاشر کے سعودی زچہ و بچہ اسپتال میں 460 سے زیادہ افراد کو قتل کیا گیا، جن میں مریض، ان کے اہل خانہ اور طبی عملہ شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

حماس نے مزید 4 ہلاک یرغمالیوں کی لاشیں اسرائیل کے حوالے کردیں

غزہ، واشنگٹن (آئی این پی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے مزید 4 ہلاک یرغمالیوں کی لاشیں اسرائیل کے حوالے کردیں جس کے بعد غزہ میں رفح بارڈر کے راستے امدادی قافلوں کی آمد متوقع ہے، دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ امن معاہدے کا دوسرا مرحلہ شروع کرنے کا اعلان کردیا اور اس کے ساتھ ہی ایک بار پھر حماس کو جلد غیر مسلح ہونے کا پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ حماس نے ہتھیار نہ ڈالے تو طاقت کے استعمال سے انہیں غیر مسلح کردیں گے۔ عرب میڈیا کے مطابق حماس نے رات گئے مزید 4 ہلاک یرغمالیوں کی لاشوں کو ریڈ کراس کے ذریعے اسرائیلی حکام کے حوالے کردیا ہے۔ اس سے قبل بھی حماس غزہ امن معاہدے کے تحت 4 یرغمالیوں کی لاشیں اور 20 زندہ یرغمالیوں کو اسرائیل کے حوالے کرچکا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق یرغمالیوں کی لاشیں ملنے کے بعد اسرائیل کی جانب سے مصری سرحد سے ملحقہ رفح بارڈر کو کھولے جانے کا امکان ہے۔

ڈبلیو ٹی او کے ڈائریکٹر جنرل کی امریکہ اور چین سے تناؤ کم کرنے کی اپیل

ڈبلیو ٹی او نے 2025 کے لیے عالمی اشیا کی تجارت کی شرح نمو 2.4 فیصد کر دی

نیویارک (این این آئی) ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کی ڈائریکٹر جنرل نگوزی اوکونجو ایویالا نے امریکہ اور چین پر زور دیا ہے کہ وہ تجارتی تناؤ کو کم کریں۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے درمیان اختلاف طویل مدت میں عالمی جی ڈی پی میں 7 فیصد کمی کرسکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں اوکونجو ایویالا نے کہا کہ ڈبلیو ڈی او کو امریکہ اور چین کے درمیان تجارتی کشیدگی میں اضافے پر گہری تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے مزید بات چیت کی حوصلہ افزائی کے لیے دونوں ملکوں کے حکام سے بات کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا واضح طور پر ہم امریکہ اور چین کے درمیان کشیدگی میں اضافے کے بارے میں فکرمند ہیں۔ دونوں فریقوں اس سال کے شروع میں ٹیرف کے پہلے اضافے سے پیچھے ہٹ گئے تھے اور مزید سنگین نتائج کو ٹال دیا تھا۔ اس نے امید دی کہ ایسا دوبارہ بھی ہوسکتا ہے۔ اسی طرح ہم واقعی امید کرتے ہیں کہ دونوں فریق اکٹھے ہوں گے اور کشیدگی کو کم کریں گے کیونکہ امریکہ اور چین کے درمیان کسی بھی قسم کی کشیدگی اور ان کے درمیان کسی بھی قسم کا تناتنا صرف دنیا کی دو سب سے بڑی معیشتوں کے لیے بلکہ باقی دنیا کے لیے بھی اثرات مرتب کرے۔

امریکا، نو کنگز تحریک، ٹرمپ کیخلاف بڑے پیمانے پر مظاہرے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے مختلف شہروں میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے خلاف نو کنگز کے عنوان سے ملک گیر احتجاج جاری ہے، لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے ہیں جبکہ چھوٹے شہروں میں بھی درجنوں ریلیاں نکالی جا رہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملک بھر میں 2,500 سے زائد مظاہرے متوقع ہیں جن میں لاکھوں افراد شرکت کر رہے ہیں۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ صدر ٹرمپ آمریت اور فوجی جبر کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ صدر ٹرمپ کی تارکین وطن کی بے دخلی کے لیے چھاپوں اور مختلف ریاستوں میں فوج کی تعیناتی پر عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔

چارسدہ، شعقد ٹریفک پولیس ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کی خلاف کارروائی کررہی ہے

Sports

کھیل کھلاڑی

محسن نقوی کی بنگلا دیشی وزیر کھیل سے ملاقات، کرکٹ کے فروغ کے تعاون پر اتفاق

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بنگلا دیش کے امپائرز کو پاکستان میں ٹریننگ کی دعوت دی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی بنگلا دیش کے وزیر کھیل، امور نوجوانان، لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی آصف محمود سے ملاقات ہوئی جس میں دونوں ممالک کے درمیان کھیلوں خصوصاً کرکٹ کے فروغ و امپائرز ڈویلپمنٹ پروگرامز کے لیے تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بنگلا دیش کے امپائرز کو پاکستان میں ٹریننگ کی دعوت دی جبکہ ویمنز کرکٹ ڈویلپمنٹ پروگرامز کے لیے اشتراک کار بڑھانے پر بات چیت ہوئی۔ فیصلہ کیا گیا کہ اسپورٹس کے فروغ کے لیے پی سی بی اور بی سی بی میں با قاعدہ معاہدہ کیا جائے گا۔ ملاقات میں نوجوانوں کی اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار سے متعلق مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اعلیٰ تعلیم، اسکالر شپ پروگرامز اور تعلیمی میدان میں ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے پر بھی گفتگو کی گئی۔ سولر انرجی میں جدت اور باہمی تعاون بڑھانے کے حوالے سے بھی بات چیت کی گئی۔ محسن نقوی نے شناختی دستاویزات کو فول پروف بنانے خصوصاً نادرا کے محفوظ سیکیورٹی نظام سے متعلق بتایا۔ بنگلا دیشی وزیر آصف محمود نے نادرا کے نظام میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنگلا دیش کے وفد کو نادرا کے دورے کی دعوت دی، بنگلا دیش کا اعلیٰ سطح کا وفد جلد پاکستان آئے گا اور نادرا کا دورہ کرے اس موقع پر، محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بنگلا دیش کی زیادہ تر آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، اسپورٹس سرگرمیوں کے فروغ سے یوتھ ڈویلپمنٹ کے مواقع سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ ملاقات بنگاہ دیش اور پاکستان کے درمیان کثیرالجہتی تعلقات خصوصاً نوجوانوں، کھیل، تعلیم اور تجدید پذیر توانائی کے شعبوں میں تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے کی امید کو تقویت دیتی ہے۔ بنگلا دیش کی وزارت اسپورٹس و یوتھ کے سیکریٹری محبوب العالم، سیکریٹری لوکل گورنمنٹ رضا المقصود، پاکستانی ہائی کمیشن کے ناظم الامور محمد واصف، کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن، مینیجر نوید اکرم چیمہ اور اعلیٰ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

پاکستان کا عالمی انڈر19 والی بال چیمپئن شپ میں فاتحانہ آغاز

پہلے لیگ میچ میں بیلجیم کو یکطرفہ دلچسپ مقابلے میں 0-3 سے شکست دے دی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے عالمی انڈر19 والی بال چیمپئن شپ میں فاتحانہ آغاز کر دیا، قومی جونیئر ٹیم نے بیلجیم کے خلاف پہلے لیگ میچ میں یکطرفہ دلچسپ مقابلے میں 0-3 سے شکست دے دی۔ چیمپئن شپ کا آغاز اگست ... کھیلی جائے گی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق پول اے میں شامل پاکستان نے بیلجیم کے خلاف اپنے پہلے لیگ میچ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان نے پہلا سیٹ 19-25 سے جیتا، دوسرے سیٹ میں 17-25 سے کامیابی حاصل کی اور تیسرا سیٹ 22-25 سے جیت کر میچ اپنے نام کر لیا۔ 24 ٹیموں کی چیمپئن شپ میں امریکا دفاعی چیمپئن ہے۔ دوسرے میچ میں پاکستان کا میزبان ازبکستان سے جمعہ کو مقابلہ ہوگا۔ پاکستان 26 جولائی کو ترکی، 28 جولائی کو پورٹو ریکو اور 29 جولائی کو ارجنٹائن سے ٹکرائے گا جبکہ 30 جولائی سے ٹاپ 16 ٹیموں کے درمیان ناک آؤٹ راؤنڈ شروع ہوگا، فائنل 3 اگست کو کھیلا جائے گا۔ چیمپئن شپ کے لیے 19 رکنی جونیئر اسکواڈ میں 12 کھلاڑی اور 7 آفیشلز شامل قومی جونیئر ٹیم محمد یحییٰ، طیب خان، جبران، محمد حسن، محمد ساجد، مجاہد علی شاہ، اجمل جنید، محمد عرفان، جاوید احمد، طلال احمد، ابوبکر صدیق اور خضر حیات پر مشتمل ہے۔ سعید احمد خان ہیڈ کوچ، احسان اقبال اور محمد سلیمان امین اسسٹنٹ کوچ، محمد سلیمان فزیو تھراپسٹ، مظہر فرید ٹیم مینیجر اور محمد شہباز افیشل کی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں۔ پاکستان والی بال فیڈریشن کے چیئرمین چوہدری محمد یعقوب قومی جونیئر اسکواڈ کے سربراہ اور چیف ٹیم مشن ہیں۔

رجب بٹ کے مسائل کے پیچھے کونسی مشہور شخصیت ہے؟ ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے بتادیا

حسد کی وجہ سے رجب بٹ کی پرانی ویڈیوز کو وائرل کر کے اسے نشانہ بنایا جارہا ہے، کاشف ضمیر

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے ساتھی ٹک ٹاکر رجب بٹ کے مسائل کی وجہ کا انکشاف کر دیا۔ ماضی میں مختلف اسکینڈلز اور ترک اداکار انگین التان سے جڑے متنازع معاملات کی وجہ سے خبروں میں رہنے والے ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی پروگرام میں دعویٰ کیا ہے کہ رجب بٹ کے مسائل کے پیچھے ایک مشہور شخصیت کا ہاتھ ہے، کاشف ضمیر نے کہا کہ رجب بٹ اب ایک بڑا نام بن چکا ہے اور اسے کافی شہرت حاصل ہوئی ہے، جسے بعض لوگ برداشت نہیں کر پا رہے۔ ان کے مطابق حسد کی وجہ سے رجب بٹ کی پرانی ویڈیوز کو وائرل کر کے اسے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے رجب بٹ کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی ویڈیوز میں محتاط انداز اختیار کریں کیونکہ ان کی باتوں کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا جاتا ہے جس سے وہ مشکلات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ کاشف ضمیر نے بڑا دعویٰ کرتے ہوئے کہا کہ کسی شخص نے، جو فہد مصطفیٰ کو جانتا ہے، انہیں بتایا کہ رجب بٹ پر دائر قانونی مقدمات کے پیچھے فہد مصطفیٰ کا ہاتھ ہے، اور اس حوالے سے اسے شواہد بھی دکھائے گئے۔ تاہم کاشف ضمیر نے یہ شواہد پروگرام میں ظاہر کرنے سے انکار کر دیا۔ ٹک ٹاکر کے اس دعوے نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی ہے۔ صارفین ان کے دعوے پر بے حد حیران ہیں اور اس کے شواہد کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

ٹی ٹوئنٹی پلیئرز کی نئی رینکنگ جاری، بابر اور رضوان اپنی وقعت کھونے لگے

آئی سی سی کی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی تازہ ترین پلیئرز رینکنگ میں بابر اعظم اور محمد رضوان کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑا ہے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی تازہ ترین پلیئرز رینکنگ جاری کر دی ہے، جس میں پاکستانی کرکٹرز بابر اعظم اور محمد رضوان کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ بیٹرز کی فہرست میں آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ بدستور پہلے نمبر پر موجود ہیں، جبکہ بھارت کے یشوی جیسوال ایک درجہ بہتری کے ساتھ نویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے شائے ہوپ چار درجے اوپر آ کر دسویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان کے بابر اعظم ایک درجہ نیچے آ کر 13 ویں نمبر پر چلے گئے ہیں، جبکہ محمد رضوان بھی ایک درجہ تنزلی کے بعد 14 ویں پوزیشن پر آ گئے ہیں۔ بنگلا دیش کے تنزید حسن نے 18 درجے بہتری کے بعد 37 ویں نمبر پر جگہ بنائی ہے۔ بولرز کی رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی نے پہلی پوزیشن برقرار رکھی ہے، جبکہ بنگلا دیش کے مستفیض الرحمان نے 17 درجے لمبی چھلانگ لگا کر 9 ویں نمبر پر قبضہ جما لیا ہے۔ بھارت کے ارشدیپ سنگھ ایک درجہ اوپر آ کر 10 ویں نمبر پر آ گئے ہیں، جبکہ بنگلا دیش کے مہدی حسن 9 درجے ترقی پا کر 16 ویں پوزیشن تک پہنچ گئے ہیں۔ آل راؤنڈرز کی کیٹیگری میں بھارت کے ہاردک پانڈیا بدستور پہلے نمبر پر براجمان ہیں، جبکہ ویسٹ انڈیز کے روسٹن چیز نے سات درجے ترقی کے بعد دوسری پوزیشن حاصل کر لی ہے۔

پاکستان، افغانستان اور یو اے ای کے درمیان سہ ملکی سیریز پر اہم پیشرفت

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے درمیان سہ ملکی کرکٹ سیریز سے متعلق اہم پیشرفت سامنے آگئی ہے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق سہ ملکی سیریز کو ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) اجلاس کے موقع پر حتمی شکل دی جا سکتی ہے، جس کے بعد شیڈول اور وینیوز کے اعلان کا بھی امکان ہے۔ امکان یہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ سیریز متحدہ عرب امارات میں منعقد ہوگی جو ایشیا کپ 2025 سے پہلے کروائی جائے گی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے آئندہ ماہ اگست میں افغانستان کی میزبانی کرنی ہے تاہم پی سی بی نے سہ ملکی سیریز کرانے کی تجویز

41 سالہ ڈی ویلیئرز کے ”منفرد کیچ“ کی سوشل میڈیا پر دھوم، ویڈیو وائرل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقا کے سابق کپتان اے بی ڈی ویلیئرز ماضی کی طرح اب بھی اپنی فٹنس برقرار رکھے ہوئے ہیں، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کے میچ میں انہوں نے زبردست فیلڈنگ کر کے شائقین کو حیران کر دیا۔ لیجنڈز لیگ میں بھارت کے خلاف کھیلے گئے میچ میں یوسف پٹھان نے عمران طاہر کی گیند پر باؤنڈری کی طرف شارٹ کھیلا لیکن فیلڈنگ پر موجود ڈی ویلیئرز نے بھاگتے ہوئے کیچ تھامنے کی کوشش کی۔ ڈی ویلیئرز نے یوسف پٹھان کا کیچ تو پکڑ لیا لیکن ان کا جسم باؤنڈری سے ٹکرانے لگا تھا جس پر انہوں نے گیند اپنے ساتھی فیلڈر کی طرف اچھال دی۔ سریل ایروی نے گیند کو ہوا میں بلند ہوتے دیکھ کر ڈائیو مار کر کیچ تھام لیا۔ اس طرح، یوسف پٹھان کو پویلین کی راہ دیکھنی پڑی جبکہ گراؤنڈ کے باہر بیٹھے شائقین کیچ دیکھ کر حیران رہ گئے۔ بھارت کو اس میچ میں ڈی ایس ایل فارمولے کے تحت 88 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

مانچسٹر ٹیسٹ، بھارت کے 4 وکٹ پر 264 رنز، پنت انجری کا شکار

لاہور (سپورٹس ڈیسک) انگلینڈ سے ہوم سیریز کے چوتھے مانچسٹر ٹیسٹ میں بھارت نے پہلے دن کے اختتام پر 4 وکٹ کے نقصان پر 264 رنز بنا لیے۔ رویندرا جڈیجا اور شردل ٹھاکر یکساں طور پر 19، 19 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں، سائی سدرشن 61 رنز بنا کر میدان بدر ہوئے۔ ریشابھ پنت 37 پر ریٹائرڈ ہرٹ ہوئے، ووکس کی گیند پر ریورس شاٹ کھیلتے ہوئے گیند ان کے پاؤں پر لگ گئی، پنت شدید تکلیف کا شکار دکھائی دیے، انھیں میڈیکل کارٹ میں باہر لے جایا گیا۔ اس سے قبل اوپنر یشاسوی جیسوال 58، لوکیش راہول 46، کپتان شبمن گل 12 رنز بنا کر پویلین واپس لوٹے، راہول اور جیسوال نے 94 کی افتتاحی شراکت بنائی، بین اسٹوکس نے 2 جبکہ ووکس اور لیام ڈوسن نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔

بھارتی ٹیم کو بڑا دھچکا، وکٹ کیپر بیٹر انگلینڈ کیخلاف ٹیسٹ سے

ریشابھ پنت چوتھے ٹیسٹ کے پہلے روز کرس ووکس کی گیند کو ریورس سویپ کھیلنے کے کوشش کے دوران زخمی ہوگئے تھے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارتی وکٹ کیپر بیٹر ریشابھ پنت انجری کے باعث انگلینڈ کے خلاف جاری چوتھے اور پانچویں ٹیسٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ ریشابھ پنت چوتھے ٹیسٹ کے پہلے روز کرس ووکس کی گیند کو ریورس سویپ کھیلنے کے کوشش کے دوران زخمی ہوگئے تھے۔ انگلش فاسٹ بولر کی گیند بھارتی بیٹر کے دائیں پاؤں پر لگی تھی جس کے سبب انہیں اپنی بقیہ اننگز چھوڑ کر میدان سے باہر جانا پڑا۔ کرس ووکس کی گیند ریشابھ پنت کے پیر پر لگی تو امپائر سے ایل بی ڈبلیو کی اپیل کی گئی تاہم انہیں آؤٹ قرار نہیں دیا گیا، لیکن زخمی ہونے کے باعث پنت کھیل جاری نہ رکھ سکے۔ وکٹ کیپر بیٹر 48 گیندوں کا سامنا کر کے 37 رنز بنا چکے تھے۔ ریشابھ پنت چوتھے ٹیسٹ کے باقی حصے میں وکٹ کیپنگ نہیں کریں گے لیکن ٹیم کی ضرورت کے مطابق وہ بیٹنگ کے لیے وکٹ پر آئیں گے۔ ڈاکٹروں کی جانب سے اسکیننگ کے بعد پنت کے پاؤں پر فریکچر کی تصدیق ہوئی، جس کے لیے بھارتی بلے باز کو تقریباً 6 سے 8 ہفتے آرام کرنا ہوگا۔ دھروجورل کو چوتھے ٹیسٹ میچ کی بقیہ اننگز کے لیے بھارت کے وکٹ کیپر کے طور پر متبادل بنایا گیا جبکہ انہیں آخری ٹیسٹ میں بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

امریکا میں ٹرانس جینڈر کھلاڑیوں پر پابندی سے متعلق اولمپک کمیٹی کا اہم فیصلہ

ٹرانس جینڈر کھلاڑیوں کو لاس اینجلس میں ہونے والے اولمپکس میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی



لاہور (سپورٹس ڈیسک) امریکا کی اولمپک اور پیرا اولمپک کمیٹی نے ٹرانس جینڈر کھلاڑیوں کو خواتین کے کھیلوں میں حصہ لینے سے روکنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ اقدام صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایگزیکٹو آرڈر کے تحت اٹھایا گیا جس میں کہا گیا تھا کہ مردوں کو خواتین کے کھیلوں میں شرکت سے روکا جائے تاکہ ٹرانس جینڈر ایتھلیٹس خواتین کے کھیلوں میں حصہ نہ لے سکیں۔ امریکی اولمپک کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ نگرانی اور تعاون کا عمل جاری رکھے گی تاکہ خواتین کھلاڑیوں کے لیے ایگزیکٹو آرڈر 14201 اور ٹیڈ سٹیونز اولمپک اینڈ ایمیچور اسپورٹس ایکٹ کے مطابق محفوظ اور منصفانہ مقابلے کا ماحول یقینی بنایا جا سکے۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ نے رواں سال فروری میں اس حکم نامے پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت انہوں نے اعلان کیا کہ ٹرانس جینڈر کھلاڑیوں کو 2028 میں لاس اینجلس میں ہونے والے اولمپکس میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ اس حکم میں محکمہ انصاف سمیت تمام سرکاری اداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ٹرانس جینڈر لڑکیاں اور خواتین اسکول کی سطح پر خواتین کے کھیلوں میں حصہ نہ لے سکیں اور اس پابندی کو مؤثر طریقے سے نافذ کیا جا سکے۔

Showbiz

رونق میلہ

فلم جوائے لینڈ کرنے پر ثروت گیلانی کو پچھتاوا؟ اداکارہ نے خاموشی توڑ دی

فلم کی کہانی پاکستانی معاشرے میں حساس موضوعات پر مبنی تھی، ثروت

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کے ٹی وی ڈراموں اور فلموں کی اداکارہ ثروت گیلانی کا کہنا ہے کہ جوائے لینڈ متنازع فلم تھی اور یہ فلم بین الاقوامی ناظرین کے لیے بنائی گئی۔ اداکارہ ثروت گیلانی نے انکشاف کیا ہے کہ فلم ’جوائے لینڈ‘ کی ٹیم کو اس کے متنازع ہونے کا علم تھا اور اسے پاکستان کے بجائے بین الاقوامی فلم فیسٹیولز کے لیے بنایا گیا تھا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ فلم کو خاص طور پر کانز فلم فیسٹیول کے لیے تیار کیا گیا، جہاں اسے نہ صرف پذیرائی ملی بلکہ ایوارڈ بھی حاصل ہوا۔ اداکارہ کے مطابق فلم کی کہانی پاکستانی معاشرے میں حساس موضوعات پر مبنی تھی، اس لیے اسے ملک میں ریلیز کرنا مشکل تھا۔ انہوں نے پاکستانی فلم انڈسٹری کی مختلف تکنیکی کمزوریوں پر بھی تنقید کی اور کہا کہ اگر ان شعبوں میں بہتری آتی تو آج ہماری انڈسٹری کا معیار مختلف ہوتا۔

معاوضے کا تنازع، کورولش عثمان کے اداکار نے ڈرامے کو خیر باد کہہ دیا

لاہور (شوبز رپورٹر) ترک اداکار براق اوزچویت نے مشہور ڈرامہ سیریز کورولش عثمان کو معاوضے کے تنازع کے باعث خیر باد کہہ دیا ہے۔ ترکی میڈیا ادارے کے مطابق براق گزشتہ پانچ سیزنز سے اس ڈرامے میں ’عثمان بے‘ کا مرکزی کردار ادا کر رہے تھے جو کہ ارطغرل غازی کے بیٹے کا کردار ہیں اب اس ڈرامہ سیریز کو خیر باد کہہ چکے ہیں۔ ترک میڈیا رپورٹس کے مطابق براق اور پروڈیوسر مہمت بوزداغ کے درمیان نئے سیزن کے لیے معاوضے پر اختلافات سامنے آئے۔ اداکار نے فی قسط 40 لاکھ ترک لیرا کا مطالبہ کیا، جو پروڈکشن ٹیم کے لیے قابل قبول نہیں تھا۔ معاملہ کشیدہ ہونے کے بعد دونوں فریقین نے مبینہ طور پر ایک دوسرے کو سوشل میڈیا پر ان فالو بھی کر دیا، جس سے اختلافات کی خبریں مزید تقویت پکڑ گئیں۔ براق اوزچویت نے انسٹاگرام پر اسٹوری میں الوداع کہنے کو عظیم خوبی قرار دیتے ہوئے ناظرین کا شکریہ ادا کیا اور جلد نئی کہانی میں واپسی کا بھی اعلان کیا۔

شاہ رُخ اور پریتی کیساتھ ڈانس پرفارمنس، ہمایوں سعید نے یادگار قصہ سُنا دیا

فخر کی مزاق میں کہی بات سچ ثابت ہو گئی تھی، ہمایوں سعید

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کے سپر اسٹار ہمایوں سعید نے ماضی میں بھارتی اسٹار شاہ رُخ خان اور پریتی زنٹا کیساتھ ڈانس پرفارمنس کا دلچسپ قصہ سُنا دیا۔ نجی ٹی وی پر ایک پوڈ کاسٹ میں ہمایوں سعید نے 2005 کے زی سینما ایوارڈز کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان سے وہ ریما، عدنان صدیقی سمیت دیگر فنکار لندن میں منعقد ایوارڈ شو میں مدعو تھے جب ان کے ساتھ دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ ہمایوں نے بتایا کہ ان کے ساتھ اداکار فخر نے کہا کہ اگر تمہیں شاہ رُخ اسٹیج پر بلا کر ساتھ ڈانس کرنے کا کہے تو کیسا محسوس کرو گے، جس پر انہوں نے فخر کی بات کو ہنس کر ٹال دیا اور جہاز کا سفر ختم ہونے تک انہیں علم نہیں تھا کہ انہیں شاہ رُخ کیساتھ اسٹیج پر پرفارم کرنا ہے۔ تاہم جیسے ہی وہ ایئرپورٹ پر پہنچے تو انہیں دیگر فنکاروں کیساتھ بس میں بھیجنے کے بجائے دوسری بس میں بیٹھنے کا کہا گیا جس پر انہوں نے پوچھا تو انہیں بتایا گیا کہ انہیں ری ہرسل کیلئے جانا ہے کیونکہ اگلے دن ایوارڈ شو میں ان کی شاہ رُخ اور پریتی زنٹا کیساتھ ڈانس پرفارمنس ہے جس پر وہ حیران رہ گئے کیونکہ فخر کی مزاق میں کہی بات سچ ثابت ہوگئی تھی۔ شاہ رُخ خان سے ملاقات کا احوال بتاتے ہوئے ہمایوں نے کہا کہ وہ مجھ سے ایسے ملے جیسے بہت اچھے سے جانتے ہو اور مجھے ڈانس اسٹیپس کرنے میں بھی مدد کی۔ ہمایوں نے بتایا کہ 2005 کے اس ایوارڈ شو میں بھارتی اور پاکستانی اداکاروں کی مشترکہ پرفارمنس کو وہاں موجود 50 سے 60 ہزار لوگوں نے کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر سراہا۔ یاد رہے کہ ماضی کے اس ایوارڈ شو میں شاہ رُخ، پریتی زنٹا، ریما اور ہمایوں سعید نے مل کر ایک یادگار ڈانس پرفارمنس دی تھی جس کو شائقین کی جانب سے بے حد پسند کیا گیا۔

کیا کومل میر نے چہرے پر بوٹاکس کروایا ہے؟ اداکارہ نے بتا دیا

کومل میر نے اپنی جسمانی تبدیلی سے متعلق افواہوں پر وضاحت پیش کردی

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز کی اداکارہ کومل میر نے اپنی جسمانی تبدیلی سے متعلق وضاحت پیش کردی۔ اداکارہ اور ماڈل کومل میر جنہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز ”مس ویٹ پاکستان“ سے کیا، ان دنوں اپنے بدلے ہوئے چہرے اور جسامت کے باعث سوشل میڈیا پر خبروں میں شامل ہیں۔ ان کی تصاویر وائرل ہوئیں تو مداحوں نے سوالات اٹھائے کہ انہوں نے فلرز کروائے ہیں یا وزن بڑھانے کیلئے بھی کوئی پروسیجر کروایا ہے۔ تاہم اب اداکارہ کومل میر نے اپنے حالیہ انٹرویو میں ان تمام باتوں کا تفصیل سے جواب دے دیا ہے۔ انٹرویو میں کومل نے بتایا کہ وہ ہمیشہ کم وزن کا شکار رہیں اور کھانے پینے سے متعلق مسائل کا سامنا کرتی رہی ہیں۔ تاہم حال ہی میں انہوں نے خوراک میں اضافہ کر کے قدرتی طور پر 6 کلو وزن بڑھایا ہے، جو زیادہ تر ان کے چہرے پر ظاہر ہوا۔ کومل نے بتایا کہ انہیں ایک فلم آفر ہوئی تھی جس کیلئے انہیں بتایا گیا کہ بڑی اسکرین پر بہتر دکھنے کے لیے صحت مند نظر آنا ضروری ہے ورنہ وہ اسکرین پر چھوٹی نظر آئیں گی، اس لیے انہوں نے خوراک میں بہتری کی زیادہ کھانا شروع کیا اور فطری طور پر وزن بڑھایا۔ کومل نے سوشل میڈیا پر پھیلنے والی ان خبروں کی سختی سے تردید کی کہ انہوں نے چہرے پر فلرز کروائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اب خود کو زیادہ خوبصورت اور صحت مند محسوس کرتی ہیں اور دوسروں کی رائے کی پرواہ کیے بغیر اپنی زندگی اپنے طریقے سے گزار رہی ہیں۔

سمیع خان نے علیزہ شاہ اور منسا ملک کے جھگڑے کی اصل کہانی بتادی

سمیع خان نے تصدیق کی ہے کہ وہ اس واقعے کے عینی شاہد تھے

لاہور (شوبز رپورٹر) اداکار سمیع خان نے ساتھی اداکارہ علیزے شاہ اور منسا ملک کے جھگڑے پر وضاحت پیش کر دی۔ ڈرامہ محبت کی آخری کہانی کے سیٹ پر علیزے شاہ اور منسا ملک کے درمیان ہونے والے جھگڑے پر اداکار سمیع خان نے اپنا مؤقف پیش کر دیا ہے۔ سمیع خان نے تصدیق کی ہے کہ وہ اس واقعے کے عینی شاہد تھے اور منسا ملک نے علیزے شاہ کو تھپڑ مارا تھا۔ سمیع کے مطابق منسا کے تھپڑ مارنے کے بعد وہ میک روم میں آگئیں جہاں علیزے ان کے پیچھے آگئیں اور انہوں نے ردعمل میں منسا کی جانب چپل پھینکی جو کسی کو نہیں لگی۔ تاہم اس کے باوجود علیزے نے پیشہ ورانہ انداز میں اپنا کام مکمل کیا اور شوٹنگ جاری رکھی۔ سمیع خان نے یہ پورا واقعہ بغیر دونوں اداکاراؤں کا نام لیے بتایا تاہم اب سوشل میڈیا پر اس واقعے کے اتنے چرچے ہیں کہ سب جانتے ہیں سمیع علیزے اور منسا کی بات کر رہے ہیں۔

راکیش روشن کی گردن کی اچانک سرجری، اب حالت کیسی

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف بھارتی فلمساز راکیش روشن کی گردن کی انجیو پلاسٹی کے بعد اسپتال سے ڈسچارج ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راکیش روشن نے حال ہی میں گردن کی انجیو پلاسٹی کروائی ہے کیونکہ ان کی دماغ تک جانے والی دو شریانیں (کیروٹڈ آرٹریز) 75 فیصد سے زائد بلاک تھیں۔ انہوں نے گردن کی انجیو پلاسٹی ڈاکٹرز کے مشورے پر احتیاطی تدبیر کے طور پر کروایا تاکہ کسی بڑے طبی مسئلے سے بچا جا سکے۔ سرجری کے بعد بھارتی فلمساز کو اسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا جس کے بعد انہوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپنی پہلی تصویر بھی شیئر کی ہے۔ تصویر کے کیپشن میں انہوں نے بتایا کہ فل باڈی چیک اپ کے دوران انہیں معلوم ہوا کہ ان کی گردن سے دماغ کو خون پہنچانے والی شریانیں 75 سے بھی زیادہ بلاک تھیں اس لئے انہوں نے فوری سرجری کروائی۔

بونی کپور کے وزن میں حیرت انگیز تبدیلی، مداح دنگ رہ

لاہور (شوبز رپورٹر) معروف بھارتی فلم ساز، اداکار اور پروڈیوسر بونی کپور کے وزن میں کمی کر کے مداحوں کو خوشگوار حیرت میں مبتلا کر دیا۔ آنجہانی بالی ووڈ فلم اسٹار سری دیوی کے شوہر ان دنوں اپنی نئی تصاویر کے باعث سوشل میڈیا پر خوب توجہ حاصل کر رہے ہیں۔ ان کی حالیہ تصاویر نے مداحوں کو حیران کر دیا ہے، جن میں وہ بے حد اسمارٹ اور دلکش نظر آ رہے ہیں۔ بونی کپور جو کہ برسوں سے موٹاپے کا شکار تھے اب اچانک بے حد وزن کم کر چکے ہیں اور ان کا یہ نیا انداز سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہا ہے۔ رپورٹس کے مطابق بونی کپور نے بغیر جم جائے اپنی صحت بہتر بنائی ہے اور تیزی سے وزن کم کیا ہے۔

سانحہ قلات میں جاں بحق قوال کے گھر پر فاتحہ، حکومتی رویے اور امداد نہ کرنے پر احتجاج کا عندیہ

لاہور (شوبز رپورٹر) قوال ماجد علی صابری نے سانحہ قلات کا ایک ہفتہ گزر جانے کے باوجود وفاق یا صوبائی حکومت کی جانب سے دادرسی نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پریس کلب کے احتجاج اور علامتی دھرنے کا اعلان کر دیا۔ ماجد علی صابری نے وفاقی و صوبائی حکومتوں کی ایک ہفتے سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود دادرسی کے لیے امدادی اعلان نہ ہونے کے خلاف جمعہ کو کراچی پریس کلب کے باہر آلات موسیقی اور سازندوں کے ہمراہ احتجاج، علامتی دھرنا دینے کی دھمکی دے دی۔ قوال ماجد علی صابری نے کہا کہ قوالی کی محفلوں میں پرفارمنس میں پذیرائی کے بعد ملنے والے سرٹیفکیٹس سے بھوک و افلاس نہیں مٹ سکتی۔ قوالی کے معروف گھرانے ماجد علی صابری قوال گروپ نے سانحہ قلات میں ایک ہفتے سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود 3 قیمتی جانوں کے ضیاع اور اسپتال میں زیر علاج (بشمول ایک انتہائی نازک حالت) 5 زخمیوں کے لیے وفاقی و صوبائی حکومتوں کی جانب سے دادرسی کے لیے کسی بھی امدادی اعلان نہ ہونے کے خلاف بعد نماز جمعہ کراچی پریس کلب کے باہر پرامن احتجاج و علامتی دھرنے کی دھمکی دے دی۔

امریکی اداکارہ خاتون پر حملے، تشدد اور چوری کے الزام میں گرفتار

اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر بھی تیزی سے وائرل ہو رہی ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) امریکی شو براوو کی سابق ریئلٹی اسٹار ڈائمنڈ ٹینکرڈ کو وال مارٹ میں لڑکی پر حملے اور چوری کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق براوو کے ریئلٹی شو ’تھکر دین واٹر‘ میں نظر آنے والی ڈائمنڈ ٹینکرڈ کو ٹینیسی کے شہر اینٹی اوک کے ایک وال مارٹ میں خاتون پر حملے اور چوری کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق 21 سالہ ٹینکرڈ نے سیلف چیک آؤٹ لائن میں ایک لڑکی کو پیچھے سے بالوں سے پکڑا اور مار پیٹ شروع کر دی۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ وہ ایک پتھر بھرے ہوئے جراب سے خاتون کے چہرے پر وار کر رہی ہیں۔ حملے کے دوران وہ ایک ایڑھی پر مانیٹر بھی پہنے ہوئے تھیں جبکہ متاثرہ خاتون لہولہان ہوگئی تھی۔ اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر بھی تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ جس پر صارفین کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آ رہا ہے۔

شاہ رُخ کو گوری یا بالی ووڈ کیریئر میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو کیا کریں گے؟

دونوں کی پہلی ملاقات دہلی میں نوعمری میں ہوئی جب شاہ رخ 18 اور گوری 14 برس کی تھیں

لاہور (شوبز رپورٹر) سپر اسٹار شاہ رُخ خان کا کہنا ہے کہ ان کی اہلیہ گوری ان کیلئے سب کچھ ہیں اور وہ ان کے خاطر اپنا فلمی کیریئر بھی چھوڑ سکتے ہیں۔ بالی ووڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان اور ان کی اہلیہ گوری خان کی محبت کی کہانی انڈسٹری میں ایک مثال سمجھی جاتی ہے۔ دونوں کی پہلی ملاقات دہلی میں نوعمری میں ہوئی جب شاہ رخ 18 اور گوری 14 برس کی تھیں۔ ایک شادی میں گوری کے انکار کے باوجود شاہ رخ نے ان سے دوستی کی راہ نکالی اور تعلق کا آغاز کیا جس کے بعد کم عمر میں ہی دونوں کی شادی ہوگئی۔ شادی کے 33 برس بعد بھی یہ مداحوں کی پسندیدہ جوڑی ہے۔ 1992 میں ایک انٹرویو بے حد مقبول ہوا جس میں شاہ رخ نے کہا ’میری بیوی سب سے پہلے ہے۔ اگر مجھے کبھی گوری اور اپنے کیریئر میں سے کسی ایک کو چننا پڑا تو میں فلمیں چھوڑ دوں گا۔‘ انہوں نے مزید کہا، ’میں شاید پاگل ہو جاؤں گا اگر وہ نہ ہو۔ وہی میرا سب کچھ ہے...... مجھے اس سے جذباتی وابستگی ہے۔‘ گوری اور شاہ رُخ کا تعلق تب شروع ہوا جب وہ اداکار نہیں تھے اور گوری نے شاہ رُخ کے ساتھ ہر اچھے برے وقت میں ساتھ نبھایا۔ شاہ رخ اور گوری تین بچوں کے والدین ہیں اور ایک دوسرے کے کیریئرز میں بے حد سپورٹ کرتے ہیں۔ جہاں شاہ رُخ سپر اسٹار ہیں وہیں ان کی بیوی گوری خان ایک مشہور انٹیریئر ڈیزائنر ہیں۔

سلمان خان بگ باس 19 کی میزبانی کا کتنا معاوضہ لیں گے؟

بھارتی میڈیا کے مطابق بگ باس 19 کا آغاز 31 اگست کو متوقع ہے اور اس کے پرومو کی ریکارڈنگ بھی کی جا چکی ہے

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ اسٹار سلمان خان فلموں میں اپنی لاجواب اداکاری سے اپنے مداحوں اور فلم بینوں کو خوب محظوظ کرتے ہیں اسی طرح میزبانی کے شعبے میں بھی وہ مقبولیت کی عروج پر پہنچے ہوئے ہیں اور اس حوالے سے بھارتی انٹرٹینمنٹ انڈسٹری میں ان کی منفرد پہچان بن چکی ہے۔ سلمان خان بھارتی ریئلٹی شو بگ باس کی میزبانی کے فرائض گزشتہ کئی برسوں سے انجام دے رہے ہیں، بگ باس شو میں حصہ لینے والوں، مختلف گیمز اور کہانیوں کے ساتھ ساتھ سلمان خان کی میزبانی کی وجہ سے بھی دنیا بھر میں مشہور ہے۔ رپورٹ کے مطابق بگ باس کی پریمیئر 30 اگست کو بھارتی ٹی وی پر ہوگا 90 منٹ بعد نشر کیا جائے گا اور ناظرین نئے سیزن کے آغاز کا بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں۔ بگ باس 19 نیا سیزن ابھی شروع نہیں ہوا لیکن اس حوالے سے خبریں پہلے ہی آنا شروع ہوگئی ہیں، شو میں حصہ لینے والوں کے ناموں پر بھی چہ مگوئیاں ہو رہی ہیں لیکن سلمان خان کی میزبانی اور ان کو شو سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی میڈیا رپورٹس کی زینت بنی ہوئی ہیں۔

بقیہ 1

تعلیمی سہولیات کے باوجود تعلیم یافتہ اور مہذب ہیں۔دانش اسکول کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مجھے کسی نے چترال میں دانش اسکول کا نہیں کہا، یہ میرا تحفہ ہے۔انہوں نے کہا کہ چترال کے عوام کو ان کا حق دینے آیا ہوں، دانش اسکول سے ہونہار بچوں کو بہترین تعلیمی مواقع مفت میسر آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ چترال کے عوام کا جدید تعلیم کا خواب شرمندہ تعبیر ہو رہا ہے، دور دراز کے عوام کو سہولتوں کی فراہمی میری ترجیح ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی وسائل سے دور دراز علاقوں میں سہولیات فراہم کر رہے ہیں، عوام کو سہولیات کی فراہمی ریاست کا فرض ہے۔خیبر پختونخوا کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چترال خیبر پختونخوا کا خوبصورت علاقہ ہے، خیبر پختونخوا کے بہادر اور غیور عوام نے پاکستان کیلئے بے پناہ قربانیاں دیں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور چترال کا جذبہ حب الوطنی مثالی ہے، یہاں کے عوام کی ترقی اور یکجہتی کیلئے کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفری کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بننے پر مبارکباد اور بھرپور تعاون کی پیشکش کی، ان سے کہا کہ ترقی و خوشحالی کے لیے کام اور دہشت گردی ختم کریں۔قبل ازیں وفاقی وزیر برائے کشمیر امور و گلگت بلتستان اور امور ریاستی و سرحدی علاقے انجینئر امیر مقام نے اپنے خطاب میں کہا کہ چترال میں دانش اسکول کے سنگ بنیاد پر وزیراعظم کے مشکور ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف بہترین ایڈمنسٹریٹر اور ماہر معیشت ہیں، اور وہ سب کو ساتھ لیکر چلنے والے رہنما ہیں۔

بقیہ 2

ایل آئی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق شاہ محمود قریشی کے پتے میں پتھری بتائی جا رہی ہے اور ان کے گال بلیڈر کی سرجری ہونی ہیں۔ذرائع کے مطابق شاہ محمود قریشی 28 اکتوبر سے پی کے ایل آئی میں موجود ہیں جہاں ڈاکٹر فیصل ان کا معائنہ کر رہے ہیں۔ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی پرانی قیادت ریلیز عمران خان تحریک چلانے کیلئے تیار اور اس سلسلے میں شاہ محمود قریشی سے پی کے ایل آئی میں ملاقات بھی کی ہے۔تحریک میں فواد چوہدری، اسد عمر، عمران اسماعیل، علی زیدی، محمود مولوی، سبطین خان اور دیگر رہنما موجود ہوں گے۔ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی کی پرانی قیادت عمران خان سے تحریک کی اجازت بھی لے گی، پی ٹی آئی کی پرانی قیادت سندھ، خیبر پختونخوا سے بھی اپنے پرانے سیاسی لوگوں کو ساتھ ملائے گی۔ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی پرانی قیادت شاہ محمود قریشی کی رہائی کے بعد عملی طور پر کام کرتے دکھائی دے گی، مذکورہ قیادت کا موقف ہے کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت عمران خان کو باہر نہیں نکال سکتی۔شاہ محمود قریشی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اڈیالہ جیل میں ڈاکٹروں نے بتایا تھا پتے میں پتھری ہے، اس وقت قید تنہائی میں تھا سوچا کہاں آپریشن کرانا ہوگا مگر پھر اب پتھری بڑی ہوگئی تھی جس کی وجہ سے انفیکشن پھیلنے کا خدشہ تھا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر نے آپریشن کرانے کی ہدایت کی جس کی وجہ سے ہسپتال ایڈمٹ ہوا ہوں، ابھی ٹیسٹ جاری ہیں ایک دو دن میں آپریشن ہونا ہے۔شاہ محمود قریشی نے سزا پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اللہ جانتا ہے میں بیگناہ قید ہوں، وہی باہر نکلنے کا سبب بنائیگا، ملک کی سلامتی کیلئے دعا گو ہوں، چاہنے والوں سے دعاؤں کی اپیل ہے۔

بقیہ 3

آئی کے رہنما زین قریشی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس پر سماعت کی، عدالت نے عمر ایوب اور زرتاج گل کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی کا بھی آغاز کر دیا۔دوران سماعت انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما علی بخاری کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔

بقیہ 4

فضائی آلودگی میں پہلے، گجرانوالہ دوسرے اور ملتان تیسرے نمبر پر رہا، لاہور میں جمعہ کو صبح کے وقت ایئر کوالٹی کی شرح 471 ریکارڈ کی گئی۔آئی کیو ایئر کے مطابق فیصل آباد میں اے کیو آئی 554، گجرانوالہ میں 546، ملتان میں 478، لاہور میں 471 اور بہاولپور میں 389 ریکارڈ کیا گیا جبکہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق صبح کے وقت ڈی جی خان، گجرانوالہ، قصور میں ایئر کوالٹی کی شرح 500 ریکارڈ کی گئی۔لاہور میں 447، فیصل آباد میں 408 اور ملتان میں اے کیو آئی 352 ریکارڈ ہوا۔آئی کیو ایئر کے مطابق لاہور کے مختلف علاقوں میں ایئر کوالٹی انتہائی خطرناک سطح تک پہنچ گئی۔فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ آفس راوی روڈ 980، جی تھری انجینئرنگ کونسل میں 790 اور ڈی ایچ اے فیز 8 میں 759 ریکارڈ کی گئی تاہم ایئر کوالٹی انڈکس پنجاب کے مطابق برکی روڈ پر اے کیو آئی 500، ایجرٹن روڈ 500، واہگہ بارڈر 394 اور سفاری پارک میں 384 ریکارڈ کیا گیا۔اسموگ نگرانی و پیشگی سسٹم کے مطابق پنجاب میں ہوا کا بہاؤ مشرق سے مغرب کی سمت رہا۔ادارہ تحفظ ماحولیات کے مطابق بھارتی علاقوں ہریانہ، لدھیانہ، پٹیالہ اور جالندھر سے آلودہ ہوائیں پاکستان کی جانب داخل ہوئیں۔یہ ہوائیں لاہور، فیصل آباد، قصور اور گجرانوالہ کے فضائی معیار پر اثرانداز ہونے لگیں۔ماہرین کے مطابق فضا میں اسموگ اور باریک ذرات کے جمع ہونے سے آلودگی کی شدت میں اضافہ ہونے لگا ہے۔محکمہ ماحولیات کے مطابق لاہور میں فضائی معیار غیر صحت بخش متوقع ہے، صبح سویرے، رات گئے اور شام کے اوقات میں آلودگی کی شدت زیادہ رہی تاہم دوپہر کے اوقات (1 تا 5 بجے) معمولی بہتری رہی تاہم مجموعی معیار غیر صحت بخش رہنے کا امکان ہے، عوام، خصوصاً بچے، بزرگ اور مریض غیر ضروری طور پر باہر جانے سے گریز کریں۔پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر انسداد اسموگ اقدامات میں تیزی لائی گئی ہے، صوبے کے 12 محکمے مشترکہ ایکشن پلان پر عمل درآمد میں مصروف ہیں۔کھیتوں میں باقیات جلانے پر زیرو ٹالرنس، 10 ہزار سے زائد نوٹسز جاری ہوئے۔190 سے سے زائد فیکٹریوں اور بھٹوں کی چیکنگ، درجنوں سیل، بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ صرف ماحول دوست زگ زیگ ٹیکنالوجی والے بھٹوں کو چلانے کی اجازت ہے، 1200 سے زائد ٹیموں کی مانیٹرنگ، موقع پر کارروائیاں اور جرمانے جاری ہوئے جبکہ تعمیراتی سائٹس پر ڈسٹ کنٹرول ایس او پیز پر سخت عملدرآمد کروایا گیا، حکومتِ پنجاب عوامی صحت کے تحفظ، سموگ کے اسباب کے خاتمہ اور صاف فضا کی بحالی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 5

کہا ہے کہ پاکستان کو امید ہے 6 نومبر کو افغان طالبان کے ساتھ مذاکرات کے اگلے دور کا نتیجہ مثبت نکلے گا۔جمعہ کو ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان مصالحتی عمل میں اپنا کردار جاری رکھے گا اور 6 نومبر کے مذاکرات سے مثبت نتائج کی امید رکھتا ہے۔انہوں نے یاد دلایا کہ پاکستان اور افغان طالبان حکومت کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور جمعرات کی شام استنبول میں ثالثوں کی موجودگی میں اختتام کو پہنچا۔ترجمان کے مطابق پاکستان نے 25 اکتوبر سے شروع ہونے والے استنبول مذاکرات میں خوش دلی اور مثبت نیت کے ساتھ شرکت کی۔انہوں نے بتایا کہ مذاکرات ابتدائی طور پر دو دن کے لیے طے کیے گئے تھے، تاہم طالبان حکومت کے ساتھ باہمی اتفاقِ رائے سے معاہدے تک پہنچنے کی سنجیدہ کوشش میں پاکستان نے بات چیت کو 4 دن تک جاری رکھا۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے طالبان حکومت سے مثبت انداز میں بات چیت کی، مگر اپنی اس واضح پوزیشن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان مزید کسی کشیدگی کا خواہاں نہیں، لیکن طالبان حکومت سے توقع رکھتا ہے کہ وہ بین الاقوامی برادری سے کیے گئے وعدوں کی پاسداری کرے اور پاکستان کے جائز سیکیورٹی خدشات کو دور کرنے کے لیے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان سمیت دہشت گرد تنظیموں کے خلاف ٹھوس اور قابلِ تصدیق اقدامات کرے۔طاہر اندرابی نے بتایا کہ گزشتہ چار سال سے پاکستان افغان طالبان سے مطالبہ کرتا آ رہا ہے کہ وہ اپنی سرزمین پر موجود دہشت گرد تنظیموں کے خلاف فیصلہ کن اور مؤثر کارروائی کرے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے بارہا طالبان حکومت کو فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی اعلیٰ قیادت کی افغانستان میں موجودگی سے متعلق قابلِ تصدیق معلومات فراہم کیں، تاہم ماضی میں بار بار یقین دہانیوں کے باوجود افغانستان سے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔طاہر اندرابی نے کہا کہ اکتوبر میں افغان سرزمین سے پاکستانی علاقوں پر بلا اشتعال حملے کیے گئے، پاکستان نے سرحدی علاقوں میں اشتعال انگیزیوں کا بھرپور جواب دیا۔ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے واضح کیا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر اپنی خودمختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر اقدام اٹھائے گا، پاکستان 6 نومبر کے مذاکرات میں مثبت نتیجے کی امید رکھتا ہے، انہوں نے قطر اور ترکیہ کے تعمیری کردار کو سراہا۔

بقیہ 6

نکتہ بنی رہی جس کے باعث مذاکرات میں تعطل پیدا ہوگیا، پاکستان کی جانب سے مذاکرات کے ناکام ہونے اور وفد کی واپسی کے اعلان کے بعد ترکیہ اور قطر نے ایک بار پھر مداخلت کر کے مذاکراتی عمل کو بحال کیا اور بالآخر پیش رفت ممکن ہوئی۔ترکیہ کی وزارت خارجہ کی جانب سے جمعے کی صبح جاری مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ جنگ بندی کے نفاذ کے مزید طریقہ کار پر تفصیلی غور و خوض 6 نومبر کو استنبول میں ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کیا جائے گا۔اعلامیے میں اگرچہ یہ واضح نہیں کیا گیا کہ اعلیٰ سطح کے اجلاس میں کن رہنماؤں کی شرکت متوقع ہے تاہم امکان ہے کہ اس سے مراد دونوں ممالک کے وزرائے دفاع ہیں جنہوں نے دوحہ میں مذاکرات کے پہلے دور کی قیادت کی تھی اور اب وہ استنبول میں دوبارہ ملاقات کریں گے۔مشترکہ اعلامیے کے مطابق دونوں ممالک نے جنگ بندی کو برقرار رکھنے اور خلاف ورزی کرنے والے فریق پر جرمانہ عائد کرنے کے لیے ایک مانیٹرنگ اور توثیقی نظام قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ترکیہ کی وزارت خارجہ کے اعلامیے میں کہا گیا کہ تمام فریق اس بات پر متفق ہیں کہ امن کے تسلسل کو یقینی بنانے اور خلاف ورزی کرنے والے فریق پر سزا نافذ کرنے کے لیے نگرانی اور توثیق کا ایک نظام قائم کیا جائے گا۔اعلامیے میں کہا گیا کہ ثالث کے طور پر ترکیہ اور قطر دونوں فریقین کی فعال شمولیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہیں اور دونوں ممالک پائیدار امن و استحکام کے لیے فریقین کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔ترکیہ اور قطر کے پاکستان کے ساتھ گہرے تعلقات ہیں جبکہ قطر نے افغان طالبان اور نیٹو افواج کے درمیان مذاکرات میں بھی اہم کردار ادا کیا تھا۔طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اس پیش رفت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح امارت اسلامی دیگر ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتی ہے، اسی طرح وہ پاکستان کے ساتھ بھی مثبت تعلقات کی خواہاں ہے جو باہمی احترام، داخلی امور میں عدم مداخلت اور کسی بھی جانب کے لیے خطرہ نہ بننے کے اصول پر مبنی ہوں۔یہ مشترکہ اعلامیہ اس وقت سامنے آیا جب وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا تھا کہ استنبول مذاکرات میں اب ایک روشنی کی کرن دکھائی دے رہی ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق استنبول مذاکرات کا مرکز پاکستان کا یہ بنیادی مطالبہ تھا کہ افغانستان اپنی سرزمین سے سرحد پار حملوں میں ملوث کالعدم تحریک طالبان پاکستان اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف واضح، قابل تصدیق اور فیصلہ کن کارروائی کرے۔دوسری جانب طالبان وفد نے مذاکرات میں موقف اختیار کیا کہ وہ ٹی ٹی پی کے جنگجوؤں پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتے۔ایک سینئر طالبان اہلکار نے بتایا کہ افغان فریق نے پیشکش کی تھی کہ اگر کوئی ٹی ٹی پی رکن افغان سرزمین پر پایا گیا تو اسے گرفتار یا ملک بدر کیا جائے گا۔اہلکار نے کہا کہ مگر پاکستان مسلسل یہ اصرار کر رہا ہے کہ ہم ٹی ٹی پی کے پاکستان کے اندر حملوں کو کنٹرول کریں، یہ جنگجو پاکستانی شہری ہیں جو پاکستان کے اندر کارروائیاں کرتے ہیں۔پاکستانی وفد نے مطالبہ کیا کہ طالبان ٹی ٹی پی کو باضابطہ طور پر دہشت گرد تنظیم قرار دیں اور اسے فتنہ یعنی شر انگیزی کے مترادف قرار دے کر عوامی طور پر مذمت کریں۔سفارتی ذرائع کے مطابق 5 روزہ مذاکرات کے دوران دونوں فریقوں کے درمیان براہِ راست رابطہ محدود رہا اور زیادہ تر بات چیت ثالثوں کے ذریعے ہوئی، ایک ذریعے نے بتایا حتیٰ کہ کھانے کے وقفوں میں بھی دونوں وفود کے درمیان بات چیت نہ ہونے کے برابر تھی۔افغانستان بدستور اس الزام کی تردید کرتا ہے کہ وہ عسکریت پسندوں کو پناہ دے رہا ہے بلکہ وہ الٹا پاکستان پر اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی کا الزام لگاتا ہے، بشمول فضائی حملوں اور امریکی ڈرونز کو اپنی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دینے کے جنہیں اسلام آباد مسترد کرتا ہے۔کابل نے مذاکرات کے دوران اصرار کیا کہ کسی بھی مستقبل کے معاہدے میں ایسی کارروائیوں کے خلاف ضمانتیں شامل ہونی چاہئیں۔اگرچہ استنبول معاہدہ کئی دنوں کی کشیدگی کے بعد ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ فریقین کے درمیان بداعتمادی ابھی بھی گہری ہے۔ایک غیر ملکی سفارتکار نے کہا کہ یہ امن کے لیے ایک فریم ورک ہے، خود امن نہیں، اسے برقرار رکھنے کے لیے تسلسل، نگران نظام اور اعتماد درکار ہوگا۔

بقیہ 7

چکا ہے، پنجاب میں ہر قسم کی نفرت، شر اور اشتعال انگیزی کا مائیک ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گا، پنجاب میں کسی کاروبار، کسی جماعت یا کسی فرد واحد کو کسی کام کے لئے بھی لاؤڈ اسپیکر کے استعمال کی اجازت نہیں ہے، لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی اور غیر قانونی غیر ملکی باشندوں کی معاونت کرنے والے عناصر پنجاب حکومت کے سخت شکنجے میں ہوں گے، پنجاب حکومت نے لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی کرنیوالوں سے نمٹنے کیلئے سی سی ٹی وی کیمروں اور ایڈوانس ٹیکنالوجی کے استعمال کا بڑا فیصلہ کیا ہے، پنجاب حکومت نے پھر سے واضح کر دیا کہ صوبے بھر میں جمعہ کے خطبے اور پانچ وقت کی اذان کیلئے لاؤڈ اسپیکر پر کسی قسم کی پابندی نہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز نے پنجاب بھر کے 65 ہزار سے زائد آئمہ کرام کے وظائف کیلئے جلد اقدامات مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، حکومت پنجاب، آئمہ کرام کے احترام اور سہولت کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، پنجاب حکومت نے صوبے بھر کی مساجد کی تزئین و آرائش و بحالی کا بڑا فیصلہ کیا ہے، پنجاب کی مساجد میں تمام مسنگ فسیلٹیز مہیا کی جائیں گی، پنجاب میں مساجد کے اطراف والے راستوں کو کلئیر کیا جائے، نکاسی کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا۔وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت امن و امان پر مسلسل ساتواں غیر معمولی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں امن و قانون کی نئی سمت طے کی گئی۔غیر معمولی اجلاس میں امن و امان سے متعلق سخت اور فوری اقدامات کا فیصلہ کیا گیا۔پنجاب حکومت نے فیصلہ کیا کہ لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کا سخت ترین نفاذ ہوگا۔پنجاب میں لاؤڈ اسپیکر ایکٹ کے نفاذ کو سی سی ٹی وی کیمروں اور ٹیکنالوجی سے مانیٹر کیا جائے گا۔پنجاب میں لاؤڈ اسپیکر سے نفرت یا اشتعال انگیزی پھیلانے والے اب قانون کے کٹہرے میں ہوں گے۔سوائے فتنہ پرستوں اور انتہا پسند سوچ والے عناصر کے پنجاب میں کسی مذہبی جماعت پر کوئی پابندی نہیں۔پنجاب میں مذہبی جماعتیں ضابطہ اخلاق کے مطابق اپنی سرگرمیاں بلا روک ٹوک جاری رکھ سکتی ہیں۔مذہبی ہم آہنگی میں معاون جماعتوں کی پنجاب حکومت مکمل سرپرستی کرے گی۔پنجاب میں مذہب کا نام لے کر نفرت پھیلانے والوں کے لیے قانون کی رسی تنگ کر دی گئی۔پنجاب میں 65 ہزار آئمہ کرام کے وظائف کیلئے صوبے بھر کی مساجد کی ڈیجیٹل میپنگ شروع، آئمہ کرام کے وظائف کا اندراج شفاف انداز میں مکمل کیا جائے گا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے غیر قانونی اسلحہ سرینڈر کرنے والے عوام کے جذبہ تعاون پر اظہار اطمینان کیا ہے۔پنجاب میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے یا چھپانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔پنجاب حکومت نے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی سہولت کاری یا معاونت پر کڑی سزا کا اعلان کیا ہے۔سوشل میڈیا پر نفرت، جھوٹ اور اشتعال پھیلانے والوں کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی۔ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر نفرت انگیز مواد کی نگرانی کے لیے اسپیشل یونٹس فعال کر دیئے گئے۔پنجاب امن کا گہوارہ ہے، اسے انتشار کا میدان نہیں بننے دیا جائے گا۔

بقیہ 8

کیا گیا۔فیصل آباد کے پارلیمنٹیرینز نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ویژنری اور بے لاگ قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔اراکین اسمبلی اور پارٹی ٹکٹ ہولڈرز نے فیصل آباد کو الیکٹرو بس سروس فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر شہری کو انصاف، سہولت اور روزگار اُس کے دروازے پر ملے یہی میرا وعدہ نہیں، مشن اور عزم ہے۔فیصل آباد پنجاب کی صنعتی ریڑھ کی ہڈی ہے اسکی ترقی پورے صوبے کی معیشت کو تقویت دیتی ہے۔پنجاب میں قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، عوام کا اطمینان ہی اصل حکمرانی کی بنیاد ہے۔اراکین اسمبلی فیصل آباد نے کہا کہ جب سے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اقتدار میں آئی ہیں روز عوام کو نئی خوشخبری مل رہی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے امن و امان کو فوری و مؤثر فیصلوں سے سنبھالا جو پورے ملک کے لئے مثال بن گیا ہے۔مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں ترقی، شفافیت اور عوامی خدمت کا نیا دور شروع ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ اسکیم جیسے منصوبے نوجوانوں کو بااختیار بنا رہے ہیں۔

بقیہ 9

کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کشمیر کی عوام سے وعدہ کرتا ہوں، آپ کو مایوس نہیں کروں گا، نئے وزیراعظم کا اعلان کشمیر سے ہوگا، اسلام آباد سے نہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام کی نمائندگی کرتے ہوئے، اسمبلی کا بقیہ جتنا بھی وقت رہ گیا ہے، اس میں ان کی خدمت کریں گے، وزیراعظم اور ہمارے ایم ایل ایز عوام کے لیے دستیاب ہوں گے، اگر خدمت نہ ہوسکی تو اس کا ذمہ دار بلاول بھٹو زرداری ہوگا۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہماری جماعت کی بنیاد کشمیر کی وجہ سے رکھی گئی، پیپلز پارٹی کشمیر کیلئے 3 نسلوں سے لڑ رہی ہے، ہر فورم پر کشمیر کے عوام کا مقدمہ لڑا ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہم نے گزشتہ الیکشن میں حصہ لیا، اس الیکشن کے وقت خان صاحب کی حکومت میں تھی، اسٹیبلشمنٹ کے معاملات آپ کے سامنے تھے، سب حالات کے باوجود ہم نے الیکشن جیتا تھا، تاہم، انہوں نے ہماری جیت کو شکست میں تبدیل کیا، غیر سیاسی سوچ کی وجہ سے کشمیر میں ایک سیاسی خلا پیدا کیا گیا، جس کی وجہ سے کشمیر کی عوام کو مقامی و بین الاقوامی سطح پر نقصان ہو رہا ہے۔واضح رہے کہ 25 اکتوبر (ہفتہ) کو پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر میں اپنی حکومت بنانے کا اعلان کر دیا تھا، بڑا فیصلہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا تھا۔پاکستان پیپلز پارٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر پوسٹ میں بتایا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سربراہی میں پیپلز پارٹی آزاد کشمیر پارلیمانی گروپ کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں آزاد جموں و کشمیر کی سیاسی صورتحال سے متعلق بات چیت ہوئی تھی۔بعد ازاں، آزاد کشمیر پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور آزاد کشمیر میں حکمرانی اور پارٹی کے کردار سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا تھا۔ذرائع نے بتایا تھا کہ اجلاس میں پیپلز پارٹی نے ان ہاؤس تبدیلی کا فیصلہ برقرار رکھا، صدر زرداری نے آزاد کشمیر میں حکومت بنانے کی منظوری دے دی تھی، صدر پی پی آزاد کشمیر چوہدری یاسین نے واضح کیا تھا کہ وزیراعظم کون بنے گا، اس کا فیصلہ پارٹی قیادت کرے گی۔26 اکتوبر کو پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) آزاد کشمیر فارورڈ بلاک کے 10 ارکان نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا تھا جس کے بعد پیپلز پارٹی کو حکومت سازی کے لیے درکار مطلوبہ تعداد پوری ہوگئی تھی۔27 اکتوبر کو پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے آزاد کشمیر حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا فیصلہ کیا، ڈان نیوز کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے حکومتی کمیٹی برائے کشمیر امور نے اسلام آباد میں ملاقات کی تھی جس میں مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی اور آزاد کشمیر کے سینئر رہنما موجود تھے، اہم ملاقات میں آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال اور ان ہاؤس تبدیلی پر غور کیا گیا۔

بقیہ 10

کے ذریعے صرف 90 دن میں ہوگا۔ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کے فیصلے کی اپیل ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں قائم خصوصی ٹریبونل سنے گا۔خصوصی ٹریبونل بھی اپیل کا فیصلہ 90 کے اندر اندر کرنے کا پابند ہوگا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں نئے آرڈیننس کے تحت پنجاب کے ہر ضلع میں ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب میں نئے نظامِ انصاف کے تحت عدالت جانے سے پہلے ہی نجی جائیداد پر قبضہ کا ایشو ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی حل کرے گی۔برسوں سے لوگ عدالتوں کے چکر کاٹنے والے سائلین کو پنجاب میں برق رفتار انصاف کی فراہمی کے لئے ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی ہر قبضہ کیس کا فیصلہ 90 دن میں کرے گی۔6 رکنی ضلعی تصفیہ کمیٹی کا کنوینئر ڈپٹی کمشنر ہوگا جبکہ ڈی پی او اور دیگر حکام بھی شامل ہوں گے۔اجلاس میں 30 دن کے اندر ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹیاں فنکشنل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کیس کے فیصلے کے بعد 24 گھنٹے کے اندر قبضہ مافیا سے زمین واگزار کرانے کے پابند ہوں گے۔اجلاس میں عوام کی ملکیت ہتھیانے والوں سے قبضہ چھڑانے کے لئے پیرا فورس کی خدمات حاصل کرنے کی سفارش کا جائزہ لیا گیا۔شفافیت کے لئے ڈیجیٹل ریکارڈ اور سوشل میڈیا لائیو سٹریمنگ کی تجاویز پر غور کیا گیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں اب کوئی کسی کی زمین نہیں چھینے گا ماں جیسی ریاست ہر کمزور کے ساتھ کھڑی ہے۔جس کی ملکیت، اسی کا حق ہے قبضہ مافیا کا باب ہمیشہ کے لئے بند کر دیا ہے۔عام آدمی کے لئے چھوٹی سی جائیداد یا اراضی کل کائنات ہوتی ہے اور مافیا اس پر قبضہ کر لیتا ہے۔

بقیہ 11

مدارس کے بورڈز ہیں اور سب کو ایک دوسرے کو تسلیم کرنا چاہیے، پنجاب حکومت کے آئمہ مساجد کیلئے 25 ہزار کے اعلان پر تنقید کی بجائے آئمہ مساجد کو یہ حق دیدینا چاہیے کہ جو لینا چاہتا ہے لے اور جو نہیں لینا چاہتا نہ لے، پاک افغان مذاکرات کے سلسلہ کی بحالی بہتر سمت قدم ہے۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان کے معاملے میں پاکستان نے اپنا موقف بڑے ہی واضح انداز میں دنیا اور اپنے افغان بھائیوں کے سامنے رکھا ہے، افغانستان ہمارا پڑوسی اور بھائی بھی ہے، ہماری افغانستان کے ساتھ تعلقات کی دنیا سے ہٹ کر تاریخ ہے کہ ہم نے ان کی الحمدللہ 1978 سے اب تک بھرپور میزبانی کی ہے، جو استطاعت پاکستان رکھتا تھا اس کے مطابق اپنے افغان بھائیوں کے ساتھ جو بھی خیر کر سکتے تھے وہ کی ہے، اب اگر افغانستان سے کوئی گروپ بیٹھ کر یا افغان سرزمین کو استعمال کر کے بھارت کی ایماء پر پاکستان میں دہشتگردی کی کوشش کرے تو ان سارے حالات میں پاکستان کا صرف واحد ایک لفظی موقف ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دینی چاہیے۔نماز جمعہ میں تمام ملک کے آئمہ و خطباء نے دعا کی ہے کہ یہ جو معاہدہ ہے جس کی ابتداء ابھی سیز فائر سے ہے یہ ایک مکمل معاہدہ بنے۔افغانستان، پاکستان امن سے رہیں، ایک دوسرے کے معاون بنیں بجائے اس کے کہ افغانستان سے ہمیں خطرات لاحق ہوں اور افغانستان کو ہم سے خطرات لاحق ہوں۔پاکستان نے تو ہر وقت قربانیاں دی ہیں اب بھی ہم قربانی دے رہے ہیں۔بھارت جو ہمارے افغان بھائیوں کو استعمال کر کے یہاں خون کی ہولی کھیلنا چاہتا ہے ان شاءاللہ اس کو روکا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اندر 15 مدارس کے وفاق ہیں جو حکومت پاکستان کے ساتھ ایک نظم کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، پہلے یہ پانچ وفاق تھے پھر اس کے بعد اس میں اضافہ ہوا، ہمارا اس وقت بھی موقف بڑا واضح تھا کہ پاکستان کے اندر مدارس کے اندر جو مدارس کی تعلیم ہے اس کو پانچ وفاقوں کا پابند نہ کیا جائے، پاکستان میں نہ یونیورسٹیاں بنی ہیں، پاکستان میں نئے تعلیمی نظام آئے ہیں لیکن پانچ وفاقوں کے ساتھ ایک پابندی لگی ہوئی تھی جو ختم ہوئی اور اب اس وقت ملک کے اندر 15 مدارس کے بورڈز موجود ہیں جو کام کر رہے ہیں۔اب اگر کوئی کہے کہ یہ ڈمی ہیں یا پاکستان کی حکومت نے ان کو بنا دیا ہے یا علماء میں تفریق کیلئے بنا دیا ہے، ایسا کہنا بہت بڑی زیادتی ہے، جب یہ 10 وفاق جو پہلے 5 وفاق ہیں ان کو تسلیم کرتے ہیں تو ان کے قائدین کو بھی چاہیے کہ گفتگو میں بھی اور ویسے بھی اس کو تسلیم کریں۔انہوں نے کہا کہ مریم نواز شریف نے 25 ہزار روپے امام مسجد کیلئے اعلان کیا ہے تو اس پر بہت ساری جگہوں پر تو ستیں بھی بننا شروع ہوگئی ہیں جو امام یہ لینا چاہتا ہے اس کو دیئے جائیں جو نہیں لینا چاہتا وہ نہ لے۔بلاشبہ بہت ساری مساجد ایسی ہیں جن کی تعمیر اور ان کے اندر بہتری اس میں اگر حکومت پنجاب کوشش کرتی ہے تو اچھا کام ہے۔ایک بات کہی جا رہی ہے کہ خدانخواستہ جو 25 ہزار لے رہا ہے کہ کل اس پر کوئی مسلط ہو جائے گا کہ تم یہ کہو گے یہ نہیں کہو گے، الحمدللہ ایسا نہ پاکستان میں کبھی ہوا ہے نہ ہو سکتا ہے۔مشکل سے مشکل حالات میں بھی اللہ اور اللہ کے رسول کے کلمے کو بلند کیا ہے اور وہ کرتے رہیں گے۔ہمیں ایک دوسرے کے وجود کو تسلیم کرنا چاہیے، کوئی بڑا ہے کوئی چھوٹا ہے ہم سب کا احترام کرتے ہیں، ہم سب کیلئے محبت کا جذبہ رکھتے ہیں اور دوسروں سے بھی یہی امید رکھتے ہیں کہ وہ بھی یہی جذبہ رکھیں اور اسی جذبے کے ساتھ آگے بڑھیں۔

بقیہ 12

ترقی کرے گا تو پاکستان بھی آگے بڑھے گا، بلوچستان کے عوام اور نوجوان تعلیم اور روزگار مانگتے ہیں تو یہ ان کا بنیادی حق ہے، ارباب اختیار کے اقدامات نوجوانوں کو مایوس کر رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جعفر آباد میں بنو قابل پروگرام کے تحت مفت آئی ٹی کورسز کے طلباء و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن، جعفر آباد سے رکن اسمبلی عبدالمجید بادینی، پروفیسر محمد ایوب منصور، صدر الخدمت فاؤنڈیشن جعفر آباد عرفان احمد ابڑو اور دیگر نے بھی انٹری ٹیسٹ کے شرکاء سے خطاب کیا۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ لوگوں کو روزگار اور تعلیم سے محروم رکھ کر ترقی کے خوابوں کی تعبیر نہیں مل سکتی۔جس ملک کے 32 فیصد نوجوان بے روزگار ہوں وہ کیسے ترقی کرے گا۔ہمارا مطالبہ ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم دی جائے اور ان کے لئے آگے بڑھنے کے مواقع مہیا کئے جائیں۔پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح بلوچستان کے صحراؤں میں بھی معیاری تعلیم کے ادارے ہونے چاہئیں۔نوجوانوں کو روشن مستقبل دکھاؤ اور ان کے لئے کچھ کرو گے تو یہ آپ کے دست و باز و بنیں گے۔جماعت اسلامی الخدمت کے پلیٹ فارم سے معیاری اور جدید تعلیم مفت دے رہی ہے۔ہم تعلیم کے فروغ کی تحریک لے کر چل رہے ہیں۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی بغیر اختیار اور اقتدار کے قوم کی خدمت کر رہی ہے۔نوجوان اس قوم اور ملک کی اصل طاقت ہیں۔جس قوم کے پاس تعلیم سے محبت کرنے والے نوجوان ہوں اسے ترقی اور خوشحالی میں آگے بڑھنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔حکمرانوں نے نا صرف قوم بلکہ کروڑوں نوجوانوں کو مایوس کیا اور انہیں تعلیم اور روزگار سے محروم رکھا۔ہم نوجوانوں کو مفت آئی ٹی کورسز کرانے کے ساتھ ساتھ ڈگری پروگرامز کی بھی سکالرشپس لائیں گے۔بلوچستان کے نوجوان بیٹوں اور بیٹیوں کو گھریلو دستکاریوں اور چھوٹی صنعتوں کے الخدمت فاؤنڈیشن بلاسود قرضے دے گی تاکہ وہ محنت کریں اور اپنے خاندانوں کی عزت و وقار کے ساتھ کفالت کر سکیں۔اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو بیرون ملک بھی سکالرشپس دلوائیں گے۔میرا نوجوانوں سے وعدہ ہے کہ آپ جہاں تک پڑھنا چاہیں الخدمت آپ کو پڑھائے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں کا یہ اجتماع اس بات کا اعلان ہے کہ وہ پڑھنا اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ان کا عزم ہے کہ علم کی شمع سے اس ملک کو منور کریں گے۔انہوں نے نوجوانوں کو 21:22:23 نومبر کو لاہور مینار پاکستان اجتماع عام میں شرکت کی دعوت دی اور کہا کہ یہ انقلابی اجتماع ملک کے مستقبل کا فیصلہ کرے گا۔یہ اجتماع بدل دو نظام کے نعرے کی بنیاد پر ہو رہا ہے۔ہم نے نوجوانوں کی مدد سے ملک پر مسلط ظلم و جبر کے اس نظام کو تبدیل کرنا ہے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ہم جاگیرداری اور وڈیرہ شاہی نظام نہیں چلنے دیں گے۔پاکستان کسی وڈیرے، جاگیردار، جرنیل اور حکمران کا نہیں۔کوئی سردار وڈیرا اور سرمایہ دار جماعت اسلامی کے کارکن کو غلام نہیں بنا سکتا۔حکمران تعلیم کی راہ میں روڑے اٹکانے کی بجائے ایک نظام ایک کتاب اور ایک نصاب کے لئے ہمیں سہولتیں مہیا کریں۔انہوں نے کہا کہ حکومت چند ہزار دیکر سمجھتی ہے کہ اس نے غریبوں کو کھانے کو دے دیا۔13 ہزار کی امداد دے کر آپ کس طرح ایک خاندان کی کفالت کر سکتے ہیں۔پڑھے لکھے نوجوان برسر روزگار آئیں گے تو اپنے خاندانوں کی عزت و وقار سے کفالت کر سکیں گے۔

بقیہ 13

ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین عمران خان کی جانب سے دوبارہ کابینہ کا حصہ بننا اصل انعام ہے۔مزمل اسلم نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈہ پور کا بھی نہایت شکر گزار ہوں اور انہوں نے اعتماد کے ساتھ مکمل سپورٹ فراہم کی تھی۔مزمل اسلم نے کہا کہ موجودہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کا بھی شکریہ جنہوں نے مجھے اپنی نئی ٹیم کا حصہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا عوام نے مجھے مہمان سے بڑھ کر اپنایا اور ہر قدم پر سپورٹ کیا اور تمام سرکاری ملازمین، میڈیا اور بیوروکریسی کے تعاون اور معاونت کا مقروض ہوں۔مزمل اسلم نے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی صاحب کی حکومت کامیاب ہو اور خان صاحب کے سامنے سرخرو کریں۔مزمل اسلم نے ملک میں جاری مہنگائی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ہفتہ وار مہنگائی تو پانچ فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔جبکہ عام آدمی کیلئے اشیاء خورد و نوش میں اضافہ مختلف ہے۔مزمل اسلم نے کہا کہ وفاقی حکومت اعداد و شمار کے مطابق چینی نرخ میں اضافہ 4.42 فیصد ریکارڈ کیا گیا ہے۔اسی طرح ٹماٹر 31، پیاز 20، آٹا 19، بیف 13 اور گھی میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے اسی طرح گیس میں 30 جبکہ لیڈیز سینڈل میں 55 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔مزمل اسلم نے کہا کہ لسن 30، چنا دال 30، آلو 20 چکن 15 اور بجلی میں 26 فیصد کمی ہوئی ہے۔مزمل اسلم نے کہا کہ عوام بتائیں پچھلے ایک سال میں قوت خرید بڑھی یا کم ہوئی ہے؟۔

بقیہ 14

دوبارہ مذاکرات شروع ہوئے، دوست ممالک پاکستان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کو یہ بات ماننا پڑی کہ دہشتگرد کارروائیاں بند ہوں گی، جنگ بندی میں افغان طالبان کی جانب سے فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں بھی شامل ہیں۔عطا تارڑ نے کہا کہ افغان طالبان کو یقینی بنانا ہوگا کہ انکی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اب نیا فورم میسر ہوگا جہاں ہم دہشت گردی کے ثبوت پیش کریں گے۔وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ پاک افغان سرحدیں کھولنے کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔

بقیہ 15

اساتذہ اور انرولمنٹ کے چیلنج کے شکار کالجز پر ریشنلائزیشن پالیسی لاگو ہوگی۔کم انرولمنٹ والے کالجز اور کامرس کالجز آؤٹ سورس کئے جائیں گے۔انہوں نے انرولمنٹ بہتر کرنے کیلئے کالج اساتذہ کو 3 ماہ کا وقت دیتے ہوئے کہا کہ فیک انرولمنٹ کرنے والے کالجز اور اساتذہ کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔کالجز کی انرولمنٹ ہر صورت بہتر ہونی چاہئے، اس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔رانا سکندر حیات نے مزید کہا کہ کامرس کالجز کو بھی ای کامرس کالجز میں تبدیل کرتے ہوئے انہیں دور حاضر کی ضروریات کے مطابق ڈھال رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیوں میں اصلاحات کی بدولت معیار میں بہتری آئی اور انرولمنٹ میں رواں سال ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔اسی طرح کالجز میں بھی انرولمنٹ بہتر کرنا اہداف میں شامل ہے، جسے بہرصورت حاصل کیا جائے گا۔

بقیہ 16

بلندی درجات اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔نواز شریف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے اور اہل خانہ کے ساتھ ہے۔

بقیہ 17

جمہوریت کے ثمرات عام پاکستانیوں تک پہنچ پائیں گے اور کمزور اور پسماندہ طبقات کو حقوق ملیں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے چیئرمین ایم کیو ایم کا شکریہ ادا کیا اور انکے لئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔

بقیہ 18

انفارمیشن سسٹم) کو خصوصی تربیت دی گئی ہے، جیل عملے کو مزید تربیت کے لیے آپریشنل ویڈیوز بھی فراہم کر دی گئیں۔آن لائن بکنگ کروانے کی سہولت کے لیے جیل کے ویٹنگ شیڈ میں عملے کو تعینات کرنے کی بھی ہدایت کر دی گئی ہے، آن لائن بکنگ کروا کر آنے والے ملاقاتیوں کے لیے سہولت کاؤنٹر بھی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 19

یا گاڑیوں کے ذریعے نہیں بلکہ چوروں کی طرح پہاڑوں کے دشوار گزار راستوں سے پاکستان میں داخل ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ افغان وفد کی یہ تاویل دراصل ان کی نیت کے فتور اور خلوص سے عاری رویے کا ثبوت ہے۔

بقیہ 20

ذیشان رفیق نے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) فیز ون کی تکمیل پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز حکومت نے پہلی بار لاہور کے پسماندہ ترین علاقوں کے لئے شہری سہولیات کی فراہمی کا جامع منصوبہ دیا۔خوشی ہے کہ میونسپل کارپوریشن لاہور (ایم سی ایل) اور واسا نے منصوبوں کی معیاری تکمیل یقینی بنائی۔لاہور کی کچی گلیوں کو خوشنما ٹائلز سے پختہ بنایا گیا ہے۔ذیشان رفیق نے کہا کہ ایل ڈی پی کے دوسرے مرحلے پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔یہ میگا پراجیکٹ شہریوں کیلئے ریلیف کا باعث بنا، ہر علاقے میں بلاتفریق کام ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سیوریج کا موثر نظام اُن علاقوں تک پہنچایا گیا جو اب تک محروم تھے۔صوبائی وزیر نے ڈپٹی کمشنر کو مکمل شدہ سکیموں کی مانیٹرنگ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ موثر نگرانی کے لئے سکواڈ بنائے جائیں۔گلیوں میں این او سی کے بغیر توڑ پھوڑ پر ایف آئی آرز درج کرائی جائیں۔انہوں نے کہا کہ سٹریٹ لائٹس کی بحالی اور گرین بیلٹس کی تعمیر پر بھی توجہ دی جائے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک نے ہدایت کی کہ ایل ڈی پی کے دوسرے مرحلے میں فیز ون کے چیلنجز کو مدنظر رکھا جائے۔پسماندہ علاقوں کی ترقی سے لاہور کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا۔ذیشان ملک نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایات دوسرے مرحلے میں بھی مدنظر رکھیں۔ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا نے بتایا کہ مجموعی طور پر لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام 98 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔وزیراعلیٰ کی گائیڈ لائنز کے مطابق تمام منصوبوں کی معیاری، شفاف اور بروقت تکمیل یقینی بنائی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کام اور معیار کی جانچ پڑتال بھی کی جا رہی ہے۔سید موسیٰ رضا نے کہا کہ تجاوزات کی مد میں آنے والے تھڑوں، شیڈز کو مسمار کرایا جا رہا ہے۔اسسٹنٹ کمشنرز تمام سکیموں کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہیں۔

بقیہ 21

نے شرکت کی۔نئی کابینہ کے اراکین آفتاب عالم، امجد علی، فضل شکور خان، ارشد ایوب، مینا خان، خلیق الرحمان، ریاض خان، فخر جہاں، عاقب اللہ اور فیصل ترکئی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔مزمل اسلم اور تاج محمد کو وزیراعلیٰ سہیل خان آفریدی کا مشیر اور شفیع جان کو معاون خصوصی مقرر کیا گیا، خیبر پختونخوا کابینہ کی کل ممبران کی تعداد 13 ہے۔خیال رہے کہ 8 اکتوبر کو علی امین گنڈاپور نے اعلان کیا تھا کہ وہ صوبائی چیف ایگزیکٹو کے عہدے سے مستعفی ہو گئے ہیں، جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکریٹری سلمان اکرم راجا نے تصدیق کی تھی کہ چیئرمین عمران خان نے سہیل آفریدی کو نیا وزیراعلیٰ مقرر کرنے کی ہدایت دی ہے۔بعد ازاں، خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے استعفے کا معاملہ اس وقت نیا رخ اختیار کر گیا تھا، جب گورنر فیصل کریم کنڈی نے دستخطوں میں فرق ہونے کی وجہ سے علی امین گنڈاپور کے دو استعفے واپس کر دیے تھے اور انہیں 15 اکتوبر (بدھ) کو گورنر ہاؤس میں طلب کیا تھا تاکہ معاملہ حل کیا جا سکے۔12 اکتوبر کی رات سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری بیان میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا تھا کہ وزیراعلیٰ کا استعفیٰ اعتراض کے ساتھ واپس کر دیا گیا۔انہوں نے ایک خط بھی جاری کیا تھا، جو علی امین گنڈاپور کے نام تھا، اس میں بتایا گیا تھا کہ گورنر ہاؤس کو 8 اور 11 اکتوبر کو دو استعفے موصول ہوئے، لیکن دونوں پر دستخط ایک جیسے نہیں تھے۔دوسری جانب، علی امین گنڈاپور نے کہا تھا کہ ان کے دونوں استعفوں پر ان کے اصلی دستخط موجود ہیں۔دریں اثنا 13 اکتوبر کو خیبر پختونخوا میں نئے قائد ایوان کے انتخاب کے لیے صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر بابر سلیم سواتی کی صدارت میں ہوا تھا، جس میں پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار سہیل آفریدی 90 ووٹ لے کر صوبے کے 30 ویں وزیراعلیٰ منتخب ہو گئے تھے تاہم گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اس انتخاب کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ وزیراعلیٰ کا ہونے والا انتخاب غیر آئینی ہوگا، جب تک علی امین کا استعفیٰ منظور نہیں ہوتا وزیراعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی تصور ہوگا۔پی ٹی آئی نے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کے لیے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا، جس پر پشاور ہائیکورٹ نے گورنر خیبر پختونخوا کو 15 اکتوبر کو شام 4 بجے تک نومنتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے حلف لینے کا حکم دیا تھا، عدالت نے قرار دیا تھا کہ اگر گورنر نے حلف نہیں لیا تو پھر اسپیکر کو ہدایت ہے کہ حلف لیں۔پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کے بعد چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے گورنر خیبر پختونخوا کو عدالتی فیصلے پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی تھی، جس کے بعد گزشتہ روز گورنر فیصل کریم کنڈی کراچی سے پشاور پہنچے تھے اور عدالتی حکم پر عمل کرتے ہوئے نومنتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے حلف لیا۔

بقیہ 22

اشفاق احمد چوہدری، ڈپٹی کمشنر عثمان خالد، لیگی رہنما محمود قادر خان لغاری سمیت مختلف محکموں کے افسران اور معززین شہر بھی موجود تھے۔مہمانِ خصوصی نے تمام شادی شدہ جوڑوں کو مبارک باد پیش کی اور حکومت پنجاب کی جانب سے سلامی کے چیک تقسیم کیے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ دھی رانی پروگرام وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ایک انقلابی اقدام ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں مستحق اور غریب جوڑوں کی شادیاں حکومتی سرپرستی میں کرائی جا رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شادی کے تمام اخراجات حکومتِ پنجاب برداشت کر رہی ہے، جو حقیقی معنوں میں فلاحی ریاست کے تصور کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب عوام کی فلاح و بہبود کے لیے شب و روز مصروفِ عمل ہیں اور ان کے وژن کے تحت ایسے پروگرام شروع کیے گئے ہیں جن سے ہزاروں غریب خاندان مستفید ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سال پنجاب بھر کے 5 ہزار مستحق جوڑوں کی شادی کروائی جائے گی۔شرکاء نے بھی دھی رانی پروگرام کو حکومتِ پنجاب کی شاندار سماجی خدمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے نے سینکڑوں خاندانوں کو مالی بوجھ سے نجات دلائی ہے۔اجتماعی شادی کی یہ تقریب دعاؤں، نیک تمناؤں اور خوشیوں بھرے ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جبکہ جوڑوں کے لیے ضیافت کا خصوصی انتظام بھی کیا گیا تھا۔

بقیہ 23

علاج کی سہولت حاصل ہوگی۔پرائم ہیلتھ ہب میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو کوالٹی ہیلتھ سروسز رعایتی نرخوں پر فراہم کی جائیں گی۔معاہدے کے تحت پولیس ملازمین کو جدید طبی سہولیات، لیب ٹیسٹ اور علاج معالجہ میں خصوصی رعایت دی جائے گی۔اس حوالے سے آج کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی۔تقریب کے دوران ڈی آئی جی (ایڈمن) لاہور عمران کشور اور چیف آپریٹنگ آفیسر پرائم ہیلتھ ہب حسین سرفراز نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے۔سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس ملازمین اور ان کے خاندانوں کی صحت ہماری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس شہداء کے اہل خانہ اور فورس کے جوانوں کی فلاح و بہبود کو مقدم رکھا جا رہا ہے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس ملازمین کی خدمات کا اعتراف فلاحی اقدامات کے ذریعے جاری رہے گا۔ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے کہا کہ لاہور پولیس اور پرائم ہیلتھ ہب کا اشتراک پولیس اہلکاروں کی فلاح کے نئے دور کا آغاز ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس فورس کی صحت، فلاح و بہبود اور عزتِ نفس کا تحفظ لاہور پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔عمران کشور نے کہا کہ پرائم ہیلتھ ہب کے ساتھ اشتراک پولیس ویلفیئر اقدامات میں نیا سنگ میل ثابت ہوگا۔اس موقع پر مینیجنگ پارٹنر (پی ایچ ایچ) ڈاکٹر علی رضا نقوی نے کہا کہ پرائم ہیلتھ ہب لاہور پولیس کو بہترین طبی سہولیات ارزاں نرخوں پر مہیا کرے گا۔

بقیہ 24

اسلحہ برآمد ہوا جس میں چھ کلوگرام چرس، دو کلوگرام ہیروئن، ایک کلوگرام افیون، 70 گرام آئس، 88 بوتلیں شراب اور 10 نشہ آور انجکشن شامل ہیں۔اس کے علاوہ چھ پستول، ایک خودکار بندوق (اے کے 47) اور ایک ڈرون بھی قبضے میں لیا گیا۔ترجمان پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے مطابق گزشتہ دو ماہ کے دوران فورس نے صوبے بھر میں مختلف کارروائیوں کے دوران 13 ٹن سے زائد منشیات برآمد کی ہیں جن کی مالیت تقریباً 17 کروڑ روپے بنتی ہے۔اس دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور ڈرونز بھی ضبط کیے گئے۔ترجمان نے مزید کہا کہ پنجاب میں سی این ایف کی یہ کامیاب کارروائیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ فورس صوبے کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے اپنی ذمہ داری نہایت جذبے اور عزم کے ساتھ نبھا رہی ہے۔یہ تمام اقدامات وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے اس ویژن کے عین مطابق ہیں جس کے تحت منشیات سے پاک پنجاب صحت مند اور محفوظ پنجاب کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 25

تک بند رکھی جائے گی ڈیٹا سروس بند ہونے سے طلبا، کاروباری حضرات، آن لائن خدمات سرانجام دینے والے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔یاد رہے کہ کچھ عرصہ قبل میں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موبائل فون انٹرنیٹ سروس کئی روز کے لیے معطل رکھی گئی تھی بعد ازاں صوبائی حکومت نے بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے 16 روز بعد صوبے میں انٹرنیٹ سروس بحال کر دی تھی۔

بقیہ 26

پاک افواج نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، اگر پاک فوج کو ضرورت پڑی تو ہم اپنی افواج کے ساتھ سرحدوں پر دشمن کے ناپاک عزائم کو مٹانے کے لیے ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ (کالعدم ٹی ایل پی کی جانب سے) احتجاجی کال کا کوئی جواز نہیں تھا، بیرونی چیلنجز کے باوجود احتجاج غیر مناسب تھا۔ایک سابق ٹکٹ ہولڈر نے کہا کہ پُرتشدد اور جتھے بازی کی سیاست اور ملکی حالات کو دیکھتے ہوئے جنوبی پنجاب کے تمام ٹکٹ ہولڈرز نے کالعدم تحریک لبیک پاکستان کو چھوڑنے کا اعلان کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ فلسطینی امن چاہتے ہیں، وہاں امن معاہدہ ہو رہا ہے اور پاکستان میں ہماری سابقہ جماعت کی جانب سے احتجاجی تحریک کا شروع کرنا اور پھر اس احتجاج میں تشدد کا عنصر شامل ہوجانا، اس کا ہمارا ملک متحمل نہیں ہوسکتا۔سابق ٹکٹ ہولڈرز نے کہا کہ سب سے پہلے ریاست ہے، ریاست سے بڑھ کر کوئی نہیں، جب ریاست مضبوط ہوتی ہے تو تمام چیزیں ملتی رہتی ہیں۔

بقیہ 27

نشاندہی پر کامیاب آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے چھ اہم کارندے بشیر کرد امان لکی صدام دشتی نیاز لانگو ہدایت مری اور عادل کرد شامل ہیں سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کالعدم تنظیم کے یہ دہشت گرد مستونگ بھاگ ناڑی سمیت دیگر حملوں میں ملوث تھے جس میں لیویز تھانہ بھاگ پولیس تھانہ بھاگ نیشنل بینک بھاگ تحصیل بھاگ سمیت ایس ایچ او بھاگ شہید لطف علی کھوسو کی شہادت اور دو پولیس اہلکاروں کو زخمی کرنے میں ملوث تھے۔

بقیہ 28

بالخصوص فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندستان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے کے اپنے واحد نکاتی مطالبہ پر توجہ مرکوز کی۔بیرسٹر عقیل نے کہا کہ مذاکرات کے دوران پاکستانی وفد دلائل اور شواہد کے ساتھ ڈٹا رہا۔انہوں نے ترکیہ اور قطر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ اعلامیہ اس حقیقت کے بارے میں واضح ہے کہ سرحد پار دہشت گردی کو روکنے کی ذمہ داری افغانستان کی ہے۔انہوں نے کہا کہ خلاف ورزی کی صورت میں پاکستان اپنی خودمختاری کے دفاع کے لیے اقدامات کرنے سے دریغ نہیں کرے گا۔

بقیہ 29

نے شرکت کی۔ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے حالیہ پاک افغان کشیدگی، ملکی سیکیورٹی صورتحال اور معرکہ حق سمیت اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے گفتگو کے دوران واضح کیا کہ پاکستان نے دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف موثر اقدامات کیے ہیں۔اساتذہ اور طلبا کی جانب سے شہداء اور غازیان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔وائس چانسلر ہزارہ یونیورسٹی ڈاکٹر اکرام اللہ خان نے کہا کہ وطن سے محبت کا صحیح استعارہ پاک فوج ہے، پاک فوج ہمیشہ محاذِ اول پر ہوتی ہے اور ہم اس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔اساتذہ نے کہا کہ ہمارے بچوں کے ذہنوں کو گمراہ کرنے کے لیے دشمن عناصر کی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں، ضروری ہے کہ ہم اپنے بچوں کو درست اور مصدقہ معلومات فراہم کریں۔طلبا نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم اس ملک کے شہری ہیں جہاں افواج پاکستان جیسے ادارے نوجوانوں کو حوصلہ اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں، آج ہمیں سوشل میڈیا پر پاک فوج کے خلاف پھیلائی جانے والی غلط افواہوں کے بارے میں درست معلومات حاصل ہوئیں۔طلبا نے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر کے جوابات نے ہمارے ذہنوں سے ملکی اور صوبائی حالات سمیت افواج پاکستان کے حوالے سے ابہام دور کیے۔

بقیہ 30

مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل (پالیسی) مانیٹرنگ سیل کے انچارج ہوں گے، جب کہ عمران جہانگیر بطور ڈائریکٹر مانیٹرنگ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے اور حافظ فرحان اکرم کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر مانیٹرنگ تعینات کیا گیا ہے۔مانیٹرنگ سیل تعلیمی اداروں کی اکیڈمک، ایڈمنسٹریٹو اور آپریشنل کارکردگی کا جائزہ لے گا اور اسکولوں کی انرولمنٹ، حاضری اور نتائج سے متعلق ڈیٹا جمع کرے گا۔ترجمان کے مطابق تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے کے پی آئیز تیار کیے جائیں گے اور اداروں کے فیلڈ وزٹس کے لیے باقاعدہ شیڈول مرتب کیا جائے گا۔مانیٹرنگ سیل شواہد پر مبنی رپورٹنگ کو فروغ دے گا اور ڈیجیٹل ٹولز و ڈیش بورڈز کے ذریعے نیا مانیٹرنگ نظام متعارف کرائے گا، یہ سیل ماہانہ اور سہ ماہی رپورٹس ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی ای کو بھیجے گا۔فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کے مطابق تمام ڈائریکٹرز، اے ای اوز اور ہیڈز آف انسٹی ٹیوشنز کو مانیٹرنگ سیل کے ساتھ مکمل تعاون کی ہدایت کی گئی ہے اور مانیٹرنگ سیل فوری طور پر اپنا کام شروع کر دے گا۔

بقیہ 31

ایف آئی اے نے این سی سی آئی اے کے گرفتار افسران کا مزید 14 دن کا ریمانڈ مانگ لیا، ملزمان کے وکلا نے جسمانی ریمانڈ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان کا پہلے ہی 3 دن کا ریمانڈ ہو چکا ہے، مزید جسمانی ریمانڈ کی ضرورت نہیں ہے، ایف آئی اے نے رشوت لینے کے جو الزامات لگائے انکے ثبوت موجود نہیں۔اس موقع پر ایف آئی اے نے ملزمان سے ہونے والی تفتیش کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے عدالت کو آگاہ کیا کہ گرفتار افسران سے 4 کروڑ 25 لاکھ 48 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی ہے۔ایف آئی اے کی رپورٹ کے مطابق ملزم علی رضا سے 70 لاکھ، ملزم زوار سے 9 لاکھ روپے جبکہ ملزم یاسر گجر سے 19 لاکھ ریکور کیے گئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر شعیب ریاض سے 36 لاکھ 48 ہزار جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر چوہدری سرفراز سے ایک کروڑ 25 لاکھ 48 ہزار ریکور کیے گئے ہیں۔ایف آئی اے نے این سی سی آئی اے کے گرفتار افسران کیخلاف آمدن سے زائد اثاثوں کی تحقیقات بھی شروع کر دیں۔تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ تمام ملزمان کے اثاثہ جات چیک کرنے ہیں، اثاثہ جات کی تفصیلات کے لیے ریکارڈ اکٹھا کرنا شروع کر دیا ہے، ملزمان کن کن کال سینٹرز سے پیسے لیتے رہے ہیں اسکی تحقیقات بھی کر رہے ہیں۔بعد ازاں این سی سی آئی اے کے افسران کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا اور بعد ازاں ملزمان کو مزید 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کرتے ہوئے 3 نومبر کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 32

کا مقابلہ کیا اور صدیوں پرانی بلوچ روایات کو زندہ رکھتے ہوئے دہشتگردوں کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بجائے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ شہید ایس ایچ او لطف علی کھوسہ اور شہید کانسٹیبل محمد اعظم کی قربانیاں بلوچستان پولیس کے وقار کو بلند کرتی ہیں بلوچستان کے عوام کی جانب سے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ شہید زندہ ہوتے ہیں ان کی یادیں اور خدمات ہمیشہ زندہ رہتی ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے بچوں کے تعلیمی اخراجات، بیٹوں کو بلوچستان پولیس میں ملازمت شہید ایس ایچ او لطف علی کھوسہ کے گھر تک بلیک ٹاپ سڑک کی تعمیر اور گاؤں کے بیسک ہیلتھ یونٹ اور اسکول کو شہداء کے نام سے منسوب کرنے کا اعلان کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکار عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں حکومت بلوچستان ان کے خاندانوں کے ساتھ ہر قدم پر کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے گزشتہ روز ایک اعلیٰ سطح اجلاس میں پولیس کی استعدادِ کار بڑھانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا جا رہا ہے تاکہ دہشت گردی اور جرائم سے نمٹنے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے جاسکیں وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ گزشتہ روز بھی پولیس نے ڈاکوؤں کے خلاف کامیاب کارروائی کی جو پولیس کی بہتر کارکردگی کا مظہر ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور جرائم سے نمٹنے کیلئے بلوچستان پولیس کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار میں اضافے کے لئے گزشتہ روز ایک اعلیٰ سطح اجلاس میں اہم فیصلے کئے گئے ہیں وہ دن دور نہیں جب بلوچستان پولیس ایک منظم اور جدید فورس کی حیثیت سے دہشت گردی اور ہر قسم کے جرائم کا مؤثر قلع قمع کرنے کے قابل ہو جائے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی مشینری پوری قوت سے متحرک رہے گی بلوچستان کے عوام اور فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی دہشت گردوں کو شکست فاش ہوگی اور بلوچستان میں امن و استحکام کا سورج ضرور طلوع ہوگا اس موقع پر صوبائی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، آئی جی پولیس محمد طاہر خان، کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی اور ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین اور مقامی افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 33

کہا کہ مقامی حکومتوں کے معاملے پر کھل کر بات ہونی چاہیے، تقریباً ایک صدی میں معاملات طے نہیں پا سکے۔انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ، قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی مدت پانچ سال ہے، جب لوگوں کے پاس جمہوریت کے ثمرات نہیں ہوں گے تب ان کا جمہوریت سے اعتماد اٹھنا شروع ہو جائے گا۔ملک محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ منگل کے روز صوبائی اسمبلی پنجاب نے ایک متفقہ قرارداد پاس کی، ایسی قرارداد جس میں سیاسی اور آئینی پیچیدگیاں ہوں اس کا متفقہ طور پر منظور ہونا اہمیت کی بات ہے، اپوزیشن کے 35 اراکین نے متن میں حصہ لیا۔ملک احمد خان کا کہنا تھا کہ میں پوری ذمہ داری سے بات کر رہا ہوں، مقامی حکومتوں کا ایک ٹریک ریکارڈ ہے، مقامی حکومتوں کے ایک درجن کے قریب قوانین سے گزرے ہیں، کوئی بھی سیاسی حکومت ہو لیکن مقامی حکومتوں کا تحفظ، انتخابات کا وقت طے ہونا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل کہتا ہے صوبے مقامی حکومتیں قائم کریں گے، کچھ مسائل اٹھارہویں ترمیم نے بھی حل کیے، جو مسائل درپیش آتے رہے ان کا ذکر کر رہا ہوں، قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایسی ترمیم ہو جو لوکل گورنمنٹ کو تحفظ دے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلی پنجاب آئین میں تبدیلی نہیں کر سکتی، یہ پارلیمنٹ ہی کر سکتی ہے، لازمی قرار دیا جائے کہ مقررہ مدت میں انتخابات ہوں، ہم کہتے ہیں کہ آئینی اور انتظامی اختیارات گراس روٹ تک پہنچنے چاہئیں۔

بقیہ 34

انہوں نے نیشنل فورم فار انوائرمنٹ اینڈ ہیلتھ کے صدر محمد نعیم قریشی، نائب صدر انجینئر ندیم اشرف پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔اس موقع پر وزیر بلدیات نے 4 نومبر کو ہونے والی 15 ویں فائر سیفٹی کانفرنس اور ایوارڈز تقریب میں مہمان خصوصی شرکت کی حامی بھری۔سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ فائر بریگیڈ، بلدیاتی ادارے، صنعت و تجارت کے نمائندے، سول ڈیفنس، اور ریسکیو محکمے ایک جامع فائر سیفٹی آگاہی مہم کا حصہ بنیں گے تاکہ عوام، فیکٹری مالکان، اور تجارتی ادارے حفاظتی اصولوں پر عمل کریں۔انہوں نے کہا کہ رواں سال کی کانفرنس میں **حکومتی نمائندے، صنعتی ادارے، فائر سیفٹی ماہرین، اور عوامی و نجی تنظیمیں شریک ہوں گی، اور ان اداروں کو سراہا جائے گا جنہوں نے بہترین فائر سیفٹی اقدامات اپنائے ہیں۔

بقیہ 35

پر میانوالی پولیس نے جاری شدہ 85 افغانیوں کی لسٹ کے مطابق میں سے 43 شہباز خیل، 18 سہراب والا اور 21 مہارانوالہ میں مقیم غیر قانونی افغان باشندوں کو افغانستان بارڈر کی جانب روانہ کر دیا گیا لسٹ میں شامل 03 غیر قانونی افغان باشندوں کو بھی جلد روانہ کر دیا جائے گا۔

بقیہ 36

کامیاب کارروائی سمگلروں میں ایک خاتون بھی شامل، تھانہ صدر لالہ موسی میں درج ہونے والی ایف آئی آر کے مطابق ایک مشتبہ کار کو روکا تو اس میں خاتون سمیت تین افراد سوار تھے کار میں سوار خاتون ثوبیہ بی بی زوجہ حیات سکنہ محلہ نور پورہ میانوالی کی لیڈی کانسٹیبل نے تلاشی لی تو اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی جو پیکٹوں میں بند کی گئی تھی جبکہ پولیس پارٹی نے خاتون کے ہمراہ کار میں سوار زمان خان نیازی، نوزیب خان نیازی پسران ثناءاللہ خان سکنہ شہباز کالونی سوہان والی پلی میانوالی کی جامع تلاشی لی گئی تو اعلیٰ کوالٹی کی چرس کی بھاری کھیپ برآمد ہوئی چرس برآمدہ کا وزن کرنے پر 19 کلو سے زائد ہوئی کار کو قبضہ میں لے کر سمگلروں کو حوالات میں بند کر کے زیر دفعہ 9-سی درج کر لیا گیا۔

بقیہ 37

فوڈ سیفٹی ٹیم کا کوٹ شہباز خاں میں واقع شان علی ملک یونٹ پر چھاپہ، دورانِ چیکنگ کیمیکل ملا 650 لیٹر زہریلا دودھ موقع پر تلف دودھ بردار گاڑی کو تحویل میں لے لیا جبکہ دو ملزمان کیمیکل زدہ دودھ بناتے رنگے ہاتھوں پکڑ کر مقدمہ درج کروا کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز راؤ عبیدالرحمن نے کہا کہ پانی میں پاوڈر، کیمیکلز اور گھی ڈال کر دودھ جیسا سفید گاڑھا محلول لاہور میں سپلائی کیا جانے تھا۔فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کارروائی کے بعد کیمیکل ملے زہریلے دودھ کی ترسیل کو ناکام بنایا۔دودھ کے موقع پر کیے گئے ٹیسٹ ناقص قرار، مقرر کردہ معیار کے منافی پائے گئے۔اصل جیسے جعلی دودھ میں پاوڈر پانی اور ویجیٹیبل گھی کی ملاوٹ پائی گئی۔غذائی دہشت گردی اور صحت دشمن مافیا کیخلاف تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔عوام الناس کو صاف ستھری خوراک کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔پنجاب فوڈ اتھارٹی ہمیشہ کی طرح لوگوں کو صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے۔صحت دشمن عناصر کیخلاف فیس بک ایپلی کیشن، ٹال فری نمبر 1223 پر شکایات درج کروائیں۔

سرحد پار سے دہشت گردی کو برداشت نہیں کیا جائے گا، بیرسٹر دانیال چوہدری

پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات طے ہوں مگر دوست ممالک ترکی اور قطر نے امن کے لئے مثبت کردار ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہاہے کہ سرحد پار سے دہشت گردی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ایک انٹرویو میں پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ بھارتی ہینڈلرز نہیں چاہتے تھے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات طے ہوں مگر دوست ممالک ترکی اور قطر نے امن کے لئے مثبت کردار ادا کیا۔

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی ملاقات کررہے ہیں۔

افغانستان کی سلامتی و خودمختاری کی ضمانت بھارت نہیں دے سکتا، طلال چوہدری

افغانستان کا امن پاکستان کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور پاکستان چاہتا ہے کہ کسی کی بھی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے امور داخلہ طلال چوہدری نے پاک، افغان طالبان مذاکرات کے مشترکہ اعلامیہ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے اصولی موقف کی جیت ہوئی ہے، افغانستان کی سلامتی وخودمختاری کی ضمانت بھارت نہیں دے سکتا۔ ایک انٹرویو میں طلال چوہدری نے امید ظاہر کی کہ چیزیں مثبت طریقے سے آگے بڑھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کا امن پاکستان کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

ای چالان کے بعد سڑکوں پر کافی نظم وضبط آیا ہے، ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کا دعویٰ

لوگ اسٹاپ لائن پر رک رہے ہیں، 90 فیصد سے زائد سیٹ بیلٹ کا استعمال کیا جارہا ہے، سگنل توڑنے کا سلسلہ رک گیا ہے، پیر محمد شاہ

کراچی (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے دعویٰ کیا ہے کہ ای چالان کے بعد سڑکوں پر کافی نظم وضبط آیا ہے، بہت سے لوگ ہیلمٹ استعمال کررہے ہیں، لوگ اسٹاپ لائن پر رک رہے ہیں، 90 فیصد سے زائد سیٹ بیلٹ کا استعمال کیا جارہا ہے، سگنل توڑنے کا سلسلہ رک گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے کہا کہ ای چالان کے نفاذ کے بعد سڑکوں پر کافی نظم وضبط آیا ہے، اکثر لوگ ہیلمٹ استعمال کررہے ہیں، لوگ ازخود اسٹاپ لائن پر رک رہے ہیں، 90 فیصد سے زائد لوگ سیٹ بیلٹ استعمال کررہے ہیں، سگنل توڑنے کا سلسلہ رک گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ مسائل برقرار ہیں مگر ایک نیا نظام ہے جس میں وقت کے ساتھ بہتری آئے گی۔

ملک کے مختلف شہروں میں دھند کے باعث حدِ نگاہ کم، متعدد پروازوں کو منسوخی اور تاخیر کا سامنا رہا

اسلام آباد/ لاہور/ فیصل آباد/ ملتان (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں لاہور، اسلام آباد، سیالکوٹ، فیصل آباد اور ملتان ایئرپورٹس پر دھند کے باعث حدِ نگاہ کم کے نتیجے میں متعدد فلائٹس تاخیر کا شکار ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق انتظامی معاملات کے سبب 2 پروازیں منسوخ، 34 میں تاخیر کا شکار ہوئیں۔ لاہور اور اسلام آباد ایئرپورٹس سے روانگی کی 15 پروازوں میں تاخیر ہوئی ہے۔

پاکستان کی بھارتی چینل ریپبلک ٹی وی کے گمراہ کن اور بے بنیاد دعوؤں کی سختی سے تردید

پاکستان کے خلاف من گھڑت خبریں پھیلانا بھارتی میڈیا کا معمول بن چکا ہے، وزارت اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وزارتِ اطلاعات ونشریات نے بھارتی چینل ریپبلک ٹی وی کے گمراہ کن اور بے بنیاد دعوؤں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف من گھڑت خبریں پھیلانا بھارتی میڈیا کا معمول بن چکا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی چینل نے دعویٰ کیا تھا کہ پاکستان مبینہ طور پر مغربی ممالک اور اسرائیل کی نگرانی میں 20 ہزار فوجی غزہ بھیجنے کی تیاری کررہا ہے، جب کہ اس کے ساتھ یہ مضحکہ خیز دعویٰ بھی کیا گیا کہ پاکستان نے اپنے پاسپورٹ سے "اسرائیل کے لیے ناقابلِ استعمال" کی شق ختم کر دی ہے تاہم، وزارتِ خارجہ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ وضاحتی بیان میں واضح کیا گیا کہ یہ تمام دعوے سراسر جھوٹے ہیں۔ پاکستانی پاسپورٹ پر اب بھی واضح طور پر درج ہے کہ یہ پاسپورٹ اسرائیل کے علاوہ تمام ممالک کے لیے قابلِ استعمال ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کا اسرائیل سے متعلق مؤقف بالکل دو ٹوک اور غیر متزلزل ہے، نہ پاکستان نے کبھی اسرائیل کو تسلیم کیا ہے۔

جہاں پاراچنار حملہ ہوا وہ راستہ دوسرے ملک سے آتا ہے، اپنا دشمن پہچانیں، جسٹس مسرت ہلالی

عدالت نے پاراچنار حملے میں گرفتار ملزم کو وکیل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کی جسٹس مسرت ہلالی نے کیس کی سماعت کے دوران مکالمہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جہاں پاراچنار حملہ ہوا وہ راستہ دوسرے ملک سے آتا ہے، اپنا دشمن پہچانیں۔ پاراچنار قافلے پر حملے کے دوران گرفتار ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت سپریم کورٹ میں جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس صلاح الدین پنہور پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دورانِ سماعت سی ٹی ڈی کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ واقعے میں 37 افراد جاں بحق، 88 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے استفسار کیا کہ اس واقعے میں ایک ہی بندے کی شناخت ہوئی ہے کیا؟ جو حملہ کرنے پہاڑوں سے آئے تھے، ان میں سے کوئی گرفتار نہیں ہوا؟۔ وکیل نے جواب دیا کہ ان میں سے 9 لوگوں کی ضمانت سپریم کورٹ نے خارج کی ہے۔

لاہور ہائیکورٹ، نجی کارساز کمپنی کیخلاف مسابقتی کمیشن کی انکوائری درست قرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے کار بنانے والی نجی کمپنی کے خلاف مسابقتی کمیشن کی انکوائری درست قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران نے نجی کمپنی کی درخواست پر فیصلہ جاری کر دیا، مسابقتی کمیشن پاکستان کی جانب سے بیرسٹر اسد اللہ چٹھہ نے عدالت میں دلائل دیئے۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ مسابقتی کمیشن پاکستان کے پاس معلومات طلب کرنے اور انکوائری شروع کرنے کا مکمل اختیار ہے،

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم" کی کارکردگی سے متعلق پہلے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس میں بھاگ ناڑی میں شہید ہونے والے انسپکٹر لطف علی کھوسہ کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی جارہی ہے۔

مسلم لیگ (ن) نے عوام سے کیے گئے وعدے پورے کر دکھائے، شہزاد نذیر سندھو

مریم نواز کی خصوصی دلچسپی، عملی کوششوں سے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں نمایاں تیزی آئی

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی ومسلم لیگی رہنما چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے عوام سے کیے گئے وعدے پورے کر دکھائے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی دلچسپی اور عملی کوششوں سے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں نمایاں تیزی آئی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہماری اولین ترجیح عوام کے بنیادی مسائل کا حل اور سہولیات کی فراہمی ہے۔ صاف پانی، بہتر سڑکیں اور صحت مند ماحول کی فراہمی ممکن بنا رہے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں لاہور سمیت صوبے بھر کو ایک جدید اور خوشحال بنانے کا عمل جاری ہے۔ صاف پانی کی فراہمی، بہتر سڑکوں کی تعمیر اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات عوامی خدمت کی اعلیٰ مثال ہیں۔ آخر میں شہزاد نذیر سندھو نے کہا کہ اگر افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہوئی تو پاکستان ہر قیمت پر جواب دے گا۔

ماں کے عاشق کو قتل کرنے کے جرم میں قید مہک بخاری کی سزا کم کردی گئی

لندن کی اپیل کورٹ کے تین رکنی بنچ نے مہک بخاری کی سزا 31 سال 8 ماہ سے گھٹا کر 26 سال 285 دن کردی

لندن (این این آئی) برطانیہ کی عدالت نے پاکستانی نژاد مشہور ٹک ٹاک وانفلوئنسر مہک بخاری کی دوہرے قتل کی سزا میں تقریباً پانچ سال کی کمی کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مہک بخاری کو اپنی ماں کے عاشق ثاقب حسین اور اس کے دوست ہاشم اعجاز الدین کے قتل پر عمر قید سنائی گئی تھی، انہیں مجموعی طور پر 31 سال سے زائد کی سزا سنائی گئی تھی۔ مہک بخاری نے خود کو زیادہ سزا سنائے جانے کے خلاف اپیل دائر کی تھی جس پر عدالت نے انہیں ریلیف دے دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق لندن کی اپیل کورٹ کے تین رکنی بنچ نے مہک بخاری کی سزا 31 سال 8 ماہ سے گھٹا کر 26 سال 285 دن کر دی۔ عدالت نے کہا کہ سزا سنانے والے جج نے مجرم کی کم عمری (22 سال) اور ناپختگی کا خیال نہیں رکھا اور انہیں زیادہ سزا سنائی، جس پر انہیں ریلیف ملنا چاہیے۔

کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان میں کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس معطل کردی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ موبائل فون ڈیٹا سروس امن وامان کی صورتحال کے باعث 24 گھنٹے کے لیے بند کی گئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق موبائل فون ڈیٹا سروس رات 12 بجے تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا، ڈیٹا سروس بند ہونے سے طلبا، کاروباری حضرات، آن لائن خدمات سرانجام دینے والے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

لکی مروت میں ٹیلیفون ایکسچینج کی عمارت دھماکے سے تباہ

مسلح افراد چوکیدار سے اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے، پولیس

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت میں دہشتگردوں نے ٹیلیفون ایکسچینج کو بارودی مواد سے اڑا دیا۔ ایکسچینج کی عمارت مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ ے مطابق ٹیلیفون ایکسچینج کی عمارت تھانہ سرائے نورنگ کے علاقے شاہ طورہ تختی خیل میں واقع ہے۔ پولیس کے مطابق گذشتہ رات مسلح افراد نے اچانک ایکسچینج پر دھاوا بول دیا اور چوکیدار کو یرغمال بنالیا۔ بعد میں مسلح افراد نے بارودی مواد لگا کر ایکسچینج کی عمارت کو اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق عمارت کی تباہی کے بعد مسلح افراد نے چوکیدار کو رہا کردیا تاہم اس کا اسلحہ ساتھ لے گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

کراچی؛ سپرہائی وے پر نامعلوم شخص کئی گاڑیوں سے کچلا گیا، لاش سردخانے منتقل

کراچی (این این آئی) سپرہائی وے چکوال پمپ کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گڈاپ سٹی تھانے کی حدود سپر ہائی وے پر حیدرآباد سے کراچی آنے والے روٹ پر چکوال پمپ کے قریب ٹریفک حادثے میں 40 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا۔ ترجمان ایدھی کے مطابق جاں بحق ہونے والا شخص راہگیر لگتا ہے۔ واقعے کی اطلاع علاقے کے لوگوں نے ایدھی ایمرجنسی نمبر پر دی تھی۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان غازی علم دین شہید کے عرس کے موقع پر مزار پر چادر پوشی کے بعد فاتحہ خوانی کررہے ہیں۔

پاکستان کے نوجوان ہماری سب سے بڑی طاقت اور ایک ترقی پسند مستقبل کی امید ہیں، شازیہ مری

پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سمجھتے ہیں کہ پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کے بااختیار ہونے میں ہے

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہاہے کہ پاکستان کے نوجوان ہماری سب سے بڑی طاقت اور ایک ترقی پسند مستقبل کی امید ہیں، پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سمجھتے ہیں کہ پاکستان کا روشن مستقبل نوجوانوں کے بااختیار ہونے میں ہے، پیپلز پارٹی کا وژن ہے کہ نوجوانوں کو حکمرانی اور ترقی کا شراکت دار بنایا جائے، تماشائی نہیں۔

شیخ رشید کو عمرے پر جانے دیں، وہ دعا کریں گے تو ملکی حالات اچھے ہوجائیں گے، عدالت

راولپنڈی بینچ نے سربراہ عوامی مسلم لیگ پاکستان شیخ رشید کو بیرون ملک سفر کرنے کی اجازت دے دی

راولپنڈی (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے راولپنڈی بینچ نے سربراہ عوامی مسلم لیگ پاکستان شیخ رشید کو بیرون ملک سفر کرنے کی اجازت دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے راولپنڈی بینچ میں شیخ رشید کی بیرون ملک جانے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ وکیل سردار عبدالرازق خان نے مؤقف اختیار کیا کہ شیخ رشید کا نام ہائیکورٹ نے ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) سے نکالا تھا۔ تاہم ان کا نام پی این آئی ایل اور پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈال دیا گیا

پاکستان کی ترقی کیلئے فوری طور پر سیاسی استحکام لانا ضروری ہے، رانا جاوید عمر

عوام کے حقیقی لیڈر عمران خان کو رہا کیا جائے، قوم کو ان کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس دیا جائے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور معیشت کی بحالی کے لیے فوری طور پر سیاسی استحکام لانا ضروری ہے، عوام کے حقیقی لیڈر عمران خان کو رہا کیا جائے اور قوم کو ان کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس دیا جائے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ جمہوریت عوام کی طاقت سے وجود میں آتی ہے، کسی دوسری طاقت سے قائم ہونے والی جمہوریت حقیقی نہیں ہوسکتی، ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے انصاف کی حکمرانی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی آواز دبائی جارہی ہے، پہلے عوام کے ووٹ پر ڈاکا ڈالا گیا، اب طاقت کے زور پر عوام مخالف فیصلے کیے جارہے ہیں، ملک میں افراتفری کی فضا قائم ہے، ایسے حالات میں عوامی رائے کو دبانا درست نہیں کیونکہ یہ وقت عوام دشمن فیصلے کرنے کا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم عمران خان کے ساتھ ہے لیکن انہیں گزشتہ دو برس سے زائد عرصے سے ناحق قید میں رکھا گیا ہے۔

معدنیات کا شعبہ پاکستان کے اقتصادی مستقبل میں گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے، خادم حسین

معدنیات کے شعبے میں غیرملکی شراکت داری کی منصوبہ بندی کی جائے، رکن بورڈ آف ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے حکومت پر زور دیا ہے کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے اور برآمدات میں اضافہ کرنے کے لیے معدنیات کے شعبے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے، پاکستان میں قیمتی معدنی وسائل کی کثرت کے باوجود یہ شعبہ سالوں نظرانداز رہا جس کے باعث قومی خزانے کو سالانہ اربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تانبے، سونا، کرومائیٹ، کوئلہ، جپسم، سنگِ مرمر، لائم اسٹون اور دیگر قیمتی معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں لیکن تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے فقدان کے باعث ان وسائل سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھایا جاسکا۔ اگر حکومت معدنیات کے شعبے کو ترجیحی بنیادوں پر ترقی دے تو نہ صرف مقامی صنعت کو خام مال کی سستے داموں فراہمی ممکن ہوگی

نشتر کالونی میں تیز رفتار ڈمپر کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جاں بحق

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے قریب فیروز پور روڈ پر ڈمپر کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار جاں بحق ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، موٹرسائیکل سوار کی لاش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث ہوا، ڈمپر کے ڈرائیور کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی۔

پانچ سال میں 27 کروڑ شہریوں نے اورنج لائن پر سفر کیا، منصوبے کے محفوظ آپریشنز کے 5 سال مکمل

منصوبہ چینی حکومت اور عوام کا پاکستان کے لیے تحفہ، سی پیک کا اہم حصہ ہے، قونصل جنرل ژاؤ شیرین کا تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں اورنج لائن میٹرو کے محفوظ آپریشنز کے پانچ سال مکمل ہونے پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نورینکو نے کہا کہ آج خوشی کا دن ہے اور 5 سال کی کامیاب خدمات پر خوشی منائی جارہی ہے۔ پانچ سال میں تقریباً 27 کروڑ شہریوں نے اورنج لائن پر سفر کیا۔ انہوں نے منصوبے کو پاکستان اور چین کی دوستی کی مضبوط علامت قرار دیا۔ چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک یادگار موقع ہے کیونکہ اورنج لائن کے بننے کو 10 سال اور آپریشن کو 5 سال مکمل ہوئے۔ انہوں نے منصوبے کو چینی حکومت اور عوام کا پاکستان کے لیے تحفہ اور سی پیک کا اہم حصہ قرار دیا۔ ژاؤ شیرین نے کہا کہ منصوبے نے عام شہریوں کو سہولت فراہم کی اور سموگ جیسے ماحولیاتی مسائل کے حل میں پبلک ٹرانسپورٹ کے کردار کو اجاگر کیا۔

حیدرآباد میں ڈینگی کے وار جاری، 70 سالہ خاتون کا انتقال

حیدرآباد (این این آئی) سول ہسپتال میں ڈینگی بخار کے باعث لطیف آباد نمبر دو کی رہائشی ستر سالہ بزرگ خاتون نسیم بیگم انتقال کر گئیں۔ ان کے بیٹے فرحاد عرف منا نے بتایا کہ ان کی والدہ کو تین چار روز سے بخار تھا جس کے بعد وہ انہیں پہلے ہلال احمر ہسپتال یونٹ نمبر چھ لے کر گئے تاہم بعدازاں انہیں سول ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کا انتقال ہوگیا۔ ڈینگی بخار سے جاں بحق ہونے والی خاتون کی میت کو ہلال احمر ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، دیوالی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں مختلف مذاہب کے نمائندگان کے ہمراہ ایک کاٹ رہے ہیں۔

ایف بی آر میں اصلاحات صرف کاغذوں تک محدود ہے، ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

محکمے کے اپنے نظام میں کمزوریاں، لیکجز ہیں، استعداد کار بڑھانے کی ضرورت ہے، سینئر ممبر امانت بشیر

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی اصلاحات صرف کاغذوں تک محدود ہے، پاکستان میں ٹیکس کا نظام دولت کی تقسیم کے بجائے دولت کے ارتکاز کو بڑھا رہا ہے جو معاشی عدم توازن کو مزید گہرا کررہا ہے۔ اپنے دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے ٹیکس بار کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک ٹیکس وصولی میں شفافیت اور مساوات کو یقینی نہیں بنایا جاتا پاکستان میں مالی انصاف کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، ایف بی آر کی اپنی استعداد کار بڑھانے کی ضرورت ہے، محکمے کے اپنے نظام میں کمزوریاں اور لیکجز ہیں، لوگ ٹیکس دینے کی بجائے اس محکمے سے جڑنے میں خوف محسوس کرتے ہیں۔

پتوکی نئے سنگل فیز بجلی میٹروں کی قلت برقرار

پتوکی (این این آئی) پتوکی نئے سنگل فیز بجلی میٹروں کی قلت برقرار شہریوں کے 2 ہزار کے قریب ڈیمانڈ نوٹس لیسکو افسران، ملازمین نے ردی کی ٹوکری کی نظر کردیئے شہریوں کا لیسکو کیخلاف احتجاج بجلی میٹروں کی فوری فراہمی کا مطالبہ۔ لیسکو پھولنگر ڈویژن کے سب ڈویژنل دفاتروں میں بجلی میٹروں کی قلت بڑھ گئی شہریوں نے ہزاروں روپے خرچ کرکے ایک، دو، تین ماہ سے بجلی نئے میٹر کنکشن کیلئے 2 ہزار کے قریب ڈیمانڈ نوٹس جمع کروائے۔

آباد کے وفد کی ڈی جی کے ڈی اے سے ملاقات، کراچی میں تجاوزات اور قبضوں کی نشاندہی

شہری اراضی کو قبضہ گروہوں سے بچانا وقت کی اہم ضرورت ہے، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید

کراچی (این این آئی) آباد کے وفد نے ڈی جی کے ڈی اے سے ملاقات کرکے کراچی میں تجاوزات اور قبضوں کی نشاندہی کردی۔ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے وفد کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی (کے ڈی اے) آصف جان صدیقی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں کے ڈی اے کی زمینوں کے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے، غیرقانونی تجاوزات اور قبضوں سے متعلق مذاکرات ہوئے۔ اس موقع پر آباد نے سرجانی ٹاؤن، گلستان جوہر اور کورنگی میں جاری تجاوزات اور قبضوں کی نشاندہی کردی۔ افضل حمید نے ڈی جی کے ڈی سے مطالبہ کیا کہ قبضہ مافیا کے خلاف بلاتفریق کارروائی اور سروے رپورٹ جاری کی جائے۔ شہری اراضی کو قبضہ گروہوں سے بچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

فیصل آباد پولیس نے منشیات فروش گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد کرلی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے منشیات فروش گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق فیصل اباد کے تھانہ ستیانہ پولیس نے کارروائی کرکے منشات فروش ابو سفیان کو گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد کرلی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ایس ایچ او تھانہ ستیانہ انسپکٹر آفتاب احمد نے منشیات فروشوں ملزم ابوسفیان کو 31 گ ب روڈ کے قریب گرفتار کیا۔

صوبے میں بغیر نمبر پلیٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے، غلام نبی میمن

آئی جی سندھ کی زیرصدارت "فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم" کی کارکردگی سے متعلق پہلا جائزہ اجلاس

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے ہدایات دی ہیں کہ صوبے میں بغیر نمبر پلیٹ چلنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے، منفی پروپیگنڈہ اور تاثر کو فیس لیس ای ٹکٹنگ سہولت کو کامیاب بناکر جواب دیں گے۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیرصدارت فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم" کی کارکردگی سے متعلق پہلا جائزہ اجلاس گزشتہ روز سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جیز، ویلفیئر، ٹریننگ، ڈی جی سیف سٹی، ڈی آئی جیز کرائم اینڈ انویسٹی گیشنز، اسٹیبلشمنٹ، ہیڈکوارٹرز، ٹریفک کراچی، آئی ٹی، ایڈمن کراچی، ڈرائیونگ لائسنس، فائنانس اور دیگر اے آئی جیز نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکا کو ڈی آئی جی ٹریفک کراچی نے شہر میں فیس لیس ای ٹکٹنگ سہولت اور اسکے مختلف امور و اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے کہا کہ 27 اکتوبر سے کراچی میں فیس لیس ای ٹکٹنگ سہولت کا باقاعدہ نفاذ کیا جاچکا ہے۔

پشاور سیکرٹری کھیل سعادت حسن مالی سال 26-2025 کے چوتھے ترقیاتی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

لاہور: لاہور پریس کلب اور ہیمل فارسوٹیکل کے زیراہتمام بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی واک کی جارہی ہے۔

انڈسٹریل اسٹیٹس کی 100 فیصد کالونائزیشن حکومت کی ترجیح ہے: شافع حسین

چوہدری شافع حسین سے ایوان صنعت وتجارت ساہیوال کے وفد کی ملاقات، ساہیوال میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے ایوان صنعت وتجارت ساہیوال کے وفد نے ملاقات کی جس میں صنعتکاروں کے مطالبے پر ساہیوال میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ساہیوال میں پہلے سے موجود سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے 100 فیصد کالونائز ہوئے اور انڈسٹری کی ضرورت کے پیش نظر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

ٹی ایل پی پر پابندی لگنا اچھی بات ہے، پی ٹی آئی کی موجودہ لیڈرشپ نابالغ ہے: فواد چوہدری

قومی معاملات میں سنجیدگی ضروری ہے، خواجہ آصف پنجابی فلموں میں کام کرکے بڑھکیں مارلیں، پی ٹی آئی رہنما

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہاہے کہ ٹی ایل پی پرایک پرتشدد گروہ ہے اس پر پابندی لگانا درست فیصلہ ہے، پی ٹی آئی کی موجودہ لیڈرشپ نابالغ ہے، پارٹی چند ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہے جیسے بندر کے ہاتھ ماچس آجائے، قومی معاملات میں سنجیدگی ضروری ہے، خواجہ آصف پنجابی فلموں میں کام کرکے بڑھکیں مار لیں۔ کل پھر وزیر اعلی کے پی کو جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی۔

کراچی میں حوالہ ہنڈی کیخلاف کارروائی، ڈیڑھ کروڑ روپے سے زائد مالیت کے ڈالر برآمد

ایف آئی اے نے ملزم بلال سلیم کو کراچی کے علاقے کلفٹن سے حراست میں لیا، تفتیش شروع کردی

کراچی (این این آئی) حوالہ ہنڈی کے خلاف کارروائی میں ڈیڑھ کرور روپے سے زائد مالیت کے امریکی ڈالرز برآمد کرلیے گئے۔ ڈی جی ایف آئی اے کی ہدایت پر حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کے خلاف ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل کراچی نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو گرفتار گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم بلال سلیم کو کلفٹن (کراچی) سے گرفتار کیا گیا ہے، جو حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ہے۔ ملزم کے قبضے سے 55000 امریکی ڈالر برآمد ہوئے ہیں۔ ملزم بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج کا کاروبار کررہا تھا۔ گرفتار ملزم سے موبائل فونز، حوالہ ہنڈی اور غیرقانونی ایکسچینج سے متعلق شواہد برآمد کرلیے گئے ہیں۔ ملزم برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن بھی نہیں کرسکا۔

پاکستان میں گزشتہ 7 سال کے دوران خواجہ سراؤں کی تعداد میں کمی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں گزشتہ 7 سال کے دوران خواجہ سراؤں کی تعداد میں کمی آئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق پاکستان میں 2017 میں خواجہ سراؤں کی تعداد 21 ہزار 774 تھی جبکہ 2023ء تک خواجہ سراؤں کی تعداد 20 ہزار 331 رہی۔ 7 سالوں میں خواجہ سراؤں کی تعداد میں 1443 کی کمی آئی۔ 2023 مردم شماری کے مطابق خیبر پختونخوا میں خواجہ سراؤں کی تعداد 1117 رہی۔

بینکوں اور ماہرین نے "اے ٹی ایم کیش ٹریپنگ" فراڈ سے شہریوں کو خبردار کردیا

بینکوں کو اپنی اے ٹی ایم مشینوں پر "اینٹی کیش ٹریپنگ" ڈیوائسز انسٹال کرنی چاہیں

کراچی (این این آئی) بینکوں اور ماہرین نے اے ٹی ایم کیش ٹریپنگ" فراڈ سے شہریوں کو خبردار کیا ہے۔ اے ٹی ایم کیش ٹریپنگ کے ذریعے اسکیمرز کیش سلاٹ کو روک کتے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ مشین نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔ جعلساز گروہ رقم نکلنے والے حصے کو بلاک کردیتے ہیں تاکہ شہریوں کی رقم باہر نہ نکل سکے۔ اے ٹی ایم استعمال کرنے والے کے پیسے ان کے اندر پھنس کر رہ جاتے ہیں اور اے ٹی ایم استعمال کرنے والے شخص کے چلے جانے کے بعد اسکیمرز پیسے نکال لیتے ہیں۔ اے ٹی ایم کیش ٹریپنگ ایک طریقہ ہے جسے سائبر کرمنلز اے ٹی ایم پر استعمال کرتے ہیں۔ سائبر کرمنلز مخصوص ڈیوائسز کے ذریعے صارفین کی نقد رقم کو پھنساتے اور بعد ازاں اسے ہتھیا لیتے ہیں۔ ملزمان اے ٹی ایم کے اندر ایک ڈیوائس داخل کرتے ہیں جو کیش ڈسپنسر کی طرف سے صارفین کو الاٹ کی گئی نقد رقم کو پھنساتی ہے۔ اس طریقہ واردات میں استعمال ہونے والا آلہ عام طور پر "گلوٹریپ" کہلاتا ہے

سکیورٹی کا مسئلہ ختم ہوگیا؛ وزیراعلیٰ سندھ کی گھوٹکی۔ کندھکوٹ پل پر کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایت

یہ پل نہ صرف سندھ بلکہ پنجاب اور بلوچستان کے درمیان معیشت کے لیے بھی اہم ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے گھوٹکی۔ کندھکوٹ پل پر کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایات جاری کردیں۔ تفصیلات کے مطابق گھوٹکی، کندھ کوٹ پل کی پیش رفت سے متعلق اجلاس وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی صدارت میں ہوا، جس میں سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، معاون خصوصی سید قاسم نوید، چیف سیکریٹری سید آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکرٹری آغا واصف، سیکرٹری خزانہ فیاض جتوئی، سیکریٹری ورکس نواز سوہو، سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، پروفیسر سروش لودھی اور دیگر شریک ہوئے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ ایک مہینے کے دوران گھوٹکی۔ کندھ کوٹ پل کے حوالے سے 5 اجلاس کیے جاچکے ہیں۔ تکنیکی طور پر نومبر تا جون تک کا عرصہ وہ وقت ہے جب دریا میں پانی کی سطح کم ہوجاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں نومبر سے جون تک تیزی کے ساتھ کام جاری رہے

برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 432 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 298 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید ایک روپے اضافے سے 337 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹوں میں بعض مقامات پر دکانداروں نے برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 سے 25 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کیا۔

لاہور: عاشق رسول غازی علم الدین شہید کے یوم شہادت کے موقع پر زائرین مزار پر دعا کررہے ہیں۔

حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی کیلئے شیڈول جاری

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی کیلئے شیڈول جاری کردیا۔ واجبات کی دوسری قسط میں عازمین کو 6 لاکھ 50 ہزار روپے کی ادائیگی کرنا ہوگی، واجبات کی وصولی تین نومبر سے پندرہ نومبر تک کی جائے گی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین نامزد بینکوں میں قسط جمع کروائیں گے، قسط کی ادائیگی کرکے بینک سے رسید حاصل کی جائے۔ دوسری قسط کی عدم ادائیگی پر حج درخواست منسوخ کردی جائے گی۔

کراچی: ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مرادٹی کونسل کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

سوئی ناردرن کمپنی کو چند روز میں 4 لاکھ درخواستیں موصول

اسلام آباد (این این آئی) گیس کنکشن کھلتے ہی چند روز میں 4 لاکھ درخواستوں موصول ہوگئیں۔ ذرائع سوئی ناردرن گیس کمپنی کے مطابق مختلف ریجنز میں سروے کے لیے اسٹاف کم پڑگیا، اتنی بڑی تعداد میں درخواستیں آئی ہیں کنکشن فراہمی میں وقت لگے گا۔ حکام نے بتایا کہ نئے کنکشن کب لگیں گے ابھی اس بات کا فیصلہ نہیں ہوا، پہلے مرحلے میں درخواستوں پر صرف سروے ہوں گے۔ حکام کے مطابق پہلے آیئے پہلے پایئے کی پالیسی پر عمل ہوگا۔

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی اختر بی بی ملاقات کررہی ہیں

انتظامی ضروریات کے پیش نظر نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے: عبدالعلیم خان

وقت آ گیا ہے موجودہ 4 صوبوں کو 3، 3 حصوں میں تقسیم کیا جائے، وفاقی وزیر مواصلات

لاہور (این این آئی) وفاق وزیر وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ بڑھتی آبادی اور انتظامی ضروریات کے پیش نظر نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہوچکا ہے، وقت آ گیا ہے کہ موجودہ 4 صوبوں کو 3، 3 انتظامی حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ نجی ٹی وی کے مطابق عبدالعلیم خان نے کہا کہ موجودہ صوبوں کے نام کے ساتھ نارتھ، سینٹرل اور ساتھ استعمال کیا جائے، نئی انتظامی تقسیم عوامی مسائل کے حل کو ان کی دہلیز تک پہنچائے گی۔

کراچی پولیس چیف سے پاکستان سکھ کونسل کے وفد کی ملاقات

بابا گرونانک جی کے 556ویں جنم دن کی تقریبات کے موقع پر سکیورٹی، ٹریفک اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو سے پاکستان سکھ کونسل کے پیٹرن اِن چیف سردار رمیش سنگھ کی قیادت میں 4 رکنی وفد نے کراچی پولیس آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر گرونانک دربار کراچی سریش پسوانی، جواہر لال اور دیپک سنگھ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بابا گرونانک جی کے 556ویں جنم دن کی تقریبات کے موقع پر سیکیورٹی، ٹریفک اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پولیس چیف نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ تمام زائرین، شرکا اور مذہبی مقامات کی حفاظت کے لیے فول پروف سیکیورٹی اقدامات کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے گا۔ آخر میں وفد نے ایڈیشنل آئی جی کراچی کو تحائف پیش کئے اور شکریہ ادا کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بریسٹ کینسر صرف ایک طبی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سماجی ذمہ داری بھی ہے: سارہ احمد

مرض کی روک تھام، بروقت تشخیص اور علاج کے بارے میں آگاہی نہایت ضروری ہے، خطاب

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو ورکن صوبائی اسمبلی پنجاب سارہ احمد نے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں منعقدہ بریسٹ کینسر اسکریننگ ڈرائیو میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اسکریننگ ڈرائیو کا انعقاد فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کی جانب سے کیا گیا، جس میں بریسٹ کینسر اور اسکریننگ کی اہمیت سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ ڈرائیو کے اغراض ومقاصد پر تفصیلی بریفنگ دی۔